ہیلو مجھے چنئی کے اون لائن ٹکٹ لینا ہے پلیز.. موبائل کان سے لگا کر کاغذ پر کچھ لکھنے لگا

یس سر مل جائیں گی مگر تھوڑا لیٹ ملیں گی اوپ واس کے دن ہیں تبھی شاٹ ہیں سیٹس پرسوں کی لاسٹ ٹکٹ ہے رات کی پروفیشنل آواز میں لڑکی نے جواب دیا

نہیں کل تک کی چاہیے یہ تو دیر ہو جائے گی؟؟

سوری سر بس یہی باقی ہے پہلے سے ہی بک ہیں ..

اوکے ٹھیک ہے مگر. مجھے ارجینٹ جانا تھا؟! پریشانی کے ساتھ ہیسم نے کہا

اب نہیں ہو سکتا سر سیٹ کنفرم کروں ؟؟ لہجے میں اکڑ

اوکے کر دیں.. ہیسم نے پیشانی مسلتے ہوئے کہا

کارڈ نمبر لکھوادیں.... لڑکی نے ضروری باتیں پوچھنے کے بعد ٹکٹ کنفرم کر دی

شکریہ.. ہیسم نے موبائل بند کر کے رکھا

🖤🖤🖤🖤🖤🖤🖤

رات کھانا سادھنا نے دوریہ کو زبردستی کھلا کر بھیجھا وہ نانا کرتی رہی مگر سادھنا نے خود اس کے لیئے کھانا بنایا جب وہ واپس آئی تو ہیسم کمرے میں سونے جا چکا تھا

ابھی تک منہ پھلایا ہوا ہے.. دیکھو سو گیا کہ نہیں. جھانکنے کی کوشش کی مگر ناکام وہ دروازہ لاک کر کے پردہ گرا کر سویا تھا شاید

چلو بھئی اس نے تو جاگنا نہیں میں تو سو جاؤں..اپنے بستر پر ڈھیر ہونے کے انداز میں لیٹی

اب اتنا بھی بڑا قصور نہیں جب میں اس سے نہیں پوچھتی تو وہ کیوں پوچھتا ہے..منہ بنا کر سیدھے لیٹ گئ

میری زندگی بھی کتنی ترسی ہوئی ہے ایک ایک پائی کے لیے میں نے لوگوں کے بچے بھی سنبھالے ہیں آج بھی خالی ہاتھ ہوں کبھی ایسے خالی ہاتھ دنیا سے چلی جاؤں گی کیا پتا کب کہاں؟؟ چھت کو دیکھ کر انجانے میں اونچی آواز میں بڑبڑانے لگی

اوپلیز اب دکھی آتما بننے کی ضرورت نہیں ہے یہ بتاؤ کہاں گئ تھی..ہیسم پتہ نہیں کب کمرے سے نکل کر اسے دیکھنے آیا تھا ہیسم کی اچانک آواز پر دوریہ نے جلدی سے آنکھیں بند کر لیں

امی ہاں میں ٹھیک ہوں..دوریہ نے بند آنکھوں سے کہا ایسا جیسے میں نیند میں بول رہی ہوں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

لاونیہ...ہیسم نے آنکھیں مل کر اسے دیکھا

نہیں یہ سوٹ اچھا نہیں ہے نیا لے کر آؤ گی.. دوریہ کی زبردست ایکٹنگ پر ہیسم کا من اسے آسکر دینے کا کر رہا تھا

نالائق کہیں کی..بڑبڑا کر اسے لعنت دے کر چلا گیا

شکر..سکون کا سانس لیا یہ بندہ آدھی رات کو بھی اسپائے ڈیوٹی دے رہا ہوتا ہے اب سے منہ پر ٹیپ لگا کر پھروں گی کیا پتا بناہڈی کے زبان کب پھسل جائے..دوریہ نے منہ تک چادر تان کر چھپ کر اسے دیکھا جو کچن میں کھڑا دھیمی سیٹی بجاتا کچھ کر رہا تھا

♥♥♥♥♥♥♥♥

دوریہ صبح صبح کہیں غائب ہو گئی تھی ہیسم اٹھا تو میسج باکس میں دو میسج تھے ایک کل رات کا دوسرا صبح کا تھا میسج آن کیا

Posted on Kitab Nagri

میں سادھنا آنٹی کے گھر جارہی ہوں پہلا میسج ختم ہوا دوسرا شروع ہوا

میں شام کو واپس آؤں گی...بس میسج ختم ہیسم نے گھڑی پر وقت دیکھا تو صبح کی پانچ بج رہے تھے

کہاں جاسکتی ہے..اپنا فون آن کر کے لوکیشن دیکھی تو شہر کے اندر ہی موجود تھی

چلو دیکھتا ہوں کب تک آتی ہے..لوکیشن کا ریڈ ڈاٹ دیکھتا کپڑے بدلنے لگا ایک سگریٹ جلا کر کش لیا اور دھواں ناک کے زریعے باہر نکالا

فائل اور لیپ ٹاپ اٹھا کر بیگ میں رکھا اور فلیٹ کو لاک کر کے بلڈنگ سے باہر نکلا بچے کھیل رہے تھے کچھ بچوں کی مائیں بھی اس کھلے سے لان میں بیٹھی نگرانی دینے کے ساتھ خوش گپیاں کر رہی تھیں صبح کا حسین وقت بچے ایکٹو لگ رہے تھے

ہیسم کے راستے میں بھی کھیلتا بچہ آیا جیسے ہیسم نے پیار کے آگے بڑھ گیا

♥♥♥♥♥♥♥

صوفیہ مرزا خان نام ہے لڑکی کا.. نوٹ پیڈ پر چلتا پین کبھی رکتا تو کبھی تیزی سے لکھنے لگتا

پیدائش دہلی میں ہوئی ہے اور مرنے کا کہاں ارادہ ہے.. مسکرا کر اس کی گول گپا سی تصویر کو دیکھا

یار مزاخ کر رہی ہوں چوری کرنی ہے تمہاری عظیم محنت وہ کیا ہے نا انڈین بڑے چور ہوتے ہیں مجھے بھی یہاں کا پانی لگ گیا ہے تم لوگ جو ہمارے پروجیکٹ چراتے ہو ہمیں بھی خدمت کا موقع دو.. دوریہ اسکرین پر چمکتی اس کی تصویر سے مخاطب تھی

تم مسلم ہو تمہاری یہاں ویلیو نہیں ہے مگر I swear if you in Pakistan army part then you are heroin

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پاکستان میں تم سے ذیادہ ٹیلینٹ ہے مگر ہم پر قرضہ بڑا چڑھ گیا ہے پچھلے کرپٹ حکمرانوں کی وجہ سے اب بچارہ عمران اکیلا کیا کیا کرے.. دوریہ نے دکھی انداز میں لیپ ٹاپ بند کیا شام کے سائے لہروں کی صورت چھا چکے تھے مگر پورا دن صرف صوفیہ مرزا کی انوسٹیگیشن کی وجہ سے تھکن سی ہو گئی تھی

پرس میں کچھ پیسے پڑے تھے جو وہ گھر سے لائی تھی ائیر پورٹ پر کرنسی تبدیل کرنے کے بعد اور کم ہو گئے تھے پاکستانی روپیہ کمزور ہے تھوڑا

اب گھر جاؤں گی تو وہ خود بھوک سے مر رہا ہو گا اس سے اچھا ہے کہیں باہر سے ہی کھالوں.. پرس کندھے پر لٹکاتے ہوئے سوچنے لگی

♥♥♥♥♥♥

ہیسم کی سرمئی آنکھیں سرخ ہو چکی تھی لیپ ٹاپ کی مضر روشنی لگنے کے باعث سر میں بھی درد کی ٹیسیں اٹھنے لگی وقت دیکھا تو کام کرتے پتہ ہی نہیں چلا شام ہونے کو آئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

سینے میں جلن کیوں ہو رہی ہے.. ہیسم نے بیگ کی زپ بند کی اور ایک ہاتھ سے سینے کو مسلنے لگا

اُفف.. ایسا لگ رہا ہے آگ لگ گئی ہے شرٹ کے اوپر کے بٹن کھول کر پھونکیں مارنے لگا

لگتا ہے اب گھر جا کر ٹھنڈا اسا شاور لینا چاہئے..ہیسم اس وقت ایک سرکاری آفسر کی اسٹڈی روم میں چھپکے سے گھس کر انفارمیشن لے رہا تھا آج پورا دن یہیں گزرا تھا

اب دیوار پھلا گنے کو ہوا ہی تھا لوہے کی لمبی سی تار سینے میں گھس گئ سد شکر زیادہ اندر نہیں گئ مگر اس جگہ سے شرٹ پھٹ چکی تھی خون بلیو شرٹ پر کالا داغ بننے لگا ایک اور تکلیف سمیت وہ فلیٹ کے لیے نکلا

قسمت ہی خراب ہے آج پتہ نہیں لاونیہ نے کھانے کو کچھ رکھا ہو گا کہ نہیں کہہ تو رہی تھی شام کو آؤ گی... چوٹ پر ہاتھ رکھے مین روڈ تک آیا

🖤🖤🖤🖤🖤🖤

دور یہ چھوٹے سے ڈھابے سے کھانا کھانے کے بعد مٹر گشت کرنے میں مصروف تھی

دور اسے ایک چمکی کار نے کی ہیڈ لائیٹس نے متوجہ کیا خاص بات یہ تھی کار میں موجود لڑکی کو پہلے بھی کہیں دیکھ چکی تھی

یہ کون ہے ایسا لگتا ہے اسے کہیں دیکھا ہے مگر کہاں ہم یاد کیوں نہیں آرہا شاید ہاں ہاں یاد آیا یہ تو نیٹ پر دیکھا تھا سی ایم اوف کلکتہ کی بیٹی ہے مگر یہ یہاں وہ بھی بغیر سکیورٹی کے... دوریہ نے سوچتے ہوئ سینے پر ہاتھ رکھا درد کی سرد لہر تھی جو اچانک آکر پورے وجود کو لپٹ کر چھوڑ گئ

فلیٹ جانا چاہئے دیر ہو چکی ہے پہلے ہی.. بندوق کو پرس میں ہاتھ سے ٹٹول کر تسلی کی

♥♥♥♥♥

بلڈنگ پہنچی تو وہی لڑکی کی کار اسے کھڑی نظر آئ وہ اس میں بیٹھی ملازم سے کچھ کہہ رہی تھی دوریہ اگنور کرتی لفٹ کے زریعے فلیٹ پہنچی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

فلیٹ روشن تھا مطلب وہ آچکا تھا

دبے پاؤں اندر آئ اور پرس کو بیڈ کی نیچے رکھا

آہ.. آہ.. ھیسم کے کمرے سے ہلکی کراہوں کی آواز آرہی تھی

شوون کیا ہوا تم o my god... یہ کیا ہوا.. اتنا خون بہہ رہا ہے.. دوریہ پوچھتی اندر آئی تو وہ شرٹ اتارنے کی کوشش کر رہا تھا زخم پر لگا خون شرٹ سے چپک گیا تھا تبھی تکلیف دے رہا تھا

تم جاؤ میں خود کر لوں گا شکریہ... ہیسم نے اس کے بڑھتے ہاتھو کو جھٹک کر رخ موڑا

شوون پلیز کہا نہیں جاؤں گی تمہارا پیٹ ادھر دیکھاؤ تو شرٹ سے پکڑ کر موڑنے کی کوشش کرنے لگی

آؤ پلیز چھوڑو.. آنکھیں میچ کر درد سہنے کی کوشش کرتا ڈھیلا پڑ گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بیٹھو ادھر میں پانی لاتی ہو اس سے نرم کر کے اس چپکی ہوئی شرٹ کو ہٹاتے ہیں اوکے.. دوریہ نے نرمی سے ہیسم کے کاندھے پر ہاتھ رکھ کر کہا تو ہیسم سر اثبات میں ہلانے لگا

دوریہ پانی لائی روئی اس میں ڈبو کر ملائم انداز میں اس کے بہت قریب ہو کر بیٹھی اس کا زخم صاف کرنے لگی

کیسے لگی.. دوریہ نے شرٹ آخری بٹن کھولا تو اس کی انگلیاں ہیسم کے ایبز سے مس ہو گئ ہیسم نے جھر جھری لی

پتہ نہیں..ہیسم جواب دینے کے موڈ میں نہیں تھا

یہ نرم ہو چکا ہے مگر تھوڑا درد کرے گا برداشت کرنا.. دوریہ نے اس کے بنا چوٹ والے سائڈ کے کاندھے پر سیدھا ہاتھ رکھ کر سرکایا تو شرٹ ہاتھ کے ساتھ سرک کر نیچے ہو گئ دوریہ ساتھ ساتھ اس کے تاثرات بھی دیکھ رہی تھی

اب بھلے آنکھیں بند کر لیں مشکل مرحلہ آگیا ہے.. دوریہ نے اسے ڈرانے کی کوشش کرتے ہوئے چوٹ والے حصے کے کاندھے پر سیدھا ہاتھ رکھا اور اب کی بار احتیاط سے سرکانے لگی ایک ایک بدستور اس کے الٹے کاندھے پر تھا دوسرے سے شرٹ زخم سے نیچے ہونے لگی تو آنکھیں بند کرنے لگا تبھی وہ بے حد قریب بیٹھی نشلی آنکھوں میں ڈوب گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

لمحوں کا فسوں تھا یا درد کی شدت دل اسے سینے سے لگانے کو مچلنے لگا دوریہ بھی جکڑ گئ اس کی سرمئ تکلیف سے سرخ ہوتی آنکھوں کے سحر میں

بے اختیار دونوں مزید پاس ہوئے روشنیاں ان پر فوکس ہو گئ سانسوں کی دلفریب مہک چہرے پر سجنے لگی لمحوں کی قید اب مزید گہری ہونے کو تھی ہونٹ جڑنے کو تھے ئے صبر کا پیمانہ لبریز ہونے لگا

آگ بھڑکنے لگی ہیسم نے دوریہ کے کاندھوں پر موجود ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھا دوریہ کی براؤن آنکھو کا نشہ بھکنے لگا

ٹین ٹونگ... سحر ٹوٹا تلسمی ہالہ بکھر گیا اندھیرا چھا گیا دوریہ بے تاثر چہرہ لیۓ کھڑی ہوئ

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں دیکھتی ہوں آپ آرام کرو کسی چیز کی ضرورت ہوئ تو بتانا.. دوریہ کے اجنبی آنکھوں میں صرف انسانی ہمدردی کا تاثر رہ گیا باقی سب ہوا میں تحلیل ہو چکا تھا

بچارہ بغیر تیاں کرنے کے آسرے میں بیٹھا ہوا تھا... دوریہ نے دل میں سوچ کر شکر ادا کیا وقت دستک ہو گئ

منحوس کہیں کی اتنا پاس آکر پگلا ہی چھوڑا تھا آج اللہ نے بچایا قسم سے ورنہ کسر نہیں چھوڑی تھی میرے ترے نکالنے کی..ہیسم ابھی بھی اس کے سحر میں گرفتار تھا مگر سنبھل چکا تھا

🖤🖤🖤🖤🖤🖤

کون..دوریہ نے دروازہ کھولنے سے پہلے پوچھا مگر جواب سنے بغیر ہی دروازہ کھول دیا

نمستے..ایک آدمی ہاتھوں میں تازہ خوشبودار گلدستہ اور دوسرے میں کچھ شاپر پکڑے دوریہ کی طرف بڑھاتے ہوئے بولا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نمستے یہ کس لیئے..دوریہ نے نا سمجھی سے گلدستہ اور شاپر کو دیکھا

یہ میڈم دیپا نے شوون صاحب کے لیئے بھجوائے ہیں اور یہ کارڈ ہے ان کا شوون صاحب سے کہیئے گا دیپا میڈم کو کال کریں اس نمبر پر آدمی نے کارڈ بھی اسے پکڑوا کر ہاتھ جوڑ کر اجازت طلب نظروں سے دیکھنے لگا

دوریہ نے بھی مشکل سے ہاتھ جوڑ کر اجازت دی ..

آگ ئے محبت نامے جناب کے اتنی سی چوٹ پر اتنا سب واہ بھئی ایک ہم ہیں چوٹ لگتہ ہے اوپر سے بیستی بھی ہو جاتی ہے.. دوریہ نے کارڈ اور گدستہ ٹیبل پر رکھے شاپر میں کچھ کھانے کو تھا تبھی فریج میں رکھ کر لائیٹ اوف کر کے بستر پر آکر بیٹھ گئ

اوہو میں نے دوا تو دی ہی نہیں لگانے کو اب بیٹھا دل ہی دل میں بد دعائیں نکال رہا ہو گا چلو میں بلا سے جو کارڈ پھول بھیج سکتا ہے وہ آکر دوا دواروں بھی کر سکتا یے مجھے کیا اپنے سر مصیبت لینی ویسے بھی دیکھ تو ایسے رہا تھا جیسے میں نے اسکی چوری کر لی ہو.. سوچتے ہوئے کروٹ پر لیٹی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تبھی گھنی مسنی آئ تھی لش پش گاڑی میں شوون میں ایسی کون سی خوبی ہے جو وہ اس کے پیچھے پڑ گئ ہے.. سو خیال وسوسے انسان رات کو سوچتا یے مگر صبح سب بھول بھالکر اپنے مطلوبہ کاموں کو شروع کر دیتا ہے

❤❤❤❤❤❤❤

دوریہ خوابوں میں جھولے جھول رہی تھی وہ ہوا میں جاتی اور پھر لہراتی ہوئی واپس آجاتی ہر بار اوپر جانے پر ایک کروٹ لیتی

ہیسم کو چائے کی طلب ہو رہی تھی وہ باہر آیا تو دوریہ کو بستر پر ہلتا ڈھلتا دیکھ کر رک گیا

اسے کیا ہو گیا ہے ناگن ڈانس کیوں کر رہی ہے بستر پر ہیسم تو نہیں جانتا تھا وہ خوابوں میں جھولے کھا رہی ہے ایک کروٹ مزید اسے مہنگی پڑ سکتی تھی

ایک بار پھر وہ ہوا میں اڑی اور بستر سے دھڑام نیچے ہیسم کا بے اختیار قہقہہ بلند ہوا وہ اپنی ہنسی کنٹرول نہیں کر پایا اتنی ہنسی آئی کہ پیٹ پر بل پڑنے لگے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اوئی امی میرا سر... کیا ہو گیا زلزلہ تو نہیں آگیا کہیں.. دوریہ بچوں کی طرح بلبلاتی سر پکڑ کر بیٹھ گئی

یہ ہنس کون رہا ہے اتنا زور سے چلائی ہیسم کی رکتی ہنسی مزید تیز ہو گئی ہیسم چھپ کر کچن میں گھس گیا

براہوا بے چاری کے ساتھ ناریل جیسا سر پھوٹ گیا.. منہ پر ہاتھ رکھ کر چوری چھپے اسے دیکھنے لگا

زمین پر ٹانگیں لمبی کر کے بیٹھی بستر کو لاتیں مار رہی تھی

تجھ پر نہیں سوؤں گی آئندہ گندا تھو تھو بیڈ کو لاتیں مار رہی تھی تبھی دروازے کی گھنٹی بجی

لاونیہ اٹھو دروازہ کھولو..ہیسم نے آواز لگائی

اچھا...منہ بنا کر سر کھجاتی اٹھی دروازہ کھولا

تم ابھی تک تیار نہیں ہوئی میں تو سمجھی نکل چکی ہو گی مگر تم تو تیار ہی نہیں ہوئی جلدی کرو پو جا کا وقت نکل جائے گا یاد ہے آج اوپ واس ہے سادھنا نے اسکے بگڑے حلیۓ کو دیکھا

اوہو تم تو بھول ہی گئی اس پر سو آپ نے بتایا بھی تھا بس ایک منٹ آپ ادھر بیٹھیں میں تیار ہو کر آتی ہوں..
دورایہ شرمندہ کو کر جلدی سے اسٹور روم کی طرف بڑھی .

ہیسم نے دوریہ کے لیے بھی چائے رکھی تھی مگر شاید وہ سادھنا کی قسمت کی تھی چائے کپوں میں ڈال کر باہر آیا

نمستے .. کیسی ہیں آپ .. ہیسم نے کپ پکڑوایا

بیٹا اس کی کیا ضرورت تھی اب تو آنا جانا لگا ہی ہے

کہیں جا رہی ہیں آپ دونوں .. ہیسم نے دوریہ کو بیگ چھپا کر کمرے میں جاتا دیکھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں مندر جا رہے ہیں آج اوپ واس کی دو پوجا ہیں ایک کل ہے اور آج ہے آج کی سہاگنیں واس رکھیں گی اپنے سہاگ کی لمبی عمر اور رکشہ کے لیے رات کو چاند دیکھ سہاگ کے ہاتھ سے توڑیں گی لاونیہ کہہ رہی تھی اس کی پہلی اوپ واس ہے تو ماں ہے نہیں سمجھانے میں نے سوچا میں ہی یہ شب کام کر لوں .. سادھنا نے چائے کی چسکی لیتے ہوئے تفصیل سے بتایا

اچھالاونیہ نے بھی رکھا ہے؟؟..ہیسم کو کچھ عجیب سا احساس جاگا

ہاں اس نے بھی رکھا ہے اس میں چولہے کی بنی چیزیں نہیں کھاتے ویسے کچھ سہاگنیں تو پھل بھی ڈر سے نہیں کھاتیں..سادھنا نے سمجھانے کے انداز میں کہا

اچھا آپ ایسا کریں مندر کا ایڈریس دے دیں میں لے آتا ہوں آپ کو بھی دیری ہو جائے گی ہیسم نے چائے کا سپ لیا اور کمرے کے دروازے کو دیکھا

ہاں تم صحیح کہہ رہے ہو بلڈنگ کے الٹے ہاتھ پر دو تنگ گلیاں ہیں ان سے نکل کر مین روڈ پر کے دوسری طرف ہے سادھنا اٹھتے ہوئے بولی

میں لے آؤں گا ہیسم بھی کپ رکھ اٹھا

مجھے تھوڑا کام بھی ہے تبھی..سادھنا کہتی مسکرا کر نکل گئی ہیسم دروازہ بند کرتا کمرے میں آیا

تمہاری جانے کے چانسز ہیں کہ نہیں.. دوریہ کھلے بال ٹاول سے رگڑتی واش روم سے نکلی ہیسم نے کہا

بس ریڈی ہو گئی.. آپ سادھنا آنٹی کو کمپنی دو.. منگل سوتر جلدی سے گلے میں پہنا میں سندور کی ڈبی بیگ سے نکالی

تم جا رہی ہو تو مشن کا کیا بنے گا ہیسم نے نا محسوس انداز میں سندور کی ڈبی لی اس سے

آکر کرتی ہوں کچھ ابھی تو جا رہی ہو.. دوریہ اس کی طرف مڑی ڈبی کے لیے ہاتھ آگے کیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اچھا ٹھیک ہے پھر.. ہیسم ڈبی کھولنے لگا آج میں گھر پر نہیں ہوں گا تم مندر سے سیدھا گھر آنا.. انگوٹھے سے سرخ رنگ لیا اور اس کی مانگ میں لگایا کوئی ایک تو رہے گھر لوگ کہیں گے دنوں غائب ہو جاتے ہیں الگ الگ ہو کر.. ڈبی بند کر کے واپس ڈریسنگ پر رکھی

لاونیہ تم نے واس رکھا ہے کیا ہیسم نے خوش فہمی کے زیر اثر سوال کیا

میں کیوں رکھوں جھوٹ بولا ہے آنٹی کو اب سچ میں ہندو تو نہیں.. دوریہ شیشے میں دیکھ کر سامان پرس میں رکھنے لگی

ٹھیک کیا... ہیسم پیچھے مڑا چڑیل کہیں کی جھوٹ ہی بول دیتی مجھے بھی منہ میں اسے سناتا وہیں کھڑا ہو گیا

اچھا ٹھیک ہے.. دوریہ کو ہیسم کا سندور لگانا کچھ ہلچل مچانے لگا وہ سوچ بھی نہیں سکتی تھی

جلدی کرو میرے پاس وقت نہیں اب ناگن مت بن جانا... ہیسم اس کے گھنے براؤن سکلی کھلے بالوں میں مدہوش ہونے لگا

اوکے بائے.. نکل کر باہر آئی تو سادھنا غائب تھی

ہیسم بھی پیچھے سے باہر نکلا

چلو میں چھوڑ آتا ہوں وہ چلی گئ ہیں.. ہیسم کف بند کرتا اس سے مخاطب ہوا

سڑیل بہانے کر رہا ہے مجھے بچا بنانے کے میں بچی نہیں ہوں.. سوچتے ہوئے مڑی

شکریہ میں جا رہی ہوں پرپل ساڑی پر ڈوپٹے جیسی شال کے نیچے چپل پہنے کر بالوں کو کیچر سے سمیٹ کر بیچ میں لگایا باقی بال کھلے تھے

منہ بنا کر اسے دیکھا یہ سمجھتی کیا ہے خود کو جائے جائے مندر کا راستہ بھی پتہ نہیں اسے گھم ہو جائے بھلے کف واپس کھول کر ورک روم کا لاک کھولتا اندر گھس گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اپنا باہر جانے کا ارادہ ترک کر دیا

پوچا کہ بعد سادھنا کی بیٹی اس کے پاس ہی کھڑی تھی

تم چلو گی؟؟ پربھاتا نے گھم سم سی کھڑی دوریہ کو بلایا

کہاں؟؟ دوریہ نے مڑ کر دیکھا

شر دھا کا آرمی کزن آرہا ہے وہ ائیر پورٹ جا رہی ہے میں بھی جا رہی ہوں چلو تم بھی مزہ آئے گا.. پربھاتا نے تالی بجا کر کہا شر دھا اس کی دوست تھی دونوں کی بہت بنتی تھی

او کے ٹھیک ہے چلتے ہیں... اسے کہہ کر ساتھ ہوئی مگر خوشی یا مزے کا تاثر لیے بغیر

مجھے گھر میں اس کھڑوس کا چہرہ بھی نہیں دیکھنا

♥♥♥♥♥♥

میں زرا واش روم ہو کر آتی ہوں.. ائیر پورٹ پہنچ کر وہ بہانہ کر کے نکلی

واش روم میں جا کر منگل سوتر اتار کر پرس میں ڈالا منہ دھو کر سندور مٹایا پرس میں سے لپ اسٹک نیچرل کلر کی لگائی شال کو اتار کر لپیٹا اب شادی شدہ کا اثر ختم ہوا مگر ساڑی اس کی ایج پر سوٹ نہیں کر رہی تھی لگ تو حسین رہی تھی

واپس نکل کر ان لوگوں سے زرا فاصلے پر کھڑی ہو گی آنے والا دور سے ہی نظر آ گیا مہنگا سوٹ پہنے گا گلز چہرے پر سجائے برینڈڈ گھڑی

ہائے.......واؤ... سونائیس.. شردھا کی دوستوں کی آہیں

شردھا یار بہت ہینڈسم ہے تیرا کزن کیا نام بتایا تھا.. ایک لڑکی کی ترسی ہوئی آواز آئی

کارتک روشمل آرمی آفیسر رینک سکینڈ لیفٹیننٹ لڑکیوں کا لیٹیسٹ کرش ہے یہ... شردھا کی مغرور ادا دور یہ بے نیاز ہو کر مزید فاصلے پر کھڑی ہو گئ

لگتا ہے انہوں نے شوون کو نہیں دیکھا اسے دیکھ آہیں نکل رہی ہیں شوون کو دیکھ کر تو چپک ہی جائیں گی اس کے ساتھ ویسے اس کا حق تو بنتا ہے ایک بار شو آف ہونے کا ان سب کو کھانے پر انوائیٹ کر دوں گی مسکرا کر سوچنے لگی

ہیلو شردھا تم کیسے آئی ہو میں نے منع تو کیا تھا کارتک نے شردھا کے ساتھ لڑکیوں کے فوج کو دیکھا

کارتک یہ تم سے ملنے چاہتی تھیں.. شردھا نے ایک ناک سے مکھی اڑا

اوکے مجھے ایک امپوٹینٹ کال کرنی ہے اسکیوز می.. کارتک ان سے فاصلے پر ہوا نمبر ڈائل کرنے لگا دھیرے قدموں سے چلتا کسی سے ٹکرایا

اوپس سوری.. کارتک نے فون نے نظریں اٹھا کر دیکھا تو قدم زنجیر ہو گ ۓ مکمل آتش فشاں حسن کارتک کی زبان تالو سے چپک گئ وقت ٹھہر سا گیا

اٹس اوکے مگر گاگلز اتار کر چلیں اندھوں کی طرح نہیں دور یہ سنجیدگی آنکھوں سے مخاطب ہوئ کارتک پاز ہو چکا تھا

اوئے ہوش میں ہو.. دوریہ نے چٹکی بجائی کارتک کا مراقبہ ختم ہوا

ہاں جی جی.. سوری وہ میں نے آپ کو دیکھا نہیں.. کارتک نے ہاتھ آگے بڑھایا

دوریہ ہمم کرتی آگے بڑھ گئی کام ہو گیا واش روم میں گھس کر منگل سوتر پہنا سندور ڈالکر واپس لڑکیوں کے ہجوم میں گھس گئی

تم کہاں گئی تھی یار مس کر دیا... وہ باتوں میں مشغول ہو گئی

گفٹ کیا ملے گا تمہیں واس کا... پربھا تا نے باتوں درمیان پوچھا

پتہ نہیں.. دل دکھی ہونے لگا وہ دیتا ہے گفٹ دے ہی نا دے وہ واس کھولنے تک رک جائے بڑی بات ہے سوچ کر رہ گئی

کشن کے چار گھر تو صرف گواہیں ہیں یہ بندہ لگ جائے ہاتھ تب پتہ چلے گا آگے کے لوگوں کے بارے میں..

دوریہ کب گئی اس نے دروازہ بند کر کے دیکھا بھی نہیں کام میں لگ گیا رات کو گوا جانا تھا اس کی تیاری کرنے لگا

یار ہتھارا ابھی تک پہنچے ہی نہیں کیا کروں نہتا تو نہیں جا سکتا خود کلامی کرتا بیگ میں کپڑے رکھنے لگا دوریہ باہر موجود سن چکی تھی

شوون کہاں ہو؟؟ دوریہ اندر آئی

ہاں بولو یہیں ہوں اگر آنکھیں کام کر رہی ہیں تو.. ہیسم جل کر گویا ہوا

www.kitabnagri.com

کہیں جارہے ہو پیکنگ شیکنگ.. دوریہ نے لہجہ نرم رکھنے کی کوشش کی ورنہ اس کا جواب تپانے کو کافی تھا

کیوں تمہارا روکنے کا ارادہ ہے کیا برا سا منہ بنا کر جواب دیا

وہ میرا ناگفٹ دے کر جانا سادھنا آنٹی کی بیٹی کو دیکھانا ہے ..

او میڈم کون سا گفٹ کہاں کا گفٹ تم مجھے اچھی بڑی لگتی جو میں تمہیں گفٹ دیتا پھروں نکلو چلو.. کہاں کہاں سے آجاتے ہیں.. کھری کھری سناتا آخر میں بڑبڑانے لگا

اپ واس کا گفٹ کہہ رہی تھی... دوریہ نے واپس مڑتے ہوئے کہا

تم نے کون سا اصلی کار کھا ہے جو تمہیں گفٹ چاہئے..ہیسم نے اس کی پشت کو دیکھ کر کہا

اچھا.. دوریہ خشک لبوں پر زبان پھیرتی باہر نکلی

ہیسم کا موبائل بجنے لگا ایجنسی سے فون تھا

ہیلو.. فون کان سے لگایا

تم نے کشن نام کے آدمی کا بتایا تھا اگر تم روپ بدل کر جاؤ تو پہنچ سکتے ہو.. مقابل نے جواب دیا

پلیز یار اب کچھ عرصے کے لیے ہی سہی کسی کا پتی شری مان ہوں مجھے ان دنوں کھسرا بننے کا آڈر بلکل مت دینا کتنا برا لگوں گا اس کے سامنے میک اپ اور لمبے بالوں کی وگ پہن کر.. ہیسم نے اپنا سر پیٹتے ہوئے کہا

تو ہم کون سا تمہیں اس کے سامنے بننے کا کہہ رہے ہیں کشن تک آسانی سے پہنچنے کا طریقہ ہے تم مرد بن کر جاؤ گے تو پکڑے جاؤ گے اس لیے بن جاؤ... یہ اس کا مشن پاٹنر ابسام تھا جس کا لہجہ شرارت سے بھرپور تھا

یہ لوگن آپ کو اس کی زیادہ ضرورت ہے اب تو جب تک آپ واپس نہیں آتے میں یہیں فلیٹ میں ہی رہو گی... دوریہ نے اچانک انٹری ماری ہیسم نے فون کو دیکھا

پہلے ہی عزت کا فالودہ بن رہا ہے یہ اور ہی کچھ بنا رہی ہے.. مدد طلب نظروں سے دیکھتا سوچنے لگا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نہیں تم رکھو میرے پاس کچھ اور ہتھیار ہے.. ہیسم نے فون کان سے لگا کر کہا

آپ رکھ لیں پلیز.. دوریہ نے گن بیگ میں اچھالی

کیوں رکھوں.. ہیسم نے فون بند کر کے دوریہ کو بازو سے پکڑ کر سامنے کیا

I think آپ کو ضرورت ہے اس کی

دوریہ نے بازو پر اس کے ہاتھ کو دیکھا

اوکے شکریہ ہیسم نے اس کا بازو چھوڑ کر بیگ بند کیا

اور واپس ورک روم میں چلا گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

چاند نظر آ چکا تھا دوریہ کانوں میں بالیاں ڈالتی خود کو شیشے میں دیکھتی نک سک سے تیار کھڑی تھی بھوک پیاس سے جان منہ کو آرہی تھی

ہیسم کے روم کھلنے کی آواز آنے لگی دوریہ بھاگ کر باہر بنے ٹیرس پر کھڑی ہو گئ جہاں پوچا کی تھالی کے ساتھ گول چھان بھی پڑی تھی

پانی کا خاص چھوٹا سا برتن دوریہ نے ارد گرد کے ٹیرس پر بھی دیکھا رونق بنی ہوئ تھی سب پتنیاں پتی کے ہاتھوں پانی پی رہیں تھیں کوئ ابھی جالی سے دیکھنے میں مصروف تھی تو کوئ آرتی اتار رہی تھی

واؤ کتنا پیارا ہے یہ سب.. دوریہ نے اشتیاق سے اوپر نیچھے سب کو دیکھا

کب آئے گا..پیاس سے گلا کانٹوں کی طرح ہو رہا تھا

افف آ بھی جاؤ اب پیاس سے ہلاک ہو جاؤں گی ہاتھ میں چھان پکڑے چاند کو دیکھنے لگی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

لاونیہ میں جارہاہو ایک ہفتے تک واپس آجاؤں گا ضرورت پڑی تو فون کر لینا ہیسم بغیر ٹیرس میں دیکھے دروازے سے نکل گیا رونق ختم چھان چھوٹ کر گر گیا

وہ چلا گیا بنا ملے نہیں ایسا کیسے ہو سکتا ہے. دوریہ نے پیچھے مڑ کر دیکھا دروازہ بند ہو چکا تھا

ٹریس پر کھڑی عورتیں اب اسے اپنا مزاخ اڑاتی نظر آنے لگیں خود کو کمپوز کیا آنکھیں توہین کے احساس سے سرخ خون بننے لگیں چہرے سے بھاپ اٹھنے لگی

اوہو اتنا کام باقی ہے میں کن کاموں میں پڑ گئی رنجیدہ سی مسکراہٹ سے سر پر ہاتھ مارا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مجھے ابھی تک صوفیہ مرزا کے ٹھکانے کا پتہ نہیں چلا.. آج اس کی تفصیل کے ساتھ کچھ پرانا کام بھی کر دوں گی..
سرخ لپ اسٹک کو ڈوپٹے سے مسل کر ہٹایا چوڑیا بے خیالی میں نکالتے وقت ٹوٹنے لگیں پیاس خود ہی ختم ہو گئی بھوک بھی اڑ گئی

بالوں سے گجرا نوچ کر پھنکا

بڑا آیا لومڑو... کمینہ اللہ کرے کسی گاڑی کے نیچے آ جائے اللہ کرے کسی کھڈے میں گر جائے اللہ کرے بچے کے ہاتھوں پٹ جائے. اللہ کرے پیٹ میں درد اٹھے تو باتھ روم نا ملے رونا آ جائے.. اونچی اونچی آواز میں اسے بدعائیں دینے کے بعد لمبا سانس لیا

اللہ نہیں مزاخ کر رہی تھی بس آخری بدعا قبول کرنا باقی نہیں..ہاتھ جوڑ کر معافی مانگی اللہ سے

فون کی رنگ سن کر بیڈ کے پاس آئی

یہ کس کا نمبر ہے بالیاں اتاری آج حد سے زیادہ خوبصورت لگ رہی تھی ہلکے میک اپ اور تیز لپ اسٹک میں قاتل حسینہ لگ رہی تھی ساڑی بھی آج وہی گلابی پہنی تھی

ہیلو..فون کان سے لگایا آواز میں کپکپاہٹ تھی مگر پتہ نہیں کیوں

ہیلو میں کارتک.... دوریہ کی آنکھیں پھٹ گئی اس نے کیوں فون کیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

samiyach02@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Page/Social Media Writers .Official

Fb/Pg/Kitab Nagri

samiyach02@gmail.com

whatsapp No : 0316-7070977

کون؟؟ دوریہ نے بڑی ہی ٹیکنیک سے آواز کو اجنبی بنا کر پوچھا

او آئی ایم سوری بتانا بھول گیا آج صبح ہی ہم ائیر پورٹ پر ملے ہیں یاد کریں تو میں نے آپ کا پتہ شردھا سے پوچھا سوری مگر بلڈنگ انتظامیہ سے آپ کا نمبر بھی لے لیا.. کارتک نے صاف گوئی کرتے ہوئے لہجے میں شرمندگی بھری

او کے اچھا تو یہ سب کیوں کیا آپ نے میرا نمبر لینے کا مقصد.. دوریہ اٹھ کچن میں گئی

آئی تھنک یہ باتیں ہم ڈنر پر بھی کر سکتے ہیں آج اگر تم چاہو تو... کارتک نے لمحوں میں آپ سے تم تک کا سفر تے کیا

او کے مگر تمہیں کس نے کہا میں تمہارے ساتھ ڈنر پر جاؤں گی دوریہ نے بھی لحاظ رکھنا گوارا نہیں کیا پانی کا گلاس بھرا مگر اس کی بات پر واپس سلیپ پر رکھا

I think you won't talk with me

مجھے تمہاری آواز میں دکھ محسوس ہو رہا ہے شاید تمہیں اچھا لگے.. کارتک بلا کی محتاطی سے مخاطب ہوا

اچھا لگتا ہے پنڈت ہو تم جو آوازیں پہچان رہے ہو ٹھیک ہے کہاں آنا ہے دوریہ نے مسکرا کر فون کو دیکھا

نہیں پنڈت نہیں مگر ایک عاشق ضرور بن چکا ہوں

آنا نہیں ہے لینے آ رہا ہو راستے میں ہوں پانچ منٹ لگے گیں..کارتک نے گہرا سانس لے کر کار کی اسپڈ بڑھائی

او پلیز فلمی ڈائلوگز مجھے انپرس نہیں کر سکتے ویسے واؤ بغیر سوچے نکل بھی گئے ہو..دوریہ تعریف کیے بغیر رہ نا سکتی فون بند کر کے حلیہ درست کیا پینٹ پر بلیک ٹی شرٹ پہن کر بالوں کو برش کر کے کھلا چھوڑ دیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

فون پھر بجنے لگا..ہاں اب کیا ہوا..کان سے لگایا

نیچے سلور کار میں ویٹ کر رہا ہوں جلدی..کارتک نے گلاسز اتار کر ڈش بورڈ پر رکھے

Posted on Kitab Nagri

اوکے فاسٹ ہو... دروازہ لاک کر کے لیفٹ کی طرف مڑی مسکراہٹ مزید گہری ہو گئ

کارتک پہنچی تو کارتک باہر کھڑا اسی کا انتظار کر رہا تھا

تم بھی تیز ہو اور بہت پیاری لگ رہی ہو.. کارتک نے اسکی طرف کا دروازہ کھول کر اسے بٹھا کر تعریف کر ڈالی

تھنکس.. دوریہ مسکرا کر گویا ہوئی

♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥

پہلا دن ہے اور لپ اسٹک مجھ پر کتنی سوٹ کر رہی ہے کہیں کوئی عاشق نا ہو جائے میرا.. ہیسم لش پش ساڑی پہنے لمبے بالوں کو پیچھے کرتا ایک ادا سے شیشے میں نظر آتے عکس سے مخاطب ہوا

تیز میک اپ میں وہ اپنا خوبرو چہرہ چھپا چکا تھا

یا اللہ اس حلیے میں لاونیہ نا دیکھ کے عزت کا کباڑا ہو جائے گا دروازہ کھول کر باہر نکلتے ہوئے دعا کی

آج خود ہی ہنسی آرہی تھی خود پر بس سے مطلوبہ جگہ پہنچ کر کھڑا ہو کر پہرا دینے لگا

پہلا گھر تو یہی ہے دیکھا ہوں اس میں کشن رہتا ہے یا اس کی بیوی.. دوپ کڑک تھی میک اپ بہنے لگا مگر اسے پہچاننے والا کوئی نہیں تھا

پتہ نہیں چڑیل میرے کمرے میں گھسی جاسوسیاں کررہی ہوگی اور تو کوئی کام نہیں اسے میری جاسوسی کے علاوہ اس ہفتے میں.. آنکھوں پر ہاتھ کا شیڈ بنا کر بور ہونے لگا مگر اس سب کی عادت پڑ چکی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

شام تک گھر میں نا کوئی آیا ہے نا گیا ہے اب میں بیٹھ چکا ہوں تھک گیا ہوں کھڑے کھڑے.. خود کلامی کرتا بیٹھ گیا

❤❤❤❤❤❤

ہمیں بھگوان نے کسی وجہ سے ملایا ہے یوں اچانک

آئی تھنک اک ملاقات ضروری ہے جینے کے لیئے کارتک مزاحیہ انداز میں کہتا دوریہ کے روشن چہرے کو آنکھوں میں اتارنے لگا

بلکل فلمی ہے اب ہنسوں..دوریہ جب سے آئ تھی اس کی مسکراہٹ تھمنے کا نام ہی نہیں لے رہی تھی

او پلیز اب ایسا تو مت بولو محبت بھی تو فلمی انداز میں ہوئ ہے..کارتک نے دلکش سے لہجے میں کہا

کارتک میں پہلے بھی بتا چکی ہوں میں میریڈ ہوں تم بار بار یہ بات مت کرو اچھا رات بہت ہو گئ ہے مجھے جانا ہے..
دوریہ نے نروٹھے پن سے کہتے ہوۓ اٹھی

او ہو ناراض ہونے کو نہیں کہا بیٹھو کھانا تو آ جانے دو..کارتک نے منت بھرے انداز میں واپس بٹھایا تھوڑی دیر خاموشی کے بعد کھانا لگا تو کارتک نے چمچ بھر کر اس کے منہ کے پاس کیا

ایک میرے ہاتھ کھاؤ گی کیا پلیز..کارتک کا عاجز لہجہ

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کارتک یہ سب کیا ہے تم افف.. دوریہ نے شرما کر کہتے ہوئے منہ کھول کر پاس کیا کارتک نے چمچ منہ ڈالی جسے دوریہ نے منہ میں لے کر چبانا شروع کر دیا حلق میں سے گزرتے ہوئے اسے کچھ یاد آیا

میرا تو اوپ واس تھا یہ تو شوون کے ہاتھ کھلنا تھا مگر میں نے کارتک کے ہاتھ سے کھول دیا اب پتہ نہیں کس کو لگے گا... دوریہ نے اس کے سلیقے سے چمچ چلاتے ہاتھوں کو دیکھا

تم صحیح کہہ رہے تھے ہمیں بھگوان نے کسی وجہ سے ملایا ہے.. پر سوچ نظروں سے اسے دیکھا کارتک نے نظریں اٹھا کر اسے دیکھا

www.kitabnagri.com

چڑیل کی فکر ہو رہی ہے اللہ جانے کیا کر رہی ہو گی..

فون ملا کر سوچنے لگا تھوڑی دیر میں رسیو ہوئی

ہیلو... پہل دوریہ نے کی

ہاں ہیلو کہاں ہو..ہیسم نے لہجے میں مخصوص رعب بڑھایا

گھر میں ہی ہوں..دوریہ نے موبائل کو حیرت سے دیکھا

اس باگڑ بلے کو کیا ہو گیا ہے؟؟موبائل واپس کان سے لگایا

اچھا ویڈیو کال کر رہا ہوں واٹس اپ آن کرو ہیسم کے رعب دار آواز گونجی..بڑی آئی شاٹری مجھ سے جھوٹ کہنے والی

وہ نن نہیں کام پر ہوں..دوریہ نے دور سے کارتک کو آتا دیکھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اوکے آئندہ جھوٹ برداشت نہیں کروں گا..گرج کر باور کرواتا فون بند کرنے لگا

ٹی شرٹ پہن کر گلاسز لگائے اب تیز قدموں سے کام پر رواں دواں تھا

کشن کے گھر کے عقبی حصے میں چھلانگ لگا کر گھسا دوریہ کی دی ہوئی گن پاس ہی تھی

یہ تو کشن کی گرل فرینڈ ہے بیوی تو نہیں تبھی یہاں نہیں آتا زیادہ چلو پھر مجھے دوسرے گھر کی نگرانی دینی چاہیئے بس پتہ چل جائے جگہ کون سی میں رہتا ہے باقی کام پھر اگلے ٹریپ میں...ہیسم گھر میں جھانکتا خود کلامی کرتا فون میں لڑکی کی پکچر لے کر سیو کی

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

تمہاری ہابیز کیا ہے مطلب کس چیز کا شوق ہے..کارتک اسے لے کر شاپنگ مال لایا تھا دوپہر کی دھوپ میں نرمی تھی آسمان پیلاہٹ لیے گرمی برسا رہا تھا دوریہ رات اسکائے بلیو بٹر فلائی شرٹ کے ساتھ پنک پینٹ میں ملبوس اونچے جوڑے میں بہت حسین اجلی اجلی سی لگ رہی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میرا شوق ہم اگر بتاؤں گی تو یقین نہیں کرو گے..دوریہ نے مسکراہٹ دبائی

اوہو بتا بھی دو کر لوں گا یقین..کارتک نے جلد بازی میں کہا

مجھے مختلف قسم کے کیمس پروجیکٹ بنانے کا بہت شوق ہے مگر میرے پاس اس سب کے لی ئے ناپیسہ نہ کیمیکلز... دوریہ کے چہرے پر بکھری اداس مسکان پر کارتک تڑپ کر رہ گیا

تم جو کرنا چاہ رہی ہو کرو پیسہ اور آزمائش کے لی ئے میں حاضر ہوں.. سینے پر ہاتھ باندھ کر ایسے دیکھنے لگا

نو میں ایسا نہیں کر سکتی دوریہ نے رخ اس کی جانب کیا اور الٹے قدموں چلنے لگی

وجہ ؟؟ کارتک نے دوریہ کا ہاتھ پکڑ کر روکا

وجہ تم ہو.. دوریہ گنگنانے لگی کارتک بے اختیار ہنسنے لگا

میں جو جی رہا ہوں... وجہ تم ہو کارتک بھی اس کی ہمراہی میں گنگنانے لگا دوریہ نے رخ موڑ کر اپنی شیطانی مسکراہٹ چھپائی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ایک اور کام پورا... دوریہ اس گانا گاتے دیکھنے لگی

♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥

تھکن سے چور ہوتے بدن سے اپنے کرائے کے روم کا دروازہ کھولا آج شام اسے واپس کلکتہ نکلنا تھا تھوڑی دیر ریسٹ کرنے آیا تھا

ہیلو جی ممی ہانیہ کیسی ہے اور بابا کی سنائیں ہیسم نے فون ملا کر کان سے لگایا

ٹھیک ہیں سب بیٹا تم کیسے ہو..شاہین نے پیار بھرے لہجے میں کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں بھی ٹھیک ہوں

ممی بھائی کا فون آیا ہے میں نے بھی بات کرنی ہے..ہانیہ کی پر جوش آواز ابھری

ارے بیٹا مجھے تو کرنے دو شاہین نے اسے منع کیا

ممی پلیز...دونوں کی خوشگوار نوک جوک ہیسم کو مسکرانے پر مجبور کر گئ

میرا اچا کیسا ہے کیا بھیجوں تمہارے لیئے..ہیسم نے چھوٹتے ہی پوچھا

بھائ آپ ہی آجائیں کچھ نہیں چاہیئے..ہانیہ کا اداس سا انداز

نہیں آسکتا ابھی تو مشن صحیح سے شروع بھی نہیں ہوا میں کچھ بھجواؤں گا تم لوگوں کے لیئے ہیسم نے پیار بھرے لہجے میں کہا

بھائ مشال کہہ رہی تھی اس بات مشن میں کوئ لڑکی بھی ہے..ہانیہ کے لہجے کی شرارت ہیسم کو محسوس ہوئ

ہاں تو..ہیسم نے جوابی انداز اپنایا

بہت چڑ رہی تھی مشال کیا وہ پیاری ہے کیسی ہے..ہانیہ کا اشتیاق ہیسم کو خوب لگا

ارے ایسی ویسی مشال سے کہنا مجھ سے بھی دس بارہ ہاتھ آگے کی حسینہ ہے بغیر بندوق کے قتل کر سکتی ہے..
ہیسم نے شریر انداز میں کہا

بھائی میں سچ میں بتادوں گی پھر دیکھنا مشن وشن رہ جائے آپ مشال کارونا پیٹنا ہی سنبھالنا..ہانیہ نے ڈرانے کی کوشش کی

اچھا اچھا مزاخ کر رہا تھا..ہیسم نے والٹ جیب میں رکھتے ہوئے کہا

اوکے اس کی پکس بھیجنا میں ویٹ کر رہی ہوں..ہانیہ کا قطعی لہجہ

ابھی نہیں ہیں جب واپس اس کے پاس جاؤں گا بات کر وداں گا اوکے ویٹ مت کرنا میرا بچا..ہیسم نے لاڈ سے کہتے ہوئے آخری کلمات ادا کیئے

شاپنگ کا موڈ تھا سو نکل گیا

❤❤❤❤❤❤❤

کارتک شکر کرو تمہارا چہرہ نہیں جلا اتنا قریب کیوں کھڑے تھے.. دوریہ نے لیب سے نکل کر دھواں دھواں چہرہ لی ئے کہا

مجھے فرق نہیں پڑتا تمہاری فکر ہو رہی تھی کیسے تمہیں اتنا ہارم فل ایریا میں اکیلا چھوڑ دیتا.. کارتک نے اس کے ہاتھ کو پکڑ کر ڈوبتی آنکھوں میں دیکھا

ہاہاہا تمہیں پتہ ہے ہم دونوں اتنے فنی لگ رہے ہیں لوگ ہمیں جوکر سمجھیں گے چہرے پر لگے نیلے رنگ کے کیمیکل کو کارتک کے دیئے رومال سے رگڑتی ہنسنے لگی

دونوں قدم سے قدم ملا کر چل رہے تھے

دیکھو ہٹا کہ نہیں... دوریہ اس کے سامنے ہوئی

ہاں بس گال پر یہاں..کارتک نے انگلی اس کے گال پر لگا کر نشان دہی کی جہاں نیلا محلول لگا تھا

اس وقت دوپہر ختم ہونے والی تھی دوریہ اس کے سامنے ہی الٹے قدموں چلنے لگی کارتک نے اس کا ہاتھ بدستور پکڑا ہوا تھا دونوں باتیں کر رہے تھے

ہٹو تم سے نہیں ہو گا دوریہ نے رومال اسے دیا تھا مگر اس سے صاف نہیں ہو رہا تھا تو دوریہ زور سے ہنس کر رومال لینے لگی

اچھا تم ہی کر لو..کارتک بھی ہنسنے لگا دونوں مکمل لگ رہے تھے دوریہ اس کے چہرہ رومال سے صاف کرنے لگی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

❤❤❤❤❤❤

یہ ساڑی مشی کے لیے ٹھیک رہے گی..ہیسم بلیو اور پرپل کمبینیشن کی ساڑی کو دیکھ سوچنے لگا بہت مشکل مراحلے کے بعد مال سے نکلا شاپنگ کرنا بہت کٹھن کام تھا باہر نکل کر موبائل آن کیا تو کسی ان نان نمبر سے لاتعداد کالز آچکی تھیں موب سائلینٹ پر تھا تبھی پتہ نہیں چلا

ہیلو..ہیسم نے کال ریٹرین کی تو فورا رسیو ہو گئ

ہیلو اتنا جلدی ریپلائی دیا..مقابل کو پہچاننے میں لمحوں کی دیری لگی دیپا ہی تھی

کیوں مصروف تھا سب ٹھیک ہے فون کیوں کی ئے اور نمبر کہاں سے ملا یہ تو پوچھنا بے کار ہے سی ایم کی بیٹی کچھ بھی کر سکتی ہے..چلتے ہوئے فٹ پاتھ پر بنی چیئر پر بیٹھا

کیا کر رہے تھے اور مل کیوں نہیں رہے ہو پتہ ہے کچھ عرصے میں ہولی کی تیاریاں شروع ہو جائیں گی اور تم غائب ہو..دیپا کی خواہ مخواہ فرینک ہونے کی کوشش

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

او ہیلو میڈم دماغ کہاں ہے آپ کا ابھی پورے تین مہینے باقی ہیں ہولی میں اور مجھ سے کیا کام..ہیسم نے حیرت سمو کر کہا

تم سے ہی تو کام ہیں کہاں ہو یہ تو بتاؤ..دیپا کا اسرار بڑھا

ابھی تو شہر سے باہر ہوں کیوں..ہیسم نے لفظ جوڑ کر بات مکمل کی

تو واپس کب آؤ گے ..

کل پہنچوں گا،ہیسم نے گھڑی دیکھی

او کے پھر میں ڈرائیور کو بھیج دوں گی تم آنا ضروری بات ہے..دیپا نے سنجیدہ لہجہ اختیار کیا

او کے...ہیسم نے رابطہ منقطع کیا

اور اٹھ کر نرم چال کے ساتھ چلنے لگا لوگ کم تھے ابھی دوپہر ختم ہوئی تھی سو ابھی لوگ گھروں سے نکلنا شروع ہوئے تھے

رات بھر تنہا رہا میں تجھے مس کرتا رہا..ہیسم منہ میں گنگنانے لگا

Posted on Kitab Nagri

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یاشاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

samiyach02@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Page/Social Media Writers .Official

Fb/Pg/Kitab Nagri

samiyach02@gmail.com

whatsapp No : 0316-7070977

آنکھوں کے سامنے معصوم سا روپ آنے لگا جو مشال کا تو نہیں تھا

نونونو...اس چھپکلی کو نہیں مشی ہی ہے مجھے کیا ہو گیا ہے اس کی بو تھی کیو دکھ رہی ہے کہیں.. مجھ چڑیل سے ڈر تو نہیں لگنے لگ گیا.. سوچتا ارد گرد لوگوں کو دیکھنے لگا

اچانک پیر زنجیر ہو گ ئے آنکھیں پتھر ہو گئ آسمان ٹوٹ پڑا

نہیں یہ نہیں ہو سکتا

خون اترنے لگا آنکھوں میں ہیسم نے بغور دیکھا

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

❤❤❤❤❤❤

ہیسم کا غصے سے برا حال ہو رہا تھا اس کے کچھ فاصلے پر دور یہ کارتک کا چہرہ صاف کرتی ہنس رہی تھی

Posted on Kitab Nagri

اسے تو گھر جا کر پوچھتا ہوں اور یہ لڑکا کون ہے لگتا تو آرمی کا ہے موبائل نکال کر کال ملائی کال اٹینڈ ہو گئی یہ کیا فاصلے پر کھڑی لڑکی تھی تو وہی مگر کال اٹینڈ کس نے کی

ہیلو.. دوریہ کی پر سکون آواز ابھری

ہیلو کہاں ہو؟؟ ہیسم کا غصہ حیرت میں تبدیل ہو چکا تھا

سادھنا آنٹی کے گھر.. آواز کو دھیما کیا فاصلے پر کھڑی لڑکی لڑکے سے باتیں کر رہی تھی

اچھا میں رات کو پہنچ جاؤں گا وقت پر سو جانا کل بات ہو گی صبح.. ہیسم نے لہجے میں الجھن کو مخفی کیا

لگتا ہے لاونیہ کا نشہ سر چڑھ کر بول رہا ہے موب جیب میں رکھ کر بڑبڑایا

میرے فون میں تیری فوٹو ممی پوچھے بیٹا کون ہے.. ہیسم سر پر تھپڑ مار کر واپس گانے لگا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کارتک کا چہرہ صاف کرتے ہوئے اچانک بالوں سے ڈھکے کان میں وائبریشن ہوئی دوریہ نے جلدی سے نامحسوس انداز میں بالوں میں انگلی پھیر کر اٹینڈ کیا

ہیلو.. نظروں کو کارتک پر مرکوز کیا چہرہ اشارے سے موڑا کارتک کے لب ہلے جیسے جلدی سے انگلی رکھ کر بند کیا

سادھنا آنٹی کے گھر پر.. کارتک کو آنکھ مار کر کہا کارتک نے بھی دل پر ہاتھ رکھ کر مرنے کی ایکٹنگ کی دوریہ بالوں میں انگلی پھیری

اب جلدی کرو شام کو سادھنا آنٹی کے گھر جانا ہے یہ کہہ رہی ہوں.. دوریہ نے آنکھوں میں الجھن نمایا کی

تو پورا تو کہو میں سمجھا مجھے کہہ رہی ہو گھر چلو گے.. کارتک نے ہنس کر کہا

اوپلیز تمہارا پہلے ہی میری بے تقی وش پورا کرنے میں پیسہ اور وقت ویسٹ ہوا ہے تمہیں اتنا خرچا کرنے کیا ضرورت ہے گوالا نا ضروری تھا کلکتہ یا ممبئی میں ہوتا آسانی ہو جاتی.. ایک اداسے کہتی مڑ کر سانس لی

بچ گئی ورنہ آج میری موت پکا تھی محتاط نظروں سے ارد گرد دیکھا

ارے یہ ابھی یہیں ہے افف اب کیا کروں دوریہ نے سڑک کے دوسرے کنارے پر ہیسم کو چلتا دیکھ کر ہوا ہوتی جان سے کارتک کو دیکھا

کارتک جلدی آج ہی واپس کلکتہ چلو پلیز میرے ہسبینڈ کا تمہیں بتایا تھا ناوہ بہت ظالم ہے اگر اسے پتہ چل گیا تو بہت برا ہو جائے گا.. دوریہ حتہ المکان چہرہ چھپانے کی کوشش

ریلیکس میں ہوں نا دیکھو رات سے پہلے گھر پہنچ جائیں گے وشواس کرو اور تم کیس کیو نہیں کرتی جب تم دونوں ایک دوسرے ساتھ خوش نہیں ہو... کارتک کا بے تکا سوال

بتایا تو ہے ہماری فیملی پریشر ہے ور یہ شوون کسی اور میں انٹرسٹڈ ہے. دوریہ بے تیز قدموں سے چلتے ہوئے کہا

اور تم ؟؟ آئی مین تمہیں میں پسند ہوں تو میں ہر حد تک جا سکتا ہوں تمہیں پانے کو بس ایک ہاں کر دو اس ظالم سے تمہاری جان چھوٹ جائے گی.. کارتک کارنجید گی لیے احتجاج

ایسا ممکن نہیں کسی بھی صورت.. دوریہ نے واپس مڑ کر دیکھا وہ او جھل ہو چکا تھا

میں اسے چھوڑنا ہی تو نہیں چاہتی ٹکا ٹکا کر بدلے لے کر مشن کے بعد چھوڑوں گی بھینسا کہیں کا سوچتے ہوئے آسمان پر ہلکے سفید بادلوں کو دیکھنے لگی

❤❤❤❤❤

شام اندھیرے میں بدل گئی تھی دوریہ لفٹ کا بٹن دبا کر بے چینی سے انتظار کرنے لگی

وہ پہنچ نا گیا ہو ورنہ گئی کام سے.. ہاتھ جوڑ کر دل میں دعا کرنے لگی

ہو شکر ہے... اپنے فلور پر پہنچ کر بجلی کی تیزی سے لاک کھول کر اندر چلی گئی

ابھی تک نہیں آیا شوز اتار کر بیڈ کے نیچے کی ئے فون نکال کر ملانے لگی

پہلے ہی ملا لو شک نا پڑے اسے فون کان سے لگایا

ہیلو ہاں...ہیسم نے کال اٹینڈ کر کے کہا

کہاں ہو آپ نے کہا تھا رات کو آؤں گا..دوریہ نے لہجے میں نارمل کیا

تو ابھی رات تو نہیں ہوئی ہیسم کا بھی سادہ انداز

اچھا کب تک پہنچو گے..دوریہ نے تصدیق چاہی

بس ایک آدھے گھنٹے میں...ابھی وہ بات کر ہی رہا تھا کہ دروازے پر دستک ہوئی

کون ہے..ہیسم کے لہجے میں شک ابھرا

پتہ نہیں دیکھتی ہوں..دوریہ نے خوف سے دروازے کو دیکھا

اچھا دیکھو اور بتاؤ..ہیسم کی آواز دھیمی ہو گئ لہجہ ہنوز ویسا ہی تھا

اوکے...دوریہ آہستہ قدموں سے چلتی دروازے تک آئ

افف کہیں کارتک پھرنا آگیا ہو...دوریہ نے کانپتے ہاتھوں سے دروازہ کھولا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں یہی دے دیں...ہیسم ایئرپورٹ سے واپس پر کھانے کی چیزیں لے رہا تھا

لاونیہ محترمہ فلمیں دیکھ رہی ہوں گی اس دن والی فلم کی طرح..اور بات نہیں مانتی سوئ بھی نہیں ہو گا سامان سمیت ٹیکسی میں بیٹھا مسکراتا باہر کے منظر دیکھنے لگا

بلڈنگ پہنچا تو دوریہ کا فون آ گیا

بات کرتا ہوا لفٹ میں چڑھا جھوٹ بولتا فلیٹ تک پہنچا

آواز سلو کی

کون ہے..ہیسم نے لہجہ شکی بنایا

پتہ نہیں دیکھتی ہوں..دوریہ کی آواز میں ہلکا سا خوف تھا

دروازہ کھلا تو ہیسم کی مسکراہٹ میں مزید اضافہ ہو گیا

شوون...دوریہ نے حیرت سے کہا

ہاں..ہیسم اندر آ کر دروازہ لاک کرنے لگا

چڑیل خوش ہی نہیں ہوئی واپسی پر میری حد ہے عزت ہی نہیں ہے.. اسے دیکھ کر آنکھوں سے کاٹا

یہ کمرے میں رکھو، ہیسم صوفے پر دراز ہوتا اس سے مخاطب ہوا سینے میں آگ سے بھڑکنے لگی ایسی کنڈیشن اب روز کا معمول بن گئی تھی

یہ اتنا سب میرے لیے دور یہ نے پیکٹس کو دیکھ کر چمکتی آنکھوں کی خوشی سے اسے دیکھا

ہیسم نے مڑ کر اس کے نرم گلابی گالوں پر مسکراہٹ دیکھی تو سینے پر بوجھ سا بڑھ گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نہیں یہ تمہارے لیے نہیں... ڈوبتے لہجے سے لفظ ادا کیے

اچھا میں تو ایسے ہی بول گئی.. پیکٹس کو اٹھا کر غم کی سرد لہر کے ساتھ اندر چلی گئی

بھوکا کنجوس بغیرت کہیں کا پتہ نہیں دل ہے کہ پتھر ایک بھی چیز نہیں لایا میں بھی نہیں بولتی اب.. منہ میں بڑبڑاتی سامان پٹخ کر واپس مڑی

ہیسم ایل ای ڈی آن کر کے بیٹھا شوز اتارنے لگا

لا ونیہ پانی ہی پلا دو..ہیسم کی آواز میں تھکن تھی

بڑا آیا پانی... دور یہ کچن میں پانی لینے گئ دور یہ کا موب،ہیسم کے سامنے ٹیبل پر پڑا بجنے لگا

لا ونیہ فون آیا ہے..بے خیالی میں اٹھا کر دیکھا تو ایجنسی کا نمبر تھا

اچھا ادھر دیں پانی کا گلاس پکڑواتے فون لے کر کان سے لگایا

ہیلو جی جی میں وہی کر رہی ہوں.. فون لے کر اسٹور روم میں چلی گئ

دیکھیں کارتک بہت کام کی چیز ہے جیسا تم نے پہلے بتایا تم میں انٹرس لے تم بھی اس کا انٹرس ڈلیویلپ کر کے انفار میشن لو ہلیپ لو تمہیں اپنی نہیں ملک کی عزت کی ذمہ دار نبھانی ہے بے جھجھک اس کی بات مانو اپنی پہچان چھپاؤ اور تم واپس کیوں آ گئی اس کے ساتھ ہی رہتی کیمیکل کے حصول میں وہ معاون ثابت ہو جاتا... سینئر ایجنٹ کی کال تھی جو ان دونوں کی تیاری دیکھنے کے ساتھ ان کو آڈرز بھی دینے لگا

وہ شوون غصہ کرتا ہے اس کے آڈر کے بغیر کیسے کروں.. دوریہ نے مجبوری بتائی

ایگریمینٹ کی کاپی کل تمہیں بھیج دی جائے گی تم اپنی مرضی سے کل سے کام کر سکو گی.. ایجنٹ نے یقین دہانی کروائی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اوکے شکریہ اب آسانی رہے گی.. دوریہ نے شکر کا سانس لے کر فون بند کیا

ہیسم کچن میں چپس کے پیکٹ کھول کر باؤل میں ڈال رہا تھا

ایل ای ڈی پر اینیمیٹڈ مووی لگی تھی موڈ خراب تھا کارٹون کو دیکھ کر زبان نکالی

ہیسم باہر نکل رہا تھا اس کی حرکت دیکھ کر ہنسنے لگا

کیا ہوا.. دوریہ نے مڑ کر اسے دیکھا

نہیں کچھ نہیں..ہیسم صوفے پر بیٹھا دوریہ بستر کی طرف بڑھی

کس کا فون تھا نظریں سامنے چہرہ سپاٹ

ایجنسی سے تھا..دوریہ نے ٹالنا چاہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پتہ ہے کوئی خاص پیغام تھا.. چپس منہ میں ڈال کر بے لچک انداز مین ء گویا ہوا

نہیں بس پوچھ رہے تھے کہاں تک پہنچے..دوریہ نے صفائی سے بات بدلی اور لیٹ کر آنکھیں موند لیں

یہ کارٹون لڑکی بلکل تمہارے جیسی ہے..بہت دیر خامشی کے بعد ہیسم کا قہقہہ بلند ہوا

کیا دوریہ جلدی سے اٹھی اور مووی کی طرف دیکھا

نہیں تو اس کی آنکھیں اتنی بڑی ہیں اور میری تو چھوٹی ہیں دوریا سنجیدگی سے بولی

ادھر بیٹھو تم سچ میں پاگل ہو یا میرے لیے خاص آفر ہے پاگل...ہیسم نے اسے بیٹھنے کا کہا تو وہ اس سے فاصلے پر بیٹھ گئی ہیسم نے اس کے سر پر ہاتھ سے تھپ لگائی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہ کارٹون آپ جیسا ہے دوریہ سیٹ ہو کر بیٹھ گئی یہ بھول کر کہ وہ ناراض تھی

یہ ہیرو ہے یاد سے...ہیسم نے اس کی چالاکی دیکھ کر فخر سے کہا

کیا یہ بھدا سا ہیرو ہے.. دوریہ نے انگلی کے اشارے سے کہا

ہاں یقیناً یہ ہی ہیرو ہے کیونکہ وہ سڑیل سی ہیروئن ہے.. ہیسم نے مزاخ اڑایا

لڑتے جگڑتے مووی دیکھی آخری سین میں ہیروئن ایک پری ہوتی ہے جیسے اپنی دنیا واپس جانا ہوتا ہے جدائی کا وقت آتا ہے ہیرو اسے گلے لگاتا ہے ہیروئن رونے لگتی ہے

نہیں.. ہیسم زیر لب بڑبڑایا دل کو کسی نے مٹھی میں جکڑ لیا

ہیرو اسے کس کرتا ہے اور وہ روتے ہوئے روشنی بننے لگتی ہے

ہیسم دھواں دھواں دوریہ کے جانب دیکھنے لگا

لاونیہ.. ہیسم نے یقین کرنے کو آواز دی وہ یہیں ہے

ہاں.. دوریہ نے بنا مڑے کہا

ہیروئن ہمیشہ کے لیۓ اپنے پلینٹ پر چلی گئ اور ہیرو وہیں کھڑا خالی ہاتھ آسمان کو تکنے لگا

ہیسم نے کسی احساس کے زیر اثر دوریہ کے ہاتھ کو مضبوطی سے پکڑ لیا

کیا ہوا.. دوریہ نے اسکرین کالی ہوتی دیکھ کہا

ہیسم بے قرار ہو کر کھسک کر قریب ہوا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ اکیلا ہو گیا.. کانپتی آواز سے بمشکل کہا

بچارہ جو میں تھی وہ تو اڑ گئ ہواؤں میں.. دوریہ نے مڑ کر دیکھا وہ بہت پاس بیٹھا اسے ہی دیکھ رہا تھا

تم بھی چلی جاؤ گی نا.. آنکھوں میں ڈر تھا التجا تھی

مجھے بہت نیند آرہی ہے آپ بھی سو جاؤ.. دوریہ اٹھنے لگی تو ہاتھ پر گرفت مزید کس گئ

تم کارٹون ہو گیا...ہیسم نے اجنبی آنکھو سے دیکھا

نہیں تو اف میرا ہاتھ تو چھوڑیں توڑنا ہے کیا.. دوریہ نے اس کی عجیب حالت دیکھی

تو نکلو یہاں کیا کر رہی ہو جاؤ سو جاؤ..ہیسم نے خود کو نارمل کیا

وہ عجیب نظروں سے دیکھ کر نکلی

یہ مجھے کیا ہو رہا ہے.. سینے کی جلن میں ایک ڈر کا اضافہ ہو گیا وہیں بیٹھا دوریہ کی پشت کو دیکھنے لگا

اس نمونے کو کیا ہو گیا ہے ایسا لگ رہا تھا خو کو سچ مچ کا ہیر و سمجھ لیا اس نے دور یہ لیٹ کر خو پر چادر ٹھیک کرتے ہوئے سوچنے لگی

❤❤❤❤❤❤❤❤

کیسی ہے میری جان.. کارتک کا ہشاش لہجہ دوریہ بند آنکھوں سے مسکرانے لگی

میں کسی کی پتنی ہوں زرا ہولا ..

جب میں اس سے تمہاری جان چھڑاؤں گا تو میری ہی بن جاؤ گی نا.. کارتک کے خواب

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ارے بس اب سونے دو بعد میں کال کرتی ہوں.. الجھی آواز سے فون بند کیا

اٹھ کر انگڑائی لی سلیپر پہن کر اٹھی تو حیرت کا شدید جھٹکا لگا

ہیسم رات سے صوفے پر اسی پوزیشن میں بیٹھا آنکھیں بند تھی رخ دوریہ کے بیڈ کی جانب تھا کہنی صوفے کی پشت پر رکھے ہاتھ گال کے نیچے ٹکائے سو رہا تھا

شوون اٹھو اندر جا کر آرام کرو.. دوریہ اس کے پاس آئی اسے آواز دی

شوون. دوریہ نے اس کے کاندھے کو ہلایا

کیا کون ؟ہیسم نے چھوٹی کر کے آنکھیں کھولنے کی کوشش کی سرئی آنکھوں میں ءنیند جھول رہے تھی

اٹھ کر کمرے میں آرام کریں.. دوریہ نے نرم لہجے میں کہا

اوکے..ہیسم اٹھ کر اس کے سامنے کھڑا ہوا

چائے مل جائے گی یا خود بناؤں ..

بنادوں گی اب جائیں...کام بھی غرور سے کرواتا ہے دوریہ نے اسے بھیج کر کچن کا رخ کیا

دوریہ کا فون پھر رنگ کرنے لگا نمبر جانا پہچانا تھا

ہیلو امی کیسی ہیں آپ..خوشگوار لہجے میں کہتی چائے کا پانی چڑھایا

بیٹا کل شیلا کے رشتے کے کو لوگ آئے تھے مجھے تو بہت مناسب لگے تبھی وقت مانگ لیا..

سچ واؤ یہ تو بہت اچھا ہوا..دوریہ خوشی سے دوہری ہو گئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

...

امی ڈریس میں یہاں سے بھجواؤں گی یہاں بہت پیارے شادی کے جوڑے ملتے ہیں.. دوریہ نے چائے میں پتی ڈالتے ہوئے خوشی سے کہا

ارے بیٹا اتنا خرچہ کرنے کی کیا ضرورت ہے پہلے ہی تم اتنا کر چکی ہو.. فرحانہ کی مشکور سے آواز آئی

نہیں امی میں نے کہہ دیا بس.. قطعی انداز میں کہنے لگی

شیلا اور نگین سے بات کرنے کے بعد چائے کپ میں ڈال کر کمرے کی جانب بڑھی

ارے شوون کیا ہوا آپ زمین پر کیو لیٹ گ ئے شوون پلیز اٹھیں.. دوریہ کمرے میں آئی تو وہ زمین پر لیٹا سو رہا تھا

بیڈ پر سکون نہیں مل رہا بے چینی سی ہوئی رہی تھی چائے تو پائے کی اسپیڈ سے پک رہی تھی.. اٹھ کر بیٹھتے ہوئے طنز کیا

نہیں وہ امی کا فون تھا..دوریہ شرمندہ ہو گئ

اچھابات سنو میرے سامان میں تمہاری گن پڑی ہے یوز تو صرف ایک گولی کی ہے لیکن میں اس کی بلٹس لے آیا ہوں نکال دینا..فون نکال کر میسج چیک کرنے لگا

دیپا کا میسج چمک رہا تھا ڈرائیور کو بھیج رہی ہوں جلدی آنا

اُفف ایک تو یہ پیچھے پڑ گئی ہے..اس کا میسج پڑھ کر منہ کا ذائقہ ہی خراب ہو گیا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اس سامان میں ہیں..دوریہ اس کا بیگ اٹھا کر بولی

ادھر دو اسی میں ہیں مگر امپورٹینٹ چیزیں ہیں خود نکال کر دیتا ہوں تم یہاں بیٹھو..ہیسم نے جلدی سے بیگ پکڑ کر پاس کیا اور اسے بیڈ پر بیٹھنے کا اشارہ کیا

اچھا.جی میں نے چوری تو نہیں کرنے تھے..دوریہ بیڈ پر بیٹھ کر اس کی کاروائی دیکھنے لگی

بہت چھپا کر بلٹس نکال کر اسے دینے لگا ساتھ گن بھی اسکی طرف اچھالی

واؤ مجھے یقین نہیں آرہا میں ایسے ہی ناراض ہو گئی تھی کہ آپ کچھ نہیں لائے مگر آپ نے تو میری سوچ سے بھی اچھا گفٹ دیا خوشی سے نہال ہوتی وہیں بیٹھ کر گن لوڈ کرنے لگی

تم اتنا خوش ہو رہی ہو صرف بلٹس دیکھ کر؟ ہیسم نے اس کے دمکتے چہرے کو دیکھ کر حیرت زدہ ہو کر پوچھا

کیوں کیا مجھے خوش نہیں ہونا چاہیے. مصرف سی مڑی

ہیسم مسکراتا موبائل اس کی طرف کر کے ویڈیو کال ملانے لگا

ہائے کیسے ہیں آپ یاد کیسے آ گئ..ہانیہ کا خوشگوار لہجہ

تمہیں کچھ دیکھنا تھا نا...ہیسم نے مسکراہٹ دبا کر بیک کیمرہ آن کیا اور فوکس دوریہ پر کیا جو اسے مکمل نظر انداز کی ہئے بیڈ پر آلتی پالتی مار کر گود میں بلٹس اٹھا اٹھا کر گن میں بھر رہی تھی

حلیہ بے زار سا تھا اونچا جوڑا بنائے بیلو شرٹ پہنے چولہے کی گرمائش سے سرخ سپید چہرہ لی ہئے معصوم سی لگ رہی تھی حسن تو ہیسم کو گائل کر ہی چکا تھا

اوسو کیوٹ یہ ہے وہ لڑکی..ہانیہ نے دل سے تعریف کی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دوریہ کے کان کھڑے ہوگ ہئے..ہاں یہی ہے اسکی معصومیت پر نا جانا اس کے دھوکے میں ہرگز نا آنا..ہیسم نے ہنستے ہوئے کہا دوریہ نے سر اٹھا کر دیکھا

اوئے کیا کر رہے ہیں. دوریہ نے موبائل رخ کو دیکھ کر کہا

اپنی بہن کو شگوفے دیکھا کر خوش کر رہا ہوں ہاتھ ہلا کر ہیلو کرو...ہیسم کا شریر لہجہ دوریہ کو تپا گیا

گن اٹھا کر بیڈ سے غصے والا منہ بنا کر اگنور کرتی کمرے سے نکل گئ

بھائی ناراض کر دیا اب اکیلے میں منتیں کرنی پڑیں گی اور مشال کو پتہ چلا کہ آپ کی مشن پاٹنرا اتنی کیوٹ ہے تو وہ بھاگ کر آجائے گی وہاں..ہانیہ کا لہجہ ہنوز مزاخیہ تھا

صحیح چلو بعد میں بات کرتے ہیں..ہیسم دوریہ کی حرکت پر سنجیدہ ہو گیا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اوکے بائے کال اوفف کر کے چائے اٹھا کر باہر آیا وہ صوفے پر منہ پھلائے بیٹھی تھی

احسان نہیں کیا تھا چائے کا کپ بنا کر مجھ پر پکڑو اپنی چائے اور یہ ایٹیٹیوڈ اپنے آپ میں رکھو اس بار آرام سے کہہ رہا ہوں اگلی بار بہت برا کروں گا..کپ ٹیبیل پر پٹختا واپس مڑ گیا

میں بھی کوئی کھیلنے کی چیز نہیں ہوں جو آپ مجھے اپنے بہن بھائیوں کو ہنسانے کو دیکھائیں گے کسی کی تعریف نہیں کر سکتے تو برائی بھی مت کریں..اونچی آواز میں دھارڑتی کپ لے کر کمرے میں آئی

اور احسان ہی کیا ہے سمجھے نوکر نہیں ہوں آپ کی یہ میری اچھائی ہے بغیر معاوضہ لی ئے آپ کو کھانا چائے پانی مل جاتا ہے ورنہ میں آپ کو اور گھر کو سنبھالنے نہیں مشن کرنے آئی تھی ...کپ لے کر اس تک پہنچی جو پھٹی آنکھوں سے اس کا نیا روپ دیکھ رہا تھا اور اس کے مد مقابل کھڑی ہوئی با مشکل سینے تک اس کا سر پہنچ رہا تھا

احسان رکھ نہیں سکتے تو اتار لیں میرے احسان... سر اٹھا کر اس کی سرمئی حیرت سے نکلتی آنکھوں میں دیکھا کپ دراز پر پٹخا جس کے ٹکڑے ٹکڑے ہو چکے تھے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بس اتنی سی اوقات تھی تمہاری اوفف کیا سمجھ رہا تھا تمہیں تم کیا نکل آئی اس کی نشیلی براؤن آنکھو کو دیکھا

اچھا ایک منٹ احسان اتاروں ناہاں تم یہاں پتنی کی حیثیت سے یہ سب احسان چڑھا چکی ہو تو اب میں پتی کی حیثیت سے کیسے اتاروں اویاد آیا یہ کمرہ یہ کمرہ تو ہم دونوں کا ہونا چاہئے کیونکہ تم بھی مشن پر ہو ایم رائیٹ.. طنز کے زہر میں ڈوبے نشتر چلا رہا تھا

میں احسان اتارنے پر آیا نا تو یاد رکھو پھر احسان پہننے کو نہیں ملیں گے.. خطرناک قسم کی دھمکی دیتا انگلی کے اشارے سے کمرے کے دروازے کا راستہ دیکھایا

کر کے دیکھ لیں ہمت ایم شیور آپ کو مزہ ضرور آئے گا جونیئر کے ہاتھوں ذلیل ہو کر.. مزید قریب ہو کر آنکھو فوکس کیا شعلے لپک رہے تھے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تم میری جذباتیت کا فائدہ اٹھانا چاہ رہی ہو میرے پاس مزہ لینے کے لیئے فیسانس موجود ہے باقی اگر تمہارا مقابلے کا من ہے تو بتاؤ..اس کے چہرے پر آئی لٹ کو انگلیوں سے پیچھے کرتا چہرے جو بچوں کے انداز میں تھتھپایا آنکھوں میں دونوں کی نفرت حقارت بھر چکی تھی

اگر ہار گئے تو پیر چوموں گے میرے.. تحقیر بھرے لہجے میں کہتی باہر آنے کا اشارہ کیا

اور اگر تم ہار گئی تو پہلے ہونٹ پھر پیر چومنے کے بعد معافی بھی مانگوں گی..ہیسم کے خطرناک انداز پر دوریہ کو حیرت ہوئی

چلو بچی باہر آجاؤ..ہیسم اسے تھپکی دیتا باہر نکل کر صوفہ پیچھے کرنے لگا

رولز یاد ہیں یا کرواؤں..ہیسم اسے باہر اتا دیکھ کر گویا ہوا

یاد ہیں فکر مت کریں کمر لگانی ہے زمین پر..دوریہ شرٹ اتارنے لگی

یہ کیا کر رہی ہو..غصے سے اسے ڈپٹتے ہوئے کہا

پہنی ہوئی ہے نیچے بھی شرٹ ویسے بھی لڑتے وقت یہ ڈھیلی ہے اتر جائے گی..ہیسم نے بات سنے بغیر رخ موڑا شرٹ اتاری تو واقعی ایک اور شرٹ جو بہت فٹ تھی سلیونا ہونے کے برابر اور آگے پیچھے دونوں کے گلے خوب گہرے فٹنگ کی وجہ سے گلے بھی چست نظارے دیکھانے لگے

اسٹارٹ؟؟ دوریہ کا کرخت لہجہ ہیسم مڑا تو اس کی حالت دیکھ کر زمین کی جگہ بیڈ پر لڑنے کا سوچنے لگا

اس طرح لڑو گی تو تم ہار چکی ہو اپنی عزت غیرت سب کچھ سوچ لو لڑتے وقت کچھ بھی ہو سکتا پھر رونا مت .. گرجتا رخ واپس موڑ کر اپنی بٹنوں والی شرٹ اتار کر اسے دی

یہ نہیں اترے گی..ہیسم کی نمایا باڈی بے حجاب ہو چکی تھی اب صرف پینٹ بچی تھی دوریہ اس وقت شدید غصے کے عالم میں تھی شرمانے کا وقت نہیں تھا

www.kitabnagri.com

شرٹ پہن کر دونوں آمنے سامنے کھڑے ہوئے

پہلے تم..ہیسم نے اسے پہلے حملے کی دعوت دی

اوکے دوریہ نے پہلا پنچ اس کے سینے پر مارا مگر ہیسم ایک انچ بھی نا ہلا

چلو ایک اور چانس ہیسم نے اسے اگلا موقع بھی دیا

دوریہ کی مکمل محنت کے باوجود ہیسم پر اثر نہیں پڑا ہیسم نے آگے بڑھ کر اسے جھٹکے سے گود میں اٹھایا وہ مچلنے لگی دوریہ نے لات اس کے سر پر ماری مگر ہیسم اسے ٹائیلز والے فرش پر نرمی سے گھٹنوں کے بل بیٹھ کر نیچے لگا چکا تھا کمر زمین پر لگ چکی تھی

طریقے بہت اعلی تھے مگر میں ایسے ہی کیپٹن نہیں بنا مجھے کچھ تو آتا ہو گا کہ اتنے اسپیشل ادارے نے مجھے کیپٹن رینک دیا.. وہ زمین پر پھٹی آنکھوں سے اس چٹان کو دیکھنے لگی وہ بھی جلاتی مسکراہٹ سمت اسے دیکھنے لگا

چلو اب شرط کی باری ہے.. اسے شرٹ سے پکڑ کر کھینچ کر پاس کیا دہشت زدہ نشیلی آنکھوں میں دیکھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ادھار رہا پھر کبھی اوقات بھول گئ تو یاد دلانے کو..اسے زمین پر چھوڑ کر کمرے میں چلا گیا

لعنت ہے دور یہ تم پر..غصے سے زمین پر مکا مارا لعنت ہے...لعنت ہے...لعنت ہے..مکے زمین کو سرخ کرنے لگے غصہ شرمندگی کم ہونے کا نام ہی نہیں لے رہی تھی خون ہاتھ سے جاری تھا انگلیوں پر زخم پڑ چکے تھے

ہاتھ کو اچھا خاصہ زخمی کرنے کے بعد کھڑی ہوئ..بٹن بند کیا اور دروازہ کھول کر فلیٹ سے نکل گئ بغیر کچھ اٹھائے

وہ شدید غصے کے عالم میں بلڈنگ سے نکلی

❖❖❖❖❖

کارتک اسے ہی لینے پہنچ رہا تھا جب وہ مشتعل سی سڑک پر بغیر چپل کے چل رہی تھی ایک ہاتھ سے خون نکلتا دیکھ رہا تھا

لاونیہ..لاونیہ کہاں جا رہی ہو کیا ہوا ہے تمہیں..کارتک کار اس کے قریب روک کر اس کی جانب بڑھا

لاونیہ جواب تو دو اس طرح کہا جا رہی ہو اور یہ خون.. کارتک کا پریشان سا لہجہ دوریہ کا ہاتھ پکڑ کر روکا

چھوڑو میرا ہاتھ... غصے سے ہاتھ کھینچ کر پیچھے کیا

ہوا کیا ہے کچھ تو بتاؤ نہیں پکڑتا ہاتھ. کارتک کی آنکھوں میں پریشانی نمایا تھی

میرا پرسنل میٹر ہے پلیز مجھے اکیلا چھوڑ دو.. جھنجھلا کر اسے کراس کر کے نکلی

اکیلا نہیں چھوڑ سکتا نا پلیز سمجھو نا.. مجھے ڈر لگ رہا ہے تمہاری اسی حالت دیکھ کر کار میں بیٹھو میں تمہیں اپنے گھر لے جاتا ہوں ممی ڈیڈی سے مل کر تم اچھا فیل کرو گی.. کارتک نے اسے پیچھے سے پکارا آواز میں التجا تھی

وہ بنا مڑے تیز قدموں سے چل رہی تھی

چڑیل چیلنج کر رہی تھی اب شرمندہ ہو کر اسٹور میں بند ہو گی..ہیسم شاور لے کر نکلا تو باہر خاموشی محسوس کی

چلو اب مجھے آرام کرنا چاہئے مگر چوہیا کو دیکھوں کہیں زیادہ اثر تو نہیں لے لیا ہارکا..ہیسم کو تھوڑی دیر پہلے والی نفرت بھول چکی تھی کمرے سے باہر نکلا

یہ کیا ہے میں نے تو اتنی زور سے نہیں پھنکا تھا بہت آرام سے زمین سے لگایا تھا تو یہ خون کہاں سے اور وہ خود کہاں ہے..ہیسم نے سفید فرش پر خون کے دھبے دیکھ پریشانی سے سوچا

کال کرتا ہوں..ہیسم کمرے میں واپس آیا فون اٹھا کر کال ملائی تو رنگ کی آواز کچن سے آنے لگی

لاونیہ لاونیہ..کچن میں پہنچا تو خالی تھا اس موب وہیں کیبن پر پڑا چمک رہا تھا

شرم کا ہلکا سا بھی مادہ ہوتا تو تم اتنی بدتمیزی نہیں کرتی..دوریہ کے چہرے کے تاثرات دیکھتا مخاطب ہوا

دیکھو وہ ایک ہندو لڑکا ہے وہ بھی آرمی کا اللہ نہ کرے جب اسے تم پر شک ہوا تو وقت نہیں لگائے گا تمہیں پورا کرنے میں وہ یہ سب گفٹس دے رہا ہے اس کا مطلب وہ تمہیں پانا چاہ رہا ہے..ہیسم نے اس کے سر کو پکڑ کر ہلایا

سمجھو اس بات کو ..

وہ میرا مشن ہے شوون.. میں مجبور ہوں..دوریہ کا چہرہ غمگین ہو گیا

میں کہتا ہوں تمہارا مشن یہ نہیں ہے..ہیسم کی آنکھیں ٹھنڈی ہوئیں

آپ نہیں سمجھو گے..دوریہ نے اس کے ہاتھ کر پیچھے کیا

میں نہیں سمجھو گا؟؟میں ہی تو سمجھو گا ہم یہاں صرف مشن پاٹنرز نہیں ہیں بلکل ہم دوست بھی ہیں تو مجھ سے زیادہ اس وقت تمہیں شاید کوئی سمجھ پائے ..

آپ اتنی بڑی باتیں تبھی کر رہے ہیں کیونکہ آپ نے کچھ کھویا نہیں میری طرح.. میرے پاس تو جینے کا آسرا بھی نا رہا.. اگلے مہینے میری بہن کی شادی ہے.. میں چاہ رہی تھی اس سے پہلے پاکستان پہنچ جاؤں مگر آپ سب کچھ خراب کر رہے ہیں.. دوریہ نے رخ مڑ کر آنکھوں کی نمی چھپائی

طنز کرنے کے علاوہ بھی کچھ کر لیا کرو.. دل ٹوٹنے لگا دوریہ کے پہلے جملے پر

❤❤❤❤❤❤❤❤

❤❤❤❤❤❤❤❤

یار شوون.. کب ملنے آؤ گے دکھی ہوں تمہیں مس کر رہی ہو.. دیپا میسج ٹائپ کرتی پھر ریمو کرتی کیفیت سمجھ سے باہر تھی

یہ لاونیہ والی ہڈی نکل جائے تو پھر شوون میرا ہو جائے گا.. دیپا نے میسج سینڈ کرتے ہوئے سوچا

I'm busy right now I will text you later

ہیسم کا میسج دیکھ کر اسے تکلیف ہونے لگی

کہاں بزی ہو ابھی بتاؤ..دیپا نے ایک اور میسج سینڈ کیا

With my wife

ہیسم کا جلا کٹا جواب

وہ بچے گی نہیں سن لو اگر ابھی تم میرے پاس نہیں آئے..دیپا کی پہلی دھمکی

OK I'll see you what you doing

ہیسم کا غصے بھرا میسج

سوچ لو میں کس کی بیٹی ہوں..دیپا کا جتانے والا انداز

آگے سے نو ریپلائی ملا...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

♥♥♥♥♥♥

لاؤ نیہ کل صبح مجھے جانا ہے تین دن کے لیے گو وامیں نے سب سے کہہ دیا ہے تمہارا خیال رکھنے کو..ہیسم نے زخم کو بھرتا دیکھ کر خوشگوار لہجے میں کہا

اچھا..میں خود رکھ سکتی ہوں اپنا خیال بچی نہیں ہوں..دوریہ نے اس کی نظروں کے تعاقب میں سر زرا سا اٹھا کر دیکھا تو وہ زخم کو دیکھ رہا تھا

وہ تو دیکھ ہی رہا ہے کہ تم بچی نہیں ہو..ہیسم نے نادانستہ انداز میں اس کے دودھیا گلابی پیٹ کو چھوا

شوون..دوریہ نے کرنٹ کھا کر فاصلہ بنایا

کیا کیا..ہیسم نے برا سا منہ بنایا..دوائی لگا رہا تھا جا رہا ہوں زمین پر..ہیسم نے تکیہ اٹھاتے ہوئے کہا

شوون آپ یہیں سو جائیں بیڈ پر..دوریہ نے جگہ بنا کر اسے بلانا چاہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اچھا مگر سن لو اگر تمہیں جگہ نہیں ملتی تو مجھ پر لیٹ جانا مگر دھکے مت دینا ایک رات کی نیند ہی ملتی ہے وہ بھی خراب اس دن بھی کتنی بار گرتے گرتے بچا ہوں..ہیسم تکیہ اوپر لے آیا اور خود سوچو میں گروں گا اٹھائے گا کون تمہارے لیے تو میں ہوں میرے لیے کون ہے..ہیسم نے لیٹ کر خود پر چادر برابر کی اور کروٹ پر سو گیا

آپ کو میں اٹھادوں گی..دوریہ نے منہ اس کی پشت میں گھسا کر سر گوشی کی چونکہ وہ سوچکا تھا تو اسے بھی نیند آنے لگی

❤❤❤❤💞💞💞

ٹونوٹونوٹونو ...

ٹون ٹون ٹو ..

ٹوٹوٹو..

افف یہ کون جاہل کالز پر کالز کر رہا ہے..ہیسم نے غصے اور جھنجھلاہٹ سے آنکھیں کھولیں اور ہاتھ اٹھانے لگا

لاونیہ..ہیسم نے اپنے ہاتھوں میں قید دوریہ کو دیکھا وہ بہت معصومیت سے اس کے سینے سے لگی محو خواب تھی اور ہیسم کے دونوں بازو اس کے گرد مضبوط حصار باندھے تھے دوریہ کی کمر اس کے بازو پر تھی مشکل سے ایک بازو نکالا تا کہ اس کی نیند نا خراب ہو

اتنا پاس لیٹی ہے بے شرم کر کے چھوڑے گی مجھے...ہیسم نے ایک ہاتھ سے موبائل اٹھایا

مشی کالنگ..ہیسم نے حیرت سے موبائل کو پھر اپنے اور دوریہ کے بنے رومینٹک سین کو دیکھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

استغفر اللہ..استغفر اللہ ہیسم جھٹکے سے بیڈ سے اترا جبکہ دوریہ کی نیند کھلنے لگی تھی

کیا ہوا صبح صبح کرنٹ مار رہے ہیں..دوریہ نے اٹھ کر بیٹھتے ہوئے پوچھا

نن نہیں.. میری پیاری سی فیانس کی کال ہے.. بس اکسائٹمنٹ.. ہیسم نے بتایا اسے اور جتایا خود کو

اوئے ہیسم کے بچے تیری بکنگ پہلے سے ہو چکی ہے ایویں دوسری لڑکیوں میں منہ نا مار.. اپنے سر پر تھپڑ مار کر دل میں سوچا

کال بیک کر کے باتیں کرنے لگا جبکہ دوریہ نے ہنس کر اسے دیکھا

❤❤❤❤❤

کشن اپنے خاص اپارٹمنٹ میں تھا جہاں وہ بلکل اکیلا جاتا تھا اس جگہ کا پتہ صرف کشن کو معلوم تھا وہاں سارے غیر قانونی طریقے سے جانے والوں کی ڈیٹیل تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ باتھ روم سے نکلا.. تو باہر کسی کی آہٹ کا احساس ہوا

ہیلو.. اچانک ہیسم اس کے سامنے آ کھڑا ہوا ایک ہاتھ میں گن تھی

تت.. تم.. تم میرا پیچھا کر رہے ہو.. کشن نے اس کے ہاتھ میں گن دیکھ کر گھبرا کر کہا

زیادہ تنگ نہیں کروں گا بس.. یہ سب چیک کر لوں.. ہیسم نے فائلز کی طرف اشارہ کیا

تم اندر کیسے آئے.. کشن نے دبے دبے غصے میں کہا

جس طرح تم ہمارے ملک میں لوگوں کو دہشت گردی کرنے بھیجتے ہو.. ہیسم نے جیب سے چھوٹا سا ٹائیم بوم نکال کر اسے پکڑوایا

یہ پکڑ لیں بس دو فائلز لینی ہیں ایک یہ ہیسم نے گن اس پر تان کر ایک فائل اٹھائی اور ایک یہ

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اوئے.. شرافت سے واپس رکھ ..

کیا کہا... وہ ابھی بول ہی رہا تھا جب ہیسم نے اس کے منہ میں گن ڈالی ..

شرافت سے ؟؟

ٹھا........خون کے چھینٹے کشن کی پشت پر دریوار پر پڑے گولی منہ کو چیرتی سر سے نکلی کشن گھٹنوں کے بل زمین پر گرا

اللہ حافظ مجھے تمہیں اتنی آسان موت نہیں دینی چاہئے تھی ..ہیسم نے گولی اس کی دائیں آنکھ میں ماری .. مگر اب یہی کرنا پڑے گا میں زرا جلدی میں ہوں .. دوسری گولی بائیں آنکھ میں مارنے کے بعد اسے خون سے لت پت بوم سمیت باہر نکالا اور دور جا کر بٹن دبایا

سب شعلوں اور زروں میں تبدیل ہو گیا ..

ہیسم سگریٹ کے کش لیتا وہاں سے نکلا

❤❤❤❤❤❤❤❤

Posted on Kitab Nagri

کارتک تم کیوں روز روز ملنے کی ضد کرتے ہو.. دوریہ نے اتنے دن سے نقلی بالوں کی وگ لگائے رکھی تھی جو رات کو اتارتی.. تبھی پتہ نہیں چل رہا تھا

لاونیہ تم جانتی ہو میرا گزارہ مشکل ہے تمہارے بن اور تمہارا یہ گفٹ کتنے دن سے میرے پاس پڑا سڑ رہا ہے.. کارتک نے ایک شاپنگ بیگ چھوٹا سا اسکی طرف بڑھایا

کارتک... دوریہ نے حیرت سے سے کارتک کو دیکھا

نہیں نہیں یہ وہی ہے.. دوریہ نے بے یقینی سے پوچھا

جی جان من یہ وہی ہے.. کارتک سر اثبات میں ہلا کر مسکرانے لگا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

افف دل کر رہا ہے تمہارے ہاتھ چوم لوں.. دوریہ شدت جذبات سے بول پڑی

نہیں یہ کام میں کروں گا کیونکہ اب جو میں تمہیں دینے والا ہوں تم نے انکار نہیں کرنا..کارتک نے ڈارک بلیو مخملی ڈبی جس پر وائیٹ نگینے لگے تھے جیب سے نکال کر کہا

یہ کیا ہے..دوریہ نے نفیس سی ڈبی کو دیکھ کر پوچھا

کیا تم میری پیاری سی زندگی میں خوشیاں لاؤ گی..کارتک نے اسے آنکھیں بند کرنے کو کہا

کارتک تم جانتے بھی ہو ..

ارے بس پکی والی دوست میر اارادہ غلط نہیں..کارتک نے اس کے بولنے سے پہلے ہی بول دیا

یس..دوریہ نے خوشی سے آنکھ بند کیں

کارتک نے رنگ نکال کر اس کی دل والی انگلی میں پہنائی اور چٹکی بجا کر آنکھیں کھولنے کو کہا

O my god...

دوریہ نے مسکرا کر رنگ جیسے ہی دیکھی دوریہ کے ہوش اڑ گئے دوریہ حیرت زدہ ہو کر اپنی جگہ سے کھڑی ہوئی

کیا ہوا پسند نہیں آئی.. کارتک نے پریشان ہو کر پوچھا

کارتک یہ یہ..... او یہ تو پلاٹینیم ہے. دوریہ نے بمشکل جملہ ادا کیا اور منہ پر ہاتھ رکھ کر آنسوؤں کو روکنے لگی

اس میں اموشنل ہونے کی کیا ضرورت ہے.. کارتک نے اسے بیٹھنے کو کہا

میں کبھی سپنے میں بھی نہیں سوچ سکتی کہ میں پلاٹینیم پہنوں گی دوریہ کی آنکھوں میں خوشی کی چمک آ گئی

یہ تو بہت اکسپینسیو ہے.. دوریہ نے پوچھا

گفٹ کی قیمت نہیں پوچھتے..کارتک نے اسے خوش دیکھ کر جوش سے کہا

❤❤❤❤❤❤❤❤

کیا دوریہ لالچی ہے؟

💖💖💖💖💖💖💖💖

کیا ہوا آپ کچھ پریشان لگ رہی ہیں..دوریہ خوشی خوشی گھر لوٹی تو ایک لڑکی سانولی سی بہت پریشان لگ رہی تھی کمرے کے باہر چھوٹی سی دہلیز پر بیٹھی کچھ سوچ رہی تھی تو دوریہ اس کی جانب ہو گئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بات ہی پریشانی کی ہے..لڑکی کے لہجے کا ڈر دوریہ کو چونکنے پر مجبور کرنے لگا

دیکھو مجھے اپنا دوست سمجھ کر بتاؤ ویسے بھی ہم روز ساتھ بیٹھ کر کھانا کھاتے ہیں اتنی تو دوستی ہو جانی چاہئے تھی..

دوریہ اس کے قریب بیٹھ کر اپنائیت سے گویا ہوئی

میرا نام مناکشی ہے..ابھی اسٹڈی کرتی ہوں..میرا ایک بوائے فرینڈ ہے..مناکشی کے آنکھیں نم ہونے لگیں

ہاں تو؟؟دوریہ نے اس کے کاندھے پر ہاتھ رکھا

وہ میں ادھر نہیں بتا سکتی..مناکشی نے آنکھیں صاف کرکے ارد گرد دیکھا گھر میں بہت سے لوگ اپنے روزمرہ کے کاموں میں مصروف تھے

چلو میرے کمرے میں..دوریہ اسے کمرے لے گئی یہ جگہ گھر جیسی تھی یہاں کوئی کسی کے کمرے میں چوری نہیں کرتا سب رشتوں کی مناسبت سے رہتے تھے تبھی کوئی اپنے کمرے کو لاک نہیں کرتا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اب بتاؤ جلدی تاکہ میں تمہاری مدد کر سکوں..دوریہ کا پر امید لہجہ مناکشی نے سب اگل دیا آنسوؤں کی جھڑی لگ چکی تھی

مجھے وہ بہت پسند تھا..یہ اس کا آخری سسکتا جملہ

مناکشی میری بات کان کھول کر سنو یہ بات تمہیں بھگوان شیو کی سوگند کسی سے نہیں کروگی کوئی کتنا بھی کلوز کیوں نا ہو.. سمجھی..دوریہ کا لہجہ تبدیل ہونے لگا مناکشی نے حیرت سے اسے دیکھا

ابھی وقت کیا ہو رہا ہے ہاں شام کے چھ بج رہے ہیں..دوریہ نے کمرے میں موجود گھڑی دیکھی

اگر تم نے یہ قسم توڑی تو تمہیں پاپ پڑے گا بہت برا پاپ..دوریہ نے اسے ڈرایا

میں کسی سے نہیں کروں گی.ہاتھوں کو اٹھا کر کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

او کے کل اسی وقت ملاقات ہوگئ اب جا کر آرام سے کمرے میں اپنا حلیہ ٹھیک کرو..دوریہ نے اسے تسلی دی

تھنکس...آپ بہت اچھی ہو..مناکشی اس کے گلے لگ گئ

تم بھی اچھی ہو دوریہ نے ہاتھ سے اسے قریب کر کے کمر پر تھپکی دی تھوڑی دیر بعد وہ واپس چلی گئ جبکہ دوریہ کا پلان کچھ اور تھا

دوریہ جلدی سے ساڑی بدل کر پینٹ شرٹ پہن کر شوز پہننے لگی کمرے میں خفیہ جگہ سے ایک گن نکال کر پینٹ میں چھپائی اور کمرے سے نکل گئ

پہلے بلڈنگ گئ وہاں سے ایک چھوٹا سا بیگ جو اسٹور میں رکھا ہوا تھا اسے اٹھا کر نکل گئ

❤❤❤❤❤❤❤

ہائے ہائے.... چکنی کیا باڈی ہے تیری... میحول نے بڑی اسکرین پر گندی نازیبا ویڈیو لگا رکھی تھی جس میں واضح کسی مجبور لڑکی کی عصمت زری کی جا رہی تھی اچانک لائیٹ چلی گی

ارے یہ لائیٹ کو کیا ہو گیا... میحول نے ہاتھ پر مکا مار کر کہا

اندھیرے میں دیواروں کو ٹٹول کر سوئچ بورڈ تک پہنچا

اچانک کسی کا ہاتھ اس کے منہ پر پڑھا ہاتھ میں موجود رومال پر کلوروفام لگا تھا جس سے لمحوں ہوش کھو بیٹھا

❤❤❤❤❤❤❤

لاونیہ... ہیسم رات کو بلڈنگ کا چکر لگا کر گھر آیا

لاونیہ.. اوئے یہ تو نہیں ہے.. ہیسم نے لائیٹ اوون کی تو کمرہ خالی تھا

فون کرتا ہوں.. ہیسم نے بیڈ پر بیٹھتے ہوئے ایک ہاتھ سے اس کا نمبر ڈائل کرنے لگا دوسرے سے شوز کے تسمے کھولنے لگا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تین دن بعد آیا ہوں اور اس لڑکی کو دیکھو غائب ہے.. پہلی رنگز پر جواب نا ملا تو ہیسم نے واپس ملایا

ہیلو کہاں ہوں لڑکی.. ہیسم نے اس کے اٹینڈ کرتے ہی بے صبری سے کہا

آہ..اے بھگوان......معاف کر دو ...

میں زرا مصروف ہوں بعد میں کال بیک کرتی ہوں..دوریہ کی آواز میں سختی تھی ہیسم نے حیرانی سے پیچھے سے بلکتی آواز کو سنا

یہ آواز کس کی ہے..ہیسم نے پوچھا

چپ....دوریہ کے لہجے میں تضحیک تھی ہیسم نے بند بلیک اسکرین کو دیکھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

رات کے بارہ بج رہے تھے اور دوریہ کے انداز و اطوار ہی انوکھے تھے

ہیسم کے تاثرات میں سختی امڈ آئی شوز لیس واپس بند کر کے غصے سے کمرے سے نکلا

میو حل کو ہوش آیا تو پہلے تو سر چکرا رہا تھا

اب یہ نا کہنا میں کہاں ہوں... دوریہ نے لکڑیوں سے آگ کو اور بڑھایا اور ایل بڑا سا چھرا اس پر دہکنے کو رکھ دیا

تم تم کون ہو اور مجھے یہاں یہ کون سی جگہ پر لے کر آئی ہو... میحول نے ادر گرد غور سے آنکھیں کھول کر دیکھا

وہ کھلے آسمان کے نیچے ایک کرسی پر بندھا بیٹھا تھا بس منہ کھلا تھا دونوں ہاتھ کرسی کے ہینڈل سے بندھے تھے
روشنی صرف سامنے شعلوں سے ابھرتی آگ سے بنی تھی اور آگ بھی بڑی بھڑکتی لگی تھی

میں تمہاری فوٹو گرافی کی فین ہوں. دوریہ نے رخ اس کی جانب کیا

او تو پھر یہ کون سا طریقہ ہے بتانے کا پلیز مجھے برا لگ رہا ہے کھولو مجھے... میحول کے لہجے میں سکون ابھرا

Posted on Kitab Nagri

نہیں ناتم بڑی سیکسی پکچرز لیتے ہو کالج کی معصوم لڑکیوں کی..تو سوچا آج ایک فوٹو شوٹ میں بھی کروں تمہارا..
دوریہ نے کیمرہ اٹھایا اس کی تصویر بنانے لگی

اڑے واہ جی کیا پوز ہے..لڑکیوں کو بدنام کرنے والا ان کی گندی تصویریں بنا کر نیٹ پر ڈالنے والا آج کتنا مظلوم لگ رہا ہے..دوریہ نے کیمرہ رکھ کر آگ میں پڑا بڑا سا چھرا جو کہ سرخ ہو چکا تھا اٹھایا

بڑا مزہ آنے والا ہے...دوریہ اس کی طرف بڑھی

کیا کیا نہیں تم کچھ نہیں کرو گی..یہ پیچھے کرو لگ جائے گا..میحول کے پسینے چھوٹنے لگے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دوریہ قریب آکر اس کے بندھے ہاتھ کی انگلی پر چھرا رکھا

آآ....میحول کی چیخیں..درویہ نے دوسرے ہاتھ سے بیگ میں سے ہتھوڑا نکالا

ٹھک.... ہتھوڑے کی ضرب

آ.... آ... نہیں نہیں.... معاف کر دو... میحول کا رونا پیٹنا دوریہ نے اس کی انگلی جدا کی

بڑی پیاری انگلیاں ہیں.. دوریہ نے چھرا دوسری انگلی پر رکھا

میحول کی چیخوں کی خطرناک آواز

بچاؤ... بچاؤ..

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہ ویرانہ ہے یہاں جانور بھی نہیں ہوتے تم کس کو آواز دے رہے ہو.. دوریہ کی عجیب شکل بننے لگی یہ ہے اصلی دوریہ پاک ایجنٹ... دوریہ نازک کلی دیکھنے والی ایک عام سی لڑکی دو بڑی گینگز کے ڈان کو تڑپا تڑپا کر مارنے والی

بے رحم.. سنگ دل... جذبات سے عاری..

میحول کی دل خراش دھاڑوں کے درمیان فون رنگ کرنے لگا

دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کو کاٹنے کے بعد خون سے لتھڑے ہاتھوں سے فون اٹینڈ کیا

کہاں ہو لڑکی...ہیسم کا بے چین لہجہ

میں زرا مصروف ہوں بعد میں کال بیک کرتی ہوں..بے لہجہ

یہ آواز کس کی ہے..ہیسم نے یقیناً میحول کی آہ وبکا سن لی تھی

چپ...دوریہ نے فون کاٹ کر بیگ میں اچھالا

چھرا ٹھنڈا ہو چکا تھا اب دوریہ نے چھرے کا رخ میحول کی دائیں آنکھ کی جانب کیا

ایسی حالت کروں گی کہ موت مانگوں گے.. مگر ملے گی نہیں موت.. دوریہ نے چھرے پر زور ڈالا

آ........آ....آ.....میحول کی دلخراش چیخیں قبر میں مردے کو بھی جگا سکتی تھیں مگر دوریہ کا پتھر دل ناپگلا

میحول کی روح تک کانپ چکی تھی آنکھ سے خون کی دھار نکلنے لگی زور مزید بڑھایا گیا درد کی شدت سے میحول اپنے حواس کھو بیٹھا

اوہو ایسے تو نہیں درد کو محسوس کرو کتنی لڑکیوں نے تمہاری وجہ سے سوسائڈ کیا ہو گا.. دوریہ نے چھرا کھینچ کر باہر نکالا آنکھ بہت خوناک ہو چکی تھی کوئی مرد بھی یہ نظارہ اتنی پرسکون اور تحمل سے نہیں دیکھ سکتا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

لعنتی شخص مارنا تو نہیں ہے عبرت کا نشان بنا رکھنا ہے تمہیں.. دوریہ نے اس کے ہوش میں آنے کا انتظار شروع کر دیا کیونکہ بغیر درد کے وہ اسے سزا نہیں دینا چاہ رہی تھی

❤❤❤❤❤❤❤❤

ھیسم نے موبائل سے اسکی لوکیشن ٹرانس کی... اور گوگل میپ کھول کر مطلوبہ لوکشن کی جانب نکلا

ابسام کی بائیک اٹھائی اور نکل دیا

یہ کون سی جگہ ہے...ہیسم نے گوگل میپ آن کیا دیکھتے ہوئے سوچا

ہیسم بڑی مشکل سے ایک ویران سے علاقے تک پہنچا دور کہیں سے ہلکی سے روشنی نظر آرہی تھی

یہاں کیا کر رہی ہے..لاونیہ..ہیسم نے بائیک روک کر اترا

دیکھتا ہوں میڈم کو..ہیسم لمبے لمبے ڈاگ بھرتا چل رہا تھا تبھی اسے دور سے دوریہ نظر آ گئی اس کے سامنے روتا بلکتا لڑکا جو خون سے تربتر ہو چکا تھا آنکھ انتہائی خوف ناک منظر پیش کر رہی تھی ہیسم کو حیرت کے شدید جھٹکے لگے تبھی وہ ایک بڑے پتھر کے پیچھے چھپ گیا اور دوریہ کی مانند کاروائی دیکھنے لگا

نہیں نہیں ایسے تو نہیں چھوڑوں گی ابھی تو تمہاری سیوا کرنی ہے...دوریہ نے بیگ سے پلاس نکالا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہ زبان یہ زبان تم نے کتنی لڑکیوں کو دھوکا دینے کے لیے استعمال کی ہو گی.. دوریہ نے پلاس سے اسکی زبان پکڑ کر باہر کھینچی

.....میحول نانا کے اشارے کر کے رونے لگا اب تو چیخ بھی گھٹنے لگی تھی

دوریہ نے دوسرے ہاتھ سے چھرا اس کی زبان پر رکھ کر دھیرے دھیرے کاٹنے لگی

میحول کی گلا پھاڑنے کی آواز پر ،بیسم نے پھٹی نظروں سے دوریہ کے ظالمانہ روپ کو دیکھا

زبان کاٹ کر زمین پر پھینکی... اور واپس اسکی طرف مڑی

میحول کو کھولا.. چلو اب ہاتھ کاٹوں یا پاؤں.. دوریہ کا سنگین لہجہ

نہیں نہیں.. گنگی زبان میں کہتا میحول زمین پر گر گیا.. حالت بہت خستہ ہو چکی تھی ..

دوریہ نے اسے رونے کا وقت دیتے ہوئے موبائل اٹھایا

اومائے گاڈ یہ منحوس میرا پیچھا کر رہا ہے.. دوریہ کو ریڈ الرٹ مل رہا تھا

یعنی وہ بہت قریب ہے ..

چلو.. جا کر گاڑی میں بیٹھو ورنہ اڑا دوں گی... دوریہ نے اس گاڑی کی طرف دھکا دیا اور بیگ وغیر سنبھال کر گاڑی میں پھینکا

یہ گاڑی بھی تمہاری ہے... دوریہ نے اس کے ہاتھ باندھ کر کہا

میحول تو حواسوں میں ہی نہیں تھا دوریہ نے گاڑی اسٹارٹ کر کے رش ڈرائیورنگ شروع کر دی

اس سے تو بعد میں نمٹتا ہوں.. ہیسم نے اس کی تیزیاں دیکھ کر بائیک کی جانب قدم بڑھائے

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

اسے اس کے گھر پھینک کر دوریہ گھر پہنچی اس وقت چہل پہل لگی تھی جبکہ آدھی رات کا وقت تھا دوریہ دروازے سے ہی واش روم چلی گئ

سر پر ڈھیر سارا پانی ڈال کر گہرا سانس لیا ہاتھ پاؤں دھو کر باہر نکلی تو ہیسم بھی ان سب کے درمیان ہنستا بولتا نظر آیا

یہ پہنچ بھی گیا لگتا ہے بلڈنگ میں سامان رکھنے میں زیادہ وقت لگ گیا.. دوریہ اسے نظر انداز کرتی کمرے میں آئی

پہنچ گئ اب دیکھتا ہوں.. ہیسم نے بات کرتے ہوئے اسکی پشت دیکھ دل میں سوچا

کپڑے نکال کر تبدیل کرنے لگی جب دروازہ کھلنے لگا یہ ہیسم ہی تھا جو بغیر پوچھے گھس رہا تھا

ایک....ایک منٹ....دوریہ دروازے کی جانب ہو کر زور ڈال کر بند کر کے بولی

میں ہوں...ہیسم نے ناچاہتے ہوئے بھی کہہ دیا

کپڑے بدل رہی ہوں ایک منٹ..دوریہ نے اپنی طرف سے دھیمی لہجے میں کہا مگر باہر ہیسم کے پیچھے سے گزرتی عورت نے سن لیا

ہائے یہ کیسی سہاگن ہے اپنے پتی کو باہر کھڑا کرر کھا ہے...ارے پتی تو پتنی کا مان ہوتے ہیں اس سے بھی شرم کرتی ہے یہ لڑکی... عورت نے قدرے اونچی آواز میں کہا جو صحن میں بیٹھے دو تین لوگوں نے تو سن لی تھی

بچوا یہ کیا بات ہوئی...وہاں سے ایک اور عمر رسید خاتون نے پکار کر کہا

پتی کی کوئی عزت نہیں ہے... کیسی عورت ہے ابھی بھی شرم نہیں آئی اور دروازہ نہیں کھولا.. بھگوان شما کرے ورنہ پتی تو بھگوان سمان ہوتا ہے اس کو ہمارے زمانے میں پتی کمرے میں ہوتا تو ہم اس کے چرنوں میں بیٹھ کر دبانے لگتے... رام رام... عمر رسید عورت کی بات پر ہیسم کا سینہ چوڑا ہو گیا

دوریہ اندر اپنا سر پیٹ کر رہ گئی.. کہاں پھنس گئی.. دوریہ نے بغیر بدلے دروازہ کھولا اور باہر نکلی

اے لڑکی شما مانگ شیو رام سے تجھے پاپ نا لگ جائے ہائے بچارہ بھولہ سا کب سے تیرا انتظار کر رہا ہے اور تو اپنے پتی کو یہ سمان دے رہی ہے..ہیسم کے ساتھ کھڑی عورت نے سخت لہجے میں کہتے ہوئے ہیسم کے سر پہ ہاتھ رکھا

شما کر دو رام جی ہم سے بھول ہو گئی.. دوریہ نے ہاتھ جوڑ کر اونچی آواز میں کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تو نے پتی کا دل دکھایا ہے پہلے اسے منا تب بھگوان مانے گا... عمر رسید عورت نے اس کے چہرے کو دیکھ کر کہا

جی جی ماتا جی.. جو آگیا.. دوریہ نے ہیسم کا بازوں پکڑ کر اسے اندر کیا اور دروازہ بند کر کے چٹخنی لگائی

ہیسم نے پردے ٹھیک کی ئے اور اس کا بازو پکڑ کر قریب کیا

پتنی...پہلے یہ بتاؤ کہاں گئی تھی..ہیسم نے عشقانہ انداز میں تفتیش شروع کی

یہ کیا کر رہے ہیں..میں کہاں جاؤں گی...دوریہ کی مکمل کوشش کے باوجود آنکھوں کی سرخی کم نا ہو سکی تھی
سرخ نشلی آنکھیں ہیسم نے غور سے دیکھا

❤❤❤❤❤❤

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ارے پیاری سہاگن..اپنے سہاگ کو دھوکا دے رہی ہو..ہیسم کی گرفت سخت ہوئی..آنکھیں اس کی آنکھوں
پر مرکوز تھیں

یہ کیا کر رہے ہیں چھوڑیں.. چھوڑیں نا

کام سے گئی تھی..دوریہ نے نظریں چرائیں

سچ...ہیسم نے بازو سے کھینچ کر مزید قریب کیا

ہاں...دوریہ گہرے گہرے سانس لینے لگی چہرہ سرخ ٹماٹر بن چکا تھا اوپر سے ہیسم کی گرم سانسوں کی مہک ماحول کو فسوں خیز بنانے لگی

سانس کو کیا ہو گیا..ہیسم نے گھمبیر لہجے میں چہرہ جھکا کر اس کے قریب ہوا

اوہاں کچھ بتانا تھا دوریہ نے اسے جلدی سے دور کیا رخ بدل کر منہ بنایا

ہاں بتاؤ..ہیسم نے اس کے کاندھے پر ہاتھ رکھا

مجھے بھی بتانا ہے مگر پہلے تم بتادو..ہیسم سوچ رہا تھادوریہ کچھ دیر پہلے کی گئی کاروائی کے بارے میں کچھ کہے گی

نہیں آپ بتائیں دوریہ اس کی طرف مڑی

میں سوچ رہا تھا چھ مہینے ہونے والے ہیں مشن کو اور اب تھوڑا سا مزید رہ گیا ہے مشن تو کیوں نا انڈیا گھوم پھر کر واپس جائیں میرا مشن تو دو تین مہینوں بعد مکمل ہو جائے گا پھر تمہارا رہ جائے گا وہ مل کر کرلیں گے ویسے کہاں تک پہنچی ہوں..ہیسم نے جلدی سے کہہ کر پوچھا

ابھی رہتا ہے...دوریہ نے کہہ کر بیڈ پر بیٹھ کر شوز اتارے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اب تم بتاؤ..ہیسم کرسی پر بیٹھا اور شوز اتارنے لگا

میں نے کارتک سے انگیجمنٹ کرلی ہے..دوریہ نے بم گرایا

یہ اس نے رنگ دی ہے..ہاتھ اٹھا کر دیکھایا ہیسم نے جھٹکے سے سر اٹھا کر رنگ کو دیکھا

میں بہت خوش ہوں مجھے اس جیسا آئی تھینک کبھی نہیں ملے گا..دوریہ ٹرانس کی سی کیفیت بنا کر گویا ہوئی

تمہاری زندگی ہے تم جو کرو ہندو کے ساتھ رہو یا سکھ کے ساتھ مجھے کیا لگا..اینڈ آئندہ مجھ سے بات کرنے کی ضرورت نہیں ہے..مجھے فرق نہیں پڑتا..ہیسم کے لہجے میں لڑکھڑاہٹ تھی مگر زبان میں مضبوطی،ہیسم بغیر اس کی جانب دیکھے لائیٹ اوف کرکے ایک سائڈ پر ہو کر سونے کی ایکٹنگ کرنے لگا

دوریہ کمرے میں اندھیرا چھا جانے کی وجہ سے اس کے رخ کو دیکھنے لگی دوریہ کی جانب اسکی پشت تھی سو دوریہ میڈم نے جلدی سے کپڑے بدل کر بستر کا رخ کیا

دوریہ لیٹ کر اس کے قریب ہوئی ..

شوون..دوریہ نے اس کی چوڑی پشت پر ہاتھ رکھا

تمہیں پتہ ہے پرسوں.. ہولی ہے.. دوریہ نے سر اٹھا کر اس کے کان میں سرگوشی کی

ہمم.. ہیسم نے جواب دینا ضروری نا سمجھا چونکہ وہ کچھ دیر پہلے اسے کہہ چکا تھا کہ مجھ سے بات کرنے کی ضرورت نہیں ہے

تم سوگ ئے ہو.. دوریہ کا موڈ آپ کہنے کا بلکل نہیں تھا تبھی اپنائیت سے مخاطب ہو رہی تھی

ہیسم نے آنکھیں کھولیں

یہ ہے میری پتنی جو کسی اور سے منگنی کر کے مٹک مٹک کر بتا رہی تھی اب پتنی کی طرح قریب ہو کر پوچھ رہی ہے سوگ ئے.. ہیسم نے برے دل سے سوچ کر کروٹ بدل کر اس کی جانب ہوا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ.دوریہ اس کے مڑنے پر گڑبڑا گئ

ہیسم نے اس کے اوپر اپنا بھاری بھر کم ہاتھ رکھا دوریہ نے آنکھیں بند کر لیں

Posted on Kitab Nagri

شروع ہو گئی..پہلے خراٹے پر ہیسم نے دکھ سے سوچا دوریہ کی ٹانگ ہیسم پر تھی اور ہیسم اس وقت کو کوس رہا تھا جب اس نے اپنا ہاتھ اس پر رکھا تھا

❤❤❤❤❤❤❤❤❤

صبح کا سورج اپنی آب و تاب سے چمک رہا تھا باہر معمول سے زیادہ چہل پہل تھی لڑکیوں کی ہنسی کی آوازیں بچوں کی شرارتوں کا شور عورتوں کی کام نمٹانے کی جلدی عمر رسید خواتین کی صالح مشورے

دوریہ نازک بالیاں کانوں میں ڈال کر ساڑی کے پلو کو ٹھیک کر رہی تھی ..

رنگ اڑنے دو..رنگ اڑنے دو...دوریہ گنگناتی بستر کی جانب مڑی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جہاں ہیسم اوندھا لیٹا سو رہا تھا آدھی چادر اس پر اور باقی زمین پر اس کی کسرتی چوڑی گندمی کمر اس وقت بہت بھلی لگ رہی تھی

ایک پکچر بناتی ہوں..دوریہ سوچتی موبائل اٹھانے لگی

تبھی ہیسم سیدھا ہو کر لیٹا اب اس کا چوڑا سینہ سامنے تھا ہیسم کے ماتھے پر بکھرے بال بچوں جیسی معصومیت دور یہ تو بہت پیاری لگی کیمرہ آن کر کے دو تین تصویریں لے کر پرائیویٹ نمبر پر اسٹیٹس لگایا

Hubi before holi preparation

ساتھ اسکی نیند بھری تصویریں لگائیں ..

ایجینسی کے جاننے والوں کے ریپلائز اسٹارٹ ہو گئے

Haisam looking nice..

ہیسم کے رینک کے کیپٹن کا ریپلائی

Thanks...

Sir love you

جونیئر کا ریپلائی

میں ان سے کہہ دوں گی دوریہ نے مسکرا کر کہا

پھر یہ سلسلہ شروع ہو چکا تھا دوریہ فون اوف کر کے باہر چلی گئ

میں بھی رنگولی بناؤ..باہر لڑکیاں مہندی لگوا رہی تھی کوئ رنگوں کو خوبصورتی سے سجا کر زمین پر رنگولیاں بنا رہی تھی

دوریہ پوز میں بیٹھ کر رنگولی بنانے لگی ابسام اس کے قریب سے گزر کر چلا گیا اسے پتہ ہی نہیں تھا یہ ہے لاونیہ

یہ کیا بنا رہی ہو..ساتھ بیٹھی لڑکی نے ہنس کر کہا اس نے رنگوں کو مکس کر کے کچھ عجیب سی چیز بنالی تھی دوریہ بھی بے اختیار ہنسنے لگی

یہ بن گیا.خود ہی.دوریہ اپنا مزاخ اڑاتی ہنسنے لگی

ہیسم تب تک جاگ چکا تھا شرٹ پہن کر باہر نکلا تو دوریہ کی کھنکتی ہنسی نے استقبال کیا

یہ کیا ہے... لڑکیاں اس کی رنگولی دیکھنے آ کر ہنسنے لگیں

اچانک تیز میوزک لگا دوریہ نے پیروں سے رنگولی کو اڑایا

لڑکیاں اسے لے کر اپنی رنگولیاں دیکھانے لگیں ہیسم بھی مسکرانے لگا

بچے میوزک پر ناچ رہے تھے سو دوریہ میں بھی کیڑا اٹھا

تبھی مناکشی دوڑ کر اس کے گلے لگی اور سرگوشی کرنے لگی

تم نے جس کو بھی اسے سبق سیکھانے بھیجا تھا وہ سیکھا چکا ہے.. مناکشی کی آواز میں زندگی کی لہر تھی

اچھا.. دوریہ نے انجان بن کر کہا

پتہ ہے میری اور بہت سی لڑکیوں کی فوٹوز بھی کلیئر ہو گئی ہیں ..

شکر ہے.. دوریہ نے خوشی سے کہا

چلو ڈانس کرتے ہیں دوریہ مناکشی سنگ لہکنے لگی میوزک کے لے کی مناسبت سے ہلتی کمر ہیسم کو مدھوش کر گئ

لڑکیاں گول دائرہ بنا کر تالیاں بجانے لگیں اور وہ بچوں کی طرح خوش ہوتی محور قصاں تھی

ناگن... ہیسم نے اس کی بل کھاتی کمر کو دیکھ کر ٹائیٹل دیا

اسے دیکھنے لگا نا تو ایمان خراب ہو جائے گا.. ہیسم نظریں چراتا واش روم کی جانب جانے لگا

ارے جیجو آپ بھی آؤ نا لڑکیوں نے لاونیہ کے پتی کی حیثیت سے ڈانس کے لیے بلایا دوریہ رک کر اسے دیکھنے لگی

نہیں نہیں ..ہیسم نکلنے لگا

ارے ایسے کیسے نہیں نہیں .اب یہاں نرما کے پتی کو تو نہیں بلا سکتے آپ ہی ہیں جیجو ان کے پتی آئیں نا ..لڑکیوں میں سے ایک نے اپنی دوست کا کہہ کر اس واپس بلانا چاہا

مجھے نہیں آتا ..ہیسم بھاگنے کی تیاری میں تھا لڑکیوں نے اس گھیر لیا اور شور شرابا شروع کر دیا

آجائیں ..دوریہ نے بھی آواز لگائی

مجھے سچ میں نہیں آتا ہیسم کا کمزور سا احتجاج

گانا چینج کرو.. لڑکیوں نے ہیسم کو گھیر کر دوریہ تک پہنچایا

کالا جادو کر دی آ

تیری اکھ سونڑیے

پورا لندن ہلدا

ہلے جو تیرا لک سونڑیئے

ہیسم کھڑا اس کی مٹکتی کمر دیکھنے لگا بڑی لچک تھی دوریہ میں یہ تو ہیسم کو باور ہو چکا تھا

منڈیاں نو ماریں گی

نا ایوں ہس سونڑیئے

کے ڑاپنڈ شہر تیرا

تو مینو دس سونڑیئے

لڑکیوں نے ہیسم کو بھی ڈانس کرنے کو کہا

اچھا..ہیسم نے سر ہلا کر کہا

اولگدی لاہور دی آ

جس حساب نال تکدی اے

اولگدی پنجاب دی آ

جس حساب نال ہنس دی آ

ہیسم نے دوریہ کا بازو پکڑ کر قریب کیا اور شروعات کی

کڑی داپتہ کرو

پتہ کرو پتہ کرو

ہیسم کی خوبروئی پر جچتا ڈانس دوریہ بھی بے خود رہ گئی

ہوٹنگ سے گونجتا درودیوار ہیسم آدھے میں ہی نکل گیا دوریہ کے چہرے پر چھائی الوہی مسکان گہری ہو گئی

♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥

دوپہر سرکنے لگی تو دھوپ میں نرمی آ گئی چونکہ کل ہولی تھی تورش معمول سے زیادہ تھا دوریہ نے ایجینسی سے پیسے منگوا کر شاپنگ کا ارادہ کیا سو ہیسم بھی آؤٹنگ کے موڈ میں نکل پڑا

یہ کیسا ہے.. دوریہ پہلے برائیڈل ڈرس لینے آئی اپنی بہن کے لیے

صحیح.. ہیسم نے نظر انداز کرتے ہوئے جواب دیا

جب شادی تک کا جوڑا لینے کی نوبت آچکی ہے تو کارتک کو لے آتی..ہیسم نے جل کر سوچا

دوریہ نے خوبصورت لہنگا کنفرم کیا

لہنگا پیکنگ کے لیۓ رکھ لیا گیا دوریہ سر سری شاپ کا جائزہ لینے لگی

واؤ..یہ کتنا خوبصورت ہے..دوریہ کی نظر ایک ڈمی ڈول پر پڑی تو بے اختیار دل چاہا خرید لے

چھوٹی سی گولڈن چولی جس پر کانچ کے چھوٹے چھوٹے نگ لگے تھے سونے کی رنگ کی تاروں کا جال جو بہت ہی دیدہ زیب لگ رہی تھی اور بڑا سا گھیر دار لہنگا گھیر بہت سی پرتوں پر مشتمل تھا لہنگے پر ہیروں جیسے نیگنے لگے تھے بہت ہی حسین لہنگا تھا دوریہ کو اس میں اپنا عکس نظر آیا وہ بھول گئ اس میں کتنی بڑی کمی ہے

یہ کتنے کا ہے..دوریہ لپک کر اس کی جانب ہوئ

میم یہ تو ڈزائنر لہنگا ہے

And it's price 29 lac,s

شاپ پر کھڑی ہیلپر گرل نے بتا کر اس کے چہرے کو دیکھا

دوریہ کا دماغ ہی ہل گیا

It's so costly

دوریہ کے پسینے چھوٹ گئے ہیسم اس کی حرکتیں دیکھ رہا تھا

ارے دو دو لہنگے لے رہی کہیں دوسرا ابھی کوئی نہیں ہے.. ہیسم نے اسے دیکھ کر سوچا

کیا میں اس کا فوٹو لے سکتی ہوں.. دوریہ نے ہیپلر گرل سے پوچھا

اوکے میم ہم فوٹو لینے نہیں دیتے مگر آپ لے لیں.. گرل مسکرا کر بولی

دوریہ نے فون نکال کر اسکی واضح تصویریں لیں اور واپس ہیسم کے پاس بیٹھ گئ

ارے تم بھی لے لو کسی کے لیۓ اگر لینا ہے تو. دوریہ نے اسے مخاطب کیا

نہیں مجھے نہیں لینا.. ہیسم نے منہ بنا کر کہا

مجھے کل کے لیۓ کوئ ڈھنگ کا ڈریس لینا ہے چلو.. ہیسم کا بازوں پکڑ کر کھڑی ہوئ ہیسم نے بازوں چھڑانا چاہا
دوریہ اس کے جذبات سمجھ کر خود ہی دور ہو گئ

بیگ پکڑ کر دوسری شاپ گۓ دوریہ نے خاموشی سے اپنے لیۓ سمپل سی وائیٹ ساڑی لی ہیسم نے مکمل وائیٹ دھوتی پر جس پر گولڈن کناری لگی تھی ساتھ سفید ہی شاٹ قمیض لے کر نکل گیا

Posted on Kitab Nagri

گھر میں پھولوں سے سجاوٹ کی گئ تھی روشنیاں پورے گھر میں چمک رہی تھیں رنگوں کے بڑے بڑے پیکٹس دور یہ گھر پہنچی تو کپڑے رکھ کر لڑکیوں کے درمیان چلی گئ مہندی لگوانے کو ہاتھ آگے کیے تو ایک لڑکی نے مہندی لگانی شروع کر دی

ہیسم بے دلی سے کمرے میں لیٹ گیا

کیا کر رہا ہے.. ابسام اس کے کمرے کا دروازہ کھلا دیکھ کر اندر آیا

یار بور ہو رہا ہوں.. ہیسم نے اٹھتے ہوئے کہا

کیوں.. تیری پاٹنر کہاں ہے یار عجیب بندہ ہے تو پاٹنر کے ہوتے ہوئے بور ہو رہا ہے ابسام شریر لہجے میں گویا ہوا

بات سن گھر فون کر کے پوچھ ہانی کا رشتہ آیا ہے وہ شاید تجھے بتانا بھول گ ئے.. ابسام کہتے ہوئے اس کے قریب بیٹھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یار ناکر مجھے تو ہوا تک لگنے نہیں دی..ہیسم نے موبائل نکالتے ہوئے کہا

ابسام اور ہیسم ساتھ ہی اس شعبے میں آئے تھے تو ایک دوسرے کے ہاں آنا جانا لگا رہتا

ہیلو ممی کیا چل رہا ہے بھئی گھر میں...ہیسم نے ابسام کو دیکھ کر کہا

بیٹا تمہیں کس نے بتایا..زرینہ نے حیرت سے ہنس کر کہا

آپ بتائیں گی کہ نہیں..ہیسم نے نروٹھے لہجے میں پوچھا

بیٹا ابسام کی والدہ ہانی کا ہاتھ مانگنے آئی تھیں میں نے تو انہیں امید دلائی..زرینہ نے پیار بھرے لہجے میں کہا

ایک منٹ ایک منٹ ابسام کتے...ہیسم نے کال کاٹ کر اسے دیکھا

ابسام ہنسنے لگا.. کیا ہو گیا یار.... ابسام پیچھے ہوا

تو کتنا چالاک ہے. میرے سامنے اس سے لڑائیاں کرتا تھا آج پکا کام کر لیا.. ہیسم نے اس کے پیٹ میں مکا مارا

ارے چھوڑنا.. سنا نہیں ہے جہاں لڑائی ہوتی ہے وہیں پیار بہت ہوتا ہے. ابسام کا فلمی انداز

توبہ توبہ...

شوون چلو ناسب باہر... او آئیم سوری مجھے پتہ نہیں تھا یہاں کوئی ہے.. ہیسم کچھ کہنے ہی والا تھا جب دوریہ کمرے میں آکر شروع ہونے لگی ابسام کو دیکھ کر شرمندہ ہونے لگی

یہ ہے.. ہیسم نے چہرے پر سنجیدگی طاری کی

اوئے نا کر.. ابسام نے ہاتھ بڑھایا کیسی ہیں آپ ..

ٹھیک ہوں اور آپ.. دوریہ نے ہاتھ ملایا

میں شوون کا سکریٹ فرینڈ ہوں.. ابسام نے تعارف کروایا اپنا

اوکے.. دوریہ جانے لگی

شوون آنا ہے کہ نہیں.. دوریہ دروازے میں رک کر پوچھنے لگی

نہیں..ہیسم کی ناراضگی عروج پر تھی

یار بہت بہت خوبصورت اور معصوم ہے سونائیس تیری قسمت ہے.. ابسام نے رشک کیا

ہمم چل نا اتنا روڈ کیوں ہے.. ابسام نے اسے باہر چلنے کو کہا

نہیں یار من نہیں..ہیسم نے بیڈ پر لیٹتے ہوئے کہا

میں چلتا ہوں اوکے..ابسام اسے چھوڑ کر چلا گیا باہر اونچی آواز میں میوزک لگا تھا ہر طرف روشنی تھی ہیسم نے کمرے میں اندھیرا کر رکھا تھا دوریہ پھر کمرے کی طرف نہیں آئی تھی

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

رات دوریہ تیاریوں میں مصروف لڑکیوں کے ساتھ ہی کہیں سو گئی ہیسم پوری رات اس کا انتظار کرتا کرتا نا جانے کون سے پہر نیند کی آغوش میں سو گیا

ابھی صبح کی ہلکی ہلکی نیلی روشنی پھیلی تھی کہ گھر میں چہل پہل شروع ہو گئی پہلے پوچا کا انتظام تھا جو شادی شدہ عورتوں سے شروع ہو کر بچوں تک پہنچتا

دوریہ پوجا کے بعد کمرے میں آئی تو وہ سو رہا تھا اسے سوتا سمجھ کر دوریہ نے کمرے کے دروازے کی چٹخنی اوپر کر کے پردے برابر کیئے پہلے سے پہنی زرد رنگ کی ساڑی کا پلو گرا کر اتارنے لگی

www.kitabnagri.com

ہیسم کا رخ اسکی جانب تھا مگر دوریہ کو زیادہ چھان بین کرنے کا من نہیں تھا

سفید ساڑی نکال کر بستر کے کنارے پر رکھی سرخ سفید پیٹ پر چوٹ کا گہرا نشان واضح تھا تبھی پہلے پاؤڈر لگا کر اسے کور کیا

ساڑی اتاری نیچے چھوٹا سا گھٹنوں سے زرا نیچے فٹ پاجامہ پہن رکھا تھا اسی پر دوسری ساڑی پہننے لگی

ساڑی پہن کر اسے دیکھا تو وہ بدستور سو رہا تھا جلدی جلدی میک اپ کر کے جیولری پہنی بالوں میں گجرے پہنے گولڈن بڑے بڑے گول جھمکے بہت خوبصورت لگ رہے تھے

مکمل تیار ہونے کے بعد منگل سوتر پہنا سندور کی ڈبی کھولنے لگی تو باہر سے کسی نے آواز دے دی سو جلدی سے باہر چلی گئی

اتنا اعتبار کرتی ہے مجھ پر کہ میرے ہی سامنے کپڑے بدل رہی ہے..ہیسم نے کروٹ بدل کر سوچا

Posted on Kitab Nagri

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

samiyach02@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Page/Social Media Writers .Official

Fb/Pg/Kitab Nagri

samiyach02@gmail.com

whatsapp No : 0316-7070977

افففففف کیا چڑیل ہے..ہیسم کو اسکا بلاؤز کھولنے والا سین یاد آیا

اب اس سے نظریں ملانے ایک اور بھی مشکل ہو گیا ہے..ہیسم نے دروازہ کھلتا دیکھ کر آنکھیں بند کیں

Happy holii shawan hubii

دوریہ نے دونوں ہاتھوں میں بھرا رنگ اس کے گالوں لگایا

ہیسم نے آنکھیں کھول کر اسے دیکھا جو اس پر جھکی نکھری تازہ گلاب کی کلی لگ رہی تھی مسکراہٹ لیے لبوں پر سرخ لیپ اسٹک قاتل لگ رہی تھی

پہلا رنگ پتی کو لگاتے ہیں.. دوریہ نے اس کی نظروں کو جانچا

اور اب میں لگاؤں گا رنگ...ہیسم نے اس کا ہاتھ پکڑ کر جھٹکا دیا تو وہ جھولتی ہوئی ہیسم کی بانہوں میں گری..

شوون... دوریہ نے حیرت سے اس کی آنکھوں میں دیکھا

❤❤❤❤❤❤❤

کیاہوا..ہیسم نے اس کی حیرت دیکھی اور مسکرانے لگاایک ہاتھ اسکی کمر پر رکھ کر دباؤڈال کر اس کا چہرہ قریب کیا اپنے رنگوں سے بھرے گال اس کے ملائم گالوں سے مس کرنے لگا

شوون کیا کر رہے ہو..دوریہ نے اسے دھکیل کر پیچھے کرنا چاہا

ڈر کیوں رہی ہو..ہیسم نے بازوں پھیلا کر اس کے کندھے سے قید کیا

جائز ہے مائے وائف.ہیسم نے اسے اپنے پہلو میں گرا کر اس پر جھکتے ہوئے کہا

پاگل ہو...دوریہ نے بغیر سوچے سمجھے اپنا اصلی چہرہ دیکھالیا اتنی زور سے اسے دکھا دیا وہ بیڈ سے نیچے آنکھوں میں ازلی سرخی در آئی

جائز ہے یا ناجائز..میں برداشت نہیں کروں گی اور وہ صرف پیپر ایگریمنٹ ہے..دوریہ نے کھڑے ہو کر ساڑی کا پلو درست کیا

تمہاری اوقات دیکھنی تھی..ہیسم جگہ سے اٹھا تم وہی ہو نا جو اس دن مجھے گرا نہیں سکی تھی معصوم بن کر آئ تھی..ہیسم اس کے مقابل کھڑا ہوا

یہ کون سا ناٹک ہے..ہیسم نے اس کا ہاتھ پکڑ کر زبر ستی کارتک کی دی گئ انگوٹھی اتاری

واپس دے دو..دوریہ نے چھیننے کی کوشش کی

واپس....ہیسم ہنسنے لگا

ویسے کیا مجھے بھی تمہارے سامنے کپڑے بدلنے پڑے گے..ہیسم نے معنی خیزی سے کہا

کیا...مم مطلب تم جاگ رہے تھے..دوریہ نے بے اختیار منہ پر ہاتھ رکھا

جی مکمل ہوش و حواس سے دیکھ بھی رہا تھا ہیسم کے لہجے میں سرد پن چھلکا

نکلو میں چینج کروں.........ہولی ہے...ہیسم نے اس کے گال پر لگا رنگ دیکھ کر طنز کیا

چھوڑوں گی نہیں...دوریہ دھمکاتی غصے سے پلٹی

میں چاہتا بھی یہی ہوں مجھے مت چھوڑو قبر تک ساتھ چلو..ہیسم چڑھانے کے انداز میں خود کلامی کرنے

اب تو تقدیر نے ہیسم کی بات پر آمین کہہ دیا تھا دوریہ کے ہاتھ پر ہیسم کا خون لکھ دیا ہیسم بے خبر آنے والے کل سے دروازہ بند کر کے تیار ہونے لگا

❤❤❤❤❤❤❤

یار نہیں آسکتی پوری فیملی ہے کیسے نکل کر آؤں کل پکا آؤں گی..دوریہ نے لسی کے گلاس کی ٹرے اٹھا کر بلو ٹوتھ پر کارتک کو کہا

Posted on Kitab Nagri

اوہو آج اتنا زبردست سرپرائیز تھا تمہارے لیے..کارتک کے لہجے میں عجیب سی بے چینی تھی

اوکے کل پکا آؤ گی ..

ہاں جی کل پکا اب تم بھی ہولی مناؤ..دوریہ کو لڑکی نے منع کیا گلاس لے جانے سے

اچھا لو یو اینڈ ہیپی ہولی..کارتک نے پیار سے کہہ کر فون بند کیا

کیا ہو گیا ہے..دوریہ نے لڑکی کو کہا

یہ ایسے نہیں جائیں گے ان میں بھانگ ملائی ہے یہ گلاس صرف شادی والے آدمیوں کو پلانے ہیں..لڑکی کے لہجے میں پنہاں شرارت

ارے سچ میں..دوریہ نے ہنس کر کہا

ہاں نا.. لڑکی نے بھانگ کا پیکٹ نکال کر دوریہ کو دیا

سب گلاسوں میں ایک چمچ ڈالنا.. لڑکی نے ایک پیکٹ خود کھولا

اچھا.. دوریہ کے دماغ نے کام کرنا شروع کیا سب میں ایک ایک چمچ ڈالنے کے بعد ایک اپیشل گلاس بھر کر اس میں دس چمچ سے زیادہ بھانگ ڈالی

ارے ارے یہ اتنی زیادہ خطرناک ہوتی ہے.. لڑکی نے اس کے چلتے ہاتھوں کو دیکھا

میرے والے کو نشہ جلدی چڑھتا نہیں ہے اور ایک چمچ سے اسے گدگدی بھی نہیں ہونے والی.. دوریہ نے شرارت سے کہہ کر گلاس اٹھا کر باہر نکل آئی

ہیسم کمرے سے نکل چکا تھا باہر آدمیوں میں بیٹھا تھا جب دوریہ گلاس بانٹتی اس تک پہنچی اس کا خاص گلاس اس کی طرف بڑھایا

شوون لسی پی کر کمرے میں آنا بات کرنی ہے.. دوریہ نے سرگوشی کی ہیسم نے گلاس لبوں سے لگا کر غٹا غٹ پی لیا

ہمم اچھا.. ہیسم نے گلاس واپس ٹرے میں رکھا اور کمرے کی طرف چلا گیا

سنو میوزک صحیح سے اون کرو اب سب ناچنے کے موڈ میں ہیں.. دوریہ نے ڈی جے کو کہہ کر ٹرے لے کر کچن میں گئی

سنو میں زرا اپنے پتی کے ساتھ کمرے میں ہوں کسی کو کمرے کا دروازہ بجانے مت دینا.. دوریہ نے وہاں پر کھڑی مناکشی کو کہا

اوکے میں دیکھ لوں گی.. مناکشی بھی سج کر تیار کھڑی پیاری لگ رہی تھی

شوون.. دوریہ کمرے میں آئی تو ہیسم پر نشہ چڑھنے لگا تھا دوریہ نے کمرے کی چٹخنی چڑھا کر پردے برابر کیے باہر میوزک اونچی آواز میں لگ گیا تھا

لاونیہ.. ہیسم بیڈ سے اٹھا یار سر میں سر.. سر درد.. ہیسم پر نشہ چڑھ چکا تھا

کیا ہوا.. دوریہ مصنوعی پریشانی سے گویا ہوئی

بہت... بب.. بہت ہوٹ لگ رر رہی ہو.. ہیسم اس کی طرف بڑھا

ایک منٹ اس لیے نہیں دی لسی.. کچھ اور جیسے کل زبردست ڈانس کیا تھا ویسا کچھ کرو تمہاری ویڈیو بنا کر ایجنسی بھیجوں.. دوریہ نے اسے دھکا دے کر پیچھے کیا

ڈانس.. نن نہیں.. میں رومینس.. ہیسم مشکل سے بولتا واپس اس کی جانب بڑھا اس کا ہاتھ پکڑ کر اپنے قریب کیا ہیسم اس وقت بہت معصوم لگ رہا تھا اس پر اس کی وجاہت ہیسم اس وقت ایک عام سا ہینڈسم سالڑ کا لگ رہا تھا وہ خطرناک رعب دار کہیں گم ہو گیا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

لاوی .ہیسم نے اس پر اپنا چہرہ جھکا کر اسے خود میں بینچا ..

شوون... یہ نہیں.. دوریہ نے اس کی گرفت ڈھیلی کرنے کی ناکام کوشش کی مگر وہ حواس سے بیگانہ اپنی تمام تر قوت سے اس پر جھکا ہوا تھا اپنے مہکتے لب اس کی گردن پر رکھے دوریہ کے پورے وجود میں سنسی مچ گئ

وہ اسے کی گردن پر چومتا اسے بیڈ کے قریب لا کر بیٹھایا

میں.... کک.. کچھ نہیں... کروں گا.. ہیسم نے اس کے سفید پڑتے چہرے کو دیکھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہ اوپ.. رکرو.. ہیسم نے اسکے پیروں کو بھی اوپر کیا دوریہ چوکڑی مار کر اسے گھورنے لگی

کیا کرنے کا ارادہ ہے.. مار کھاؤ گے.. دوریہ نے چبا چبا کر کہتے ہوئے اس دیکھا

ہیسم بغیر کچھ کہے اس کی گود میں سر رکھ کر لیٹ گیا ٹانگیں لمبی کر کے آنکھیں بند کر کے

ہیسم کی آنکھ سے ایک آنسو لڑک کر گرا

شوون کیا ہوا شوون.. دوریہ نے اس کے چہرے پر ہاتھ پھیرنا کر پریشانی کہا

تم..نے برا کیا.. مم مجھے نشہ پلا کر..ہیسم کے لہجے میں اس کے اندر کا دکھ بول رہا تھا

معاف کر دو میں نے تو فن کے لیے ایسا کیا دوریہ کو اسکا دکھی روپ درد دینے لگا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تم اداس کیوں ہو..دوریہ نے زخموں سے بھرے سینے پر ہاتھ رکھ دیا

بہت وجائیں ہیں..کون سی بتاؤں..ہیسم نے اس کا ہاتھ پکڑ کر لبوں سے لگایا

جو سب سے بڑی ہے وہ بتادو.. دوریہ نے دوسرا ہاتھ اس کے بالوں میں پھیرتے ہوئے کہا

مجھ میں کمی ہے... بہت بڑی کمی... ہیسم نے منہ اسکی گود میں چھپا کر آہستہ آواز میں کہا

کون سی... دوریہ نے حیرت زدہ ہو کر پوچھا

میں میں نہیں بتا سکتا.. ہیسم کی آواز میں نمی گھلنے لگی

بتانے بوجھ ہلکا ہو جائے گا... دوریہ نے پیار اسکے ماتھے پر بال پھیلائے

ہمم میں.. مم میرے اندر اولاد ہونے والا سیل ہی نہیں ہے وہ ٹوٹ گیا... وہ... وہ میں بانجھ ہو چکا ہوں.. میں نہیں بتاتا کسی کو.. یہ بات صرف میرے دوست کو پتہ ہے.. ہیسم نے دھندلی آنکھوں کو اس کی گود میں رگڑا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آخ......دوریہ نے سکتہ ذدہ نظروں سے اسے دیکھا جس بات کا طعنہ دوریہ اسے ہر بات پر دیتی تھی آج وہ اتنی بھیانک حقیقت بن کر دوریہ کے منہ پر طماچے کی صورت پڑا

شوون ..

کیا ...

تم نشے میں ہو؟؟

پتہ نہیں..یہ نن نہیں پتہ.. بہکتی آواز میں کہتا اٹھ کر بیٹھ گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تم نشے میں ہی ہو تو تمہاری منگیتر کو پتہ نہیں اس بات کا.. دوریہ نے اس کے غمگین چہرے کو دیکھا

ہیسم نے نا کے اشارے میں سر ہلایا اور دوریہ کو پکڑ کر قریب کیا

اس کے کاندھے پر ہاتھ رکھ کر بلاوز زرا سر کا کر برہنہ کاندھے پر ہونٹ رکھے دوریہ دم باخود اس کی گراں حالت دیکھنے لگی

لاونیہ.. مجھ سے دور مت جانا..ہیسم نے اسے سینے سے لگایا

ہمم..دوریہ نے اس کی گردن میں بانہیں ڈال کر کہا

ہیسم دیوانوں کی طرح اس کے کاندھے کو چومتا گردن تک پہنچا گردن سے زرا نیچے بیوٹی بونز پر پھر اس سے نیچے سینے پر پہنچنے لگا ہی تھا جب دوریہ نے اسے روک دیا

شوون تم آرام کرو مجھے باہر کام کرنا ہے..دوریہ نے اسے خود سے دور کیا

لاونیہ..مت..جاؤ..ہیسم نے گزارش کرنے لگا

دوریہ گہرا سانس لے کر اسے دیکھنے لگی جو پھر سے بچوں کی طرح اس کے گالوں کو چوم رہا تھا دوریہ نے اب مزید کوشش کرنے کی ضرورت نہیں سمجھی

تت. تم تمہیں گدگدی ہوتی ہے..ہیسم نے اسے گدگداتے ہوئے معصوم لہجے میں پوچھا

ہاہاہاہااوا وپلیز ہوتی ہے ہوتی ہے.. دوریہ اس کی قید میں مچلتی زور زور سے ہسنے لگی،ہیسم بھی اسے ہنستا دیکھ کر ہسنے لگا

شوون چھوڑو میرے پیٹ میں درد ہو رہا ہے.. دوریہ نے لاتوں کے زور سے اسے دور کیا سانس پھول گئ تھی ہنسنے سے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تمہیں آتی.. دوریہ نے اس کے پیٹ میں گدگدی کی تو ہیسم لوٹ پوٹ ہونے لگا ہنس ہنس کر

ہندوؤں کی گھر میں مسلمانوں کی پاکیزہ قربت پر کالی نظر پڑی ان کی ہنسی پر کسی کی بدعا پڑ گئ

وقت نے کوشش کی دونوں کو ساتھ رکھنے کی مگر حالات بے وفا ہونے والے تھے

❤❤❤❤❤❤❤❤

لاونیہ.. ہیسم رات کو اٹھا تو کمرہ خالی تھا اسے آواز دی تو جواب ندارد پا کر اٹھ کر قمیض پہن کر باہر نکلا

تمہارا پتی جاگ گیا ہے.. دوریہ لڑکیوں میں بیٹھی خوش گپیوں مصروف تھی جب ایک لڑکی نے ہیسم کو باہر نکلتا دیکھا

دوریہ نے مسکرا کر ہیسم کو دیکھا

ہاں جاگ گیا پورا دن سو رہا تھا.. دوریہ نے اپنی نئی دوستوں کو ہنس کر کہا

اچانک دوریہ کی گردن پر ہلکا سا درد ہوا دوریہ نے انگلی مطلوبہ جگہ پر رکھ دبائی اور چہرے کے تاثرات سرد پڑنے لگے

دوریہ نے لڑکیوں سے معذرت کی اور سیدھا گلی کے دروازے سے نکلی

بیٹا رات کو کہاں جا رہی ہو.. ایک گھر کے آدمی نے اسے نکلتا دیکھ پوچھا

انکل میری چین کچرے میں گھر گئی ہے بس وہی دیکھنا چاہ رہی تھی دوریہ نے بات گھڑ کر کہا

اچھا.. آدمی نے تنگ کرنا مناسب نا سمجھا سو اسے جانے دیا

دوریہ گردن پر ایک جگہ پھر انگلی رکھ کر دبائی

ہیلو.. بلوٹوتھ ساڑی سے نکال کر کان میں لگایا

جی مجھے سنگل مل گیا ہے ...

آپ فکر نا کریں میں فلیش بھجواتی ہوں کرسٹل باکس کا ابھی کورڈ نہیں پتہ وہ معلوم کر کے بھجواتی ہوں ..

بس آپ میری سیٹس کنفرم کرلیں ...

نہیں .. کارتک اتنا تنگ نہیں کرے گا ...

شوون کو بھی ابھی نہیں پتہ ....

نہیں آپ بھی مت بتانا ...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کل آخری بار کارتک سے مل کر بات کلئیر کرلوں گی کوئی بھی بہانہ وغیرہ کر کے ...

اسے مجھ پر شک نہیں ہے ... دور یہ بلڈنگ کی جانب جانے کو ٹیکسی میں بیٹھی

نہیں شوون کی کالز ریکاڈز ہیں میرے پاس..وہ بھی سینڈ کرتی ہوں ...

صرف دیپانام کی لڑکی نے میرے نام پر دھمکی دی ہے باقی اس کی منگیتر سے باتیں ہیں ..

جی اس کی تمام معلومات ہے وہ کلئیر ہے اس نے صرف ایک بندے کو اڑایا ہے..کوڈ لینگوچ شروع ہو چکی تھی جس کا ترجمہ لکھا ہے

میرے تو چار ختم ایک کی حالت خراب ..

نہیں اس کا مشن بہت رہتا ہے میرا تو کمپلیٹ ہے کیمکل لانا تھا وہ ہے میرے پاس دوسرا اس کی ڈیٹیل بھی ہے میرے پاس..دوریہ نے ہنس کر کہا مگر لہجہ سخت تھا

بس بھائی..دوریہ کرایہ دے کر باہر نکلی

ارے آپ کنفرم کر دیں کل مل جائے گا کورڈ ..

اس میں شک والی تو بات ہی نہیں ..

اوکے چلیں آپ کی تسلی کی خاطر ایک ہفتہ اور گزارتی ہوں.. دوریہ فلیٹ پہنچی

الرٹ کرنے کی کیا ضرورت تھی ...

اچھا....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

چلیں ہولڈ کریں.. دوریہ نے فلیٹ کو اندر سے لاک کیا اسٹور روم میں جا کر لیپ ٹاپ بیگ سے فلیش نکال کر اس میں سے کارڈ نکالا اور موبائل میں لگا کر ایجنسی نمبر پر کنیکٹ کیا

ملا؟؟

چلیں چیک کر کے فون کرنا...

میں جا رہی ہوں شوون کھوجی بن کر ڈھونڈ رہا ہو گا.. دوریہ نے بلوٹوتھ اف کر کے اسٹور لاک کیا

❤❤❤❤❤❤❤

کہاں تھی..ہیسم کرسی پر بیٹھا موبائل چلا رہا تھا جب دوریہ اندر داخل ہوئی دروازہ بند کر کے اس کی جانب مڑی

کام پر.. دوریہ نے فون سنگھار میز پر رکھا اور کان سے جھمکے اتارنے لگی

آئی کہاں سے ہو کسی نے دیکھا نہیں.. ہیسم نے اس کی پشت کو دیکھا

چھت کے راستے سے آئی ہوں سب کو لگا میں چھت پر تھی.. دوریہ اس کی طرف مڑی

اچھا انٹیلیجینٹ..ہیسم نے کہہ کر کرسی چھوڑی اور بستر پر چلا گیا

ادھر دیکھو ساڑی بدل رہی ہوں.. دوریہ نے کاندھے پر لگی پن نکالتے ہوئے کہا

اب کیا فائدہ..ہیسم نے دل میں سوچ کر ہلکی سے مسکراہٹ سے کروٹ بدلی

پورا دن بھی سو ہی رہے تھے..اب پھر سونے کی تیاری..دوریہ نے کپڑے بدلتے ہوئے بات کی

ہاں بس اب کیا کر سکتے ہیں..ویسے میں سویا کب تھا..

❤❤❤❤❤❤❤❤

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دوپہر کے قریب سوئے تھے..دوریہ نے کپڑے بدل کر بستر پر چھلانگ لگائی

لسی میں کچھ تھا شاید..ہیسم کو بستر پر اس کی موجودگی کا احساس ہوا تو وہ کروٹ بدل کر اس کی جانب ہوا

ہاں بھانگ تھی..بوریت بھرے لہجے میں کہا

واٹ..ہیسم جھٹکے سے اٹھ بیٹھا

کیا تم نے مجھے بھانگ پلائی ..

نہیں تم نے خود پی..دوریہ نے اس کی ہونکوں جیسی شکل دیکھی

تم اوور ہو رہے تھے..دوریہ نے اسکا انٹرسٹ دیکھ کر بات بڑھائی

میں میں کیا کر رہا تھا..ہیسم نے دلچسپی سے چوکڑی مار کر پوچھا

ہمم بتادوں؟دوریہ بھی اٹھ کر بیٹھ گئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں ہاں بتاؤ ..

میں بہت ہوٹ لگ رہی ہوں.. دوریہ نے ہنس کر کہا

نو نو میں یہ نہیں کہہ سکتا تم.. تم ہیسم کا چہرہ پہلے ہی جملے پر سرخ ہونے لگا

شوون ڈانس کرو... نہیں میں نے ڈانس نہیں رومینس کرنا؟؟؟ دوریہ نے بہت اعلی ایکٹنگ کر کے اسے بتایا

اومائے..ہیسم نے کہنی منہ کے آگے کر کے چہرہ چھپایا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

لاوی.. پھر یہاں پر کسی... دوریہ نے گردن کی جانب اشارہ کیا اور الٹی والا منہ بنایا

میں افففف میں یہ سب کیسے.. نہیں مجھے خود سے یہ امید نہیں ہے..ہیسم نے کہنی ہٹا کر کہا

اوکے گڈ نائیٹ دوریہ کا موڈ اوف ہوا ہیسم کی بے یقینی پر سو لمبی تان کر لیٹ گئ

ہیسم بھی لیٹ گیا اس کے پہلو میں

یہ باتیں کسی کو کر نا مت.. ہیسم نے اس کی اور چہرہ کیا

ہمم... دوریہ کے سونے کی مکمل تیاری کروٹ لی

ہیسم نے ایک ٹانگ اور بازو اس پر گرایا اور اسے قریب کیا

ایک بات پوچھوں.. ہیسم نے ہونٹ اس کے کان کے قریب کی ئے جس سے اسے کرنٹ لگنے لگا

ہاں.. دوریہ نے بنا مڑے کہا چونکہ دوریہ کی پشت ہیسم کے سینے سے لگی تھی اس لی ئے آواز آرام سے آرہی تھی

تم نے کل میری بنا شرٹ کے پک پرائیویٹ نمبر کر اسٹیٹس پر لگائی تھی..ہیسم نے اسے مزید خود میں سمو کر پوچھا

ہاں..دوریہ نے تنگ ہو کر اسے دھکا دیا

پتہ ہے کتنے فرینڈز نے اسکرین شاٹ لے کر بھیجا ہے کیونکہ تمہارا پرائیویٹ نمبر تو میرے پاس نہیں ہے... ہیسم نے مزید کس کر پکڑا

شوون.. چھوڑو..مجھے مت پکڑا کرو یہ سب اپنی منگیتر کے ساتھ کرنا اور مجھے بھی یہ سب میرے ہسبینڈ سے کرنے کے لیئے چھوڑو..حد ہے تصویر لگا کر جرم تو نہیں کر دیا اور اب میری چوٹ ٹھیک ہے میں زمین پر سو جاؤں گی دوریہ نے اس کی گرفت سے خائف ہو کر چہرے پر غصے کا تاثر ڈالا پھر تکیہ اٹھا کر زمین پر لیٹ گئی

جاؤ جہاں مرضی..ہیسم نے اوپر سے چادر پھنکی

ہیلو..ہیسم کا فون بجنے لگا تبھی دوریہ نے کان میں بلوٹوتھ لگایا

www.kitabnagri.com

کیسے ہو جانو..مشال کی جانی پہچانی آواز

ٹھیک ہوں..ہیسم کا نپا تلہ جواب

مجھے کتنا مس کیا..مشال کا پہلا سوال

آئی تھنک کام کے درمیان مجھے کچھ یاد نہیں آتا مگر تم نے کال کر کے اپنی یاد دلا دی..ہیسم نے بہانہ گڑا

الا..میلا بے بی..میلا بچا..مجھے تو تم بھولتے ہی نہیں..مشال کی محبت سے چور آواز

تھنکس مائے کوئین..گھر میں سب کیسے ہیں..ہیسم کا لہجہ نارمل ہوا

سب ٹھیک ہیں بس عرش نے منگنی کرلی ہے اس کی شادی کی تیاریاں چل رہی ہیں..اور اسد کا نکاح ہو گیا ہے کل باقی ندا کی شادی اگلے ہفتے ہے محسن کی بیٹی ہوئی ہے یاد ہے ہماری انگیج کے بعد ان کی شادی ہوئی تھی پرسو دوسری بیٹی ہوئی ہے..مشال کے لہجے میں گہرا ملال چھایا

مبارک ہو اتنا سب ہو گیا خاندان میں..ہیسم نے اس کے لہجے میں پنہاں شکوہ نظر انداز کیا

ہیسم یار میرے بال سفید ہو جائیں گے مزید سالوں بعد اور کتنا انتظار کرواؤ گے..مشال گلوگیر لہجے میں گویا ہوئی

مشی پلیز مجھے نہیں پتہ کب مگر جلد ہو گا..ہیسم کے لہجے میں دکھ بولنے لگا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تم کہیں مجھے چیٹ تو نہیں کر رہے..مشال نے شک کا اظہار کیا

نہیں مشی اگر چیٹ کرنا ہوتا تو تمہیں اپنے نام کی انگوٹھی نہیں پہناتا...ہیسم نے مضبوط انداز میں کہا

مجھے تم پر پورا یقین ہے ..

دوریہ نے بلوٹوتھ آف کیا ایک بات سیدھا دل پر لگی جو ہیسم نے آخر میں کہی

شادی اس سے کرنی ہے اور مزے مجھ سے لینے ہیں .. دوریہ کا دل ارد گرد سے اچاٹ ہو گیا دم گھٹنے لگا

اٹھ کر دروازہ کھولنے لگی ہیسم نے موبائل کان سے لگائے اشارے سے پوچھا کہاں ؟؟

دوریہ نے بنا مڑے باہر کی طرف قدم بڑھائے باہر ابھی اندھیرا تھا سب تھکے ہارے لیٹے سو رہے تھے دوریہ بھی لڑکیوں کے درمیان کھلے آسمان تلے لیٹ گئی

کارتک ..... کیا تم بھی مجھے یوز کر رہے ہو .. دوریہ نے آنکھیں موند کر سوچا

کارتک ...... تم مت کرنا ایسے ... دوریہ نے دعا کی

رات کی میٹھی ہوا کی چادر دوریہ کو سکون دینے لگی کب وہ سوگئی یہ اسے بھی معلوم نہیں تھا

ہیسم باہر نکل کر اسے دیکھ کر واپس جا چکا تھا

❤❤❤❤❤❤❤❤❤

ایک اور چہل پہل بھری صبح کا آغاز ہوا دوریہ اٹھی تو اس پہلے ہی ارد گرد کا ماحول تبدیل ہو چکا تھا دوریہ بیٹھ کر عورتوں کو کام کرتا دیکھنے لگی اس وقت وہ اکیلی صحن میں بیٹھی تھی

کیا ہوا اٹھنے کا من نہیں ہو رہا.. بیلا نے کہا جو ہر وقت اس کے ارد گرد رہتی اسکی دوست بن چکی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نہیں.. سستی چڑھی ہوئی ہے.. دوریہ نے انگڑائی لی اور چادر چھوڑ کر بستر لپیٹنے لگی

ارے میں اٹھا لوں گی تم جا کر اندر سو جاؤ.. بیلا نے اس کے ہاتھوں سے لیتے ہوئے کہا

دھنے واد..دوریہ نے مسکرا کر کہا اور کمرے میں چلی گئی ہیسم بھی ابھی اٹھا تھا اور بستر پر سستا رہا تھا

اٹھ گئے..دوریہ نے اپنا موبائل اٹھایا

نہیں تو..ہیسم نے بیٹھ کر اپنے کستر ڈولے بازوؤں کی انگلیوں کو آپس میں ملا گردن کے پیچھے لے گیا اور کڑ کڑ کی آواز سے پٹاخے نکلے

اچھا...دوریہ نے میسج پڑھنے شروع کیے کارتک کے

کب آؤ گی ...

میں نے اپنے پرسنل اپارٹمنٹ میں تیاری کی ہے

یار میں کب سے ویٹ کر رہا ہوں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں لینے آجاؤں

جواب تو دے دو

بہت زبردست سرپرائیز ہے پلیز جلدی آجاؤ ....

یار ویٹ کررہاہوں ...

دس بج گئے اب تو اٹھ جاؤ...

اچھا اب میں تھک گیا ہوں جلدی آؤ ..

تمہارے دل نہیں دکھتا مجھے اتنا انتظار کروانے پر... یہ اس کا آخری میسج تھا

سوری.........میں بس آدھے گھنٹے میں پہنچ رہی ہوں...دوریہ نے ٹائپ کیا اور سینڈ کر دیا

کس سے بات کر رہی ہو؟..ہیسم کب اٹھ کر اس کے سامنے کھڑا ہو گیا پتہ ہی نہیں چلا

کسی سے نہیں..دوریہ نے موب اوف کر کے اسے دیکھا

اچھا وہ لہنگا غائب ہے کمرے سے,ہیسم نے اوبر واٹھا کر پوچھا

ہاں وہ گھر بھیجوا دیا ہے..دوریہ نے کہہ کر اس کے عقب سے نکل کر بیگ میں سے کپڑے نکالنے لگی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اچھا میں سمجھا چوری ہو گیا ہے..ہیسم نے کرسی پر پڑی شرٹ اٹھا کر پہنی

میں زرا فلیٹ جا رہا ہوں رات تک شاید واپس آؤں..ہیسم نے موبائل اٹھا کر چیک کیا

میں بھی شام کو آجاؤں ؟؟؟دوریہ کے لہجے میں بھولا پن تھا

ہمم کیوں...ہیسم نے اسے دیکھ کر پوچھا

ایسے ہی میں نہیں آسکتی کیا؟؟دوریہ نے پنک شاٹ فراک کے ساتھ سلور اونچا پاجامہ نکالا پنک اور سلور پنک مکس میں ڈوپٹہ تھا

اچھا آجانا کھانا بنادوں گا مل کر کھا کر واپس آجائیں گے ایک مووی بھی دیکھ لیں گے..ہیسم پلان ترتیب کر کے واش روم کی طرف چلا گیا

ہیسم واپس آیا تو دوریہ نک سک سے تیار کھڑی دل موہ لینے کی حد تک خوبصورت لگ رہی تھی چھوئی موئی سی پری کی طرح

نہیں تو گھر میں ہی ہوں..دوریہ نے بلش ان برش گالوں پر رگڑتے ہوئے کہا

اتنا تیار؟؟ہیسم نے اس کے کان میں پڑے موتی کو چھوا

آج ہولی کی دعوت ہے نا توبس..دوریہ نے برش رکھ کر ڈبی بند کی اور سندور کی ڈبی اٹھائی

ادھر دو میں لگا تا ہوں..ہیسم نے ڈبی پکڑ کر کھولی

دوریہ کی جانب مڑی..شوون نہیں کرونا...دوریہ نے ڈبی لینی چاہی

ٹھیک ہے پکڑو پھر..ہیسم نے منہ بنا کر ڈبی سنگار میز پر پٹخی اور مڑ کر اپنے کپڑے الماری سے نکالنے لگا

اچھا سوری..یہ لو..دوریہ نے اس کی پشت پر ہاتھ رکھا

ہمم..ہیسم نے مڑ کر کٹھور چہرے سے سندور اس کی مانگ میں بھرا اور واپس الماری میں گھس گیا

اچھا پھر ملتے ہیں دوریہ نے اسے جاتا دیکھ کر کہا

ارے ہاں میں یہ کپڑے وہیں بدل دوں گا..ہیسم نے کپڑے شاپر میں ڈالے

دوریہ اس کے پیچھے کھڑی ہو گئ

کیا میں تمہیں ہگ کروں تمہیں برا تو نہیں لگے گا..وہ مڑا تو دوریہ اس کے بلکل قریب کھڑی تھی

ہاں ؟ہیسم نے نا سمجھی سے پوچھا دوریہ نے ہاں سمجھ کر اس کی گردن میں بانہیں ڈالیں

لاونیہ...ہیسم نے خود کو کنڑول کرتے ہوئے اسے آواز دی

دوریہ کی دل کی دھڑکن بہت تیز تھی ہیسم کو اپنا سینہ پھٹتا ہوا محسوس ہوا ہیسم کے بازو شل ہو چکے تھے اس خود میں سمونے کی ہمت بھی نا رہی تھی کچھ انہونی ہونے والی تھی دوریہ کا دل گھبرانے لگا

کیا ہوا ہے..ہیسم نے بمشکل قفل زدہ لب کھولے

کچھ نہیں..دوریہ اس کے گال کو چوم کر اس سے نظریں ملائے بغیر نکل کر باہر چلی گئ ہیسم کا دل رکنے لگا قدم وہیں جم چکے تھے خود کو حوصلہ دیتا شاپر اٹھا کر نکلا

ایک سرد لہر دوریہ کے پورے بدن پر حاوی ہونے لگی اسے جاتا دیکھ کر دوریہ بھی نکلی دوست کے گھر جانے کے بہانے سمیت گن فراک میں اچھے سے چھپا کر پرس کاندھے پر لٹکائے وہ پہلی بار کار تک سے اکیلی ملنے جا رہی تھی ویسے عموماً کافی شاپ ہوٹل..مال وغیرہ ہی جاتی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

ہیسم بلڈنگ پہنچا سینے میں ٹھنڈک کا احساس تھا اسے دوریہ سے اسے انداز کی توقع ہرگز نا تھی

کہیں مجھے...لاونیہ سے پیار. نہیں... مشی سے ہے ہیسم نے فلیٹ کا دروازہ کھولا

مگر پھر لاونیہ کے لمس میں وہ سکون ہے جس کی تلاش میرے جسم کو ہے مشی... مشی کے لمس میں وہ حرارت نہیں..ہیسم ورک روم میں کام کرنے لگا چہرے پر الوہی مسکراہٹ تھی آج کام میں من نہیں لگ رہا تھا

مشی لویو...لاونیہ..نو نو...ہیسم خود کو تسلی دیتا دوبارہ کام کرنے لگا

میں مشی کو دھوکا نہیں دے سکتا..وہ مجھے چاہتی ہے اور لاونیہ صرف پیپیر میرج نبھا رہی ہے..کشن کے دفتر س ءلائی فائلز کی چھان بین کرنے لگا

شنکر ہنومان..پاکستان میں..نواز علی کے نام سے رہ رہا تھا پہلے پتہ اس کا کٹنا ہے..ہیسم نے پہلی فائل کی جانچ کرتے ہوئے سرخ مارکر سے چند اہم نکات پر دائرہ لگایا

دوپہر گزری تو پانی پینے کو باہر آیا تو کچن کی گندی حالت دیکھ کر سر پکڑ کر رہ گیا

شام کو لاونیہ آئے گی یہ دیکھ کر بھاگ نا جائے پہلے یہ صاف کرتا ہوں آج اسے ریسٹ دیتا ہوں .ہیسم نے پہلے ورک روم کا دروازہ لاک کیا پھر صفائی میں جت گیا

♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥♥

کتنی دیر لگادی .کارتک نے دوریہ کو دروازے پر ناراضگی سے دیکھا اور اسے لے کر اندر آ گیا

سوری بزی تھی ہولی ہے نا..دوریہ نے اندر آکر پھولوں سے سجے اپارٹمنٹ کو دیکھا

واؤ بہت پیارا سجایا ہے..دوریہ نے خوش ہو کر کہا

یہ سب آپ کے لیئے ہی تو ہے اور میرے ہاتھوں کا کمال ہے..کارتک نے سر خم کر کے کہا

صبح کی پہلی ازان پر ہی ہیسم کی آنکھ کھل گئ بڑی چاہ سے آنکھیں کھول کر پہلو میں دیکھا.. مگر یہ کیا پہلو تو خالی تھا دور یہ نہیں تھی ہیسم چونک کر اٹھا کمرہ خالی تھا واش روم کا دروازہ بھی کھلا تھا

دوریہ...ہیسم نے کسی خیال کے تحت آواز دی جس کا جواب نادارد،ہیسم کے تاثرات تن چکے تھے بالوں میں ہاتھ پھیر تا شرٹ پہننے لگا تکیے کے نیچے سائیلینٹ پڑا موبائل نکالا اور آن کیا

اتنی کالز..اللہ خیر امی اتنی کالز تو نہیں کرتیں..ہیسم..پریشان نے کھڑا ہوا شوز پہن کر واش روم سے منہ دھویا اور فون والٹ پینٹ کی جیب میں رکھ کر نکلا

کمرہ کرائے کا تھا اس کا کوئی سامان نہیں تھا تبھی بھاگ کر لفٹ میں کھڑا ہوا نیچے پہنچنے تک پریشانی سوا ہو چکی تھی گاڑی میں بیٹھا تو دوریہ کی بے وفائی پر افسردگی ہونے لگی رش ڈرائیونگ کرنے لگا

دوریہ کیا اتنا کافی نہیں تھا جو یوں بنا بتائے نکل گئی..اب تو میں بھی نہیں مخاطب کرتا تمہیں پیار محبت اپنی جگہ لیکن میری سیلف رسپیکٹ ہے میں بار بار تو تمہارے آگے جھکوں گا نہیں..ہیسم موڑ کاٹ کر سوسائیٹی تک پہنچا باہر اپنا کارڈ دیکھا کر اندر داخل ہوا..

گھر کے پچھلے حصے میں گاڑی کھڑی کی اور نکل کر دوسری طرف سے گھر میں داخل ہوا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کہاں تھے..زرینہ نے اس کو اندر آتا دیکھ کر کہا

کام پر..ہیسم نے نظریں چرا کر کہا..

ایک کال تو بندہ اٹھالیتا ہے ہیسم..کل کو ہم مر بھی رہے ہونگے تمہیں کال نہیں کریں گے..زرینہ نے روتے ہوئے کہا

ممی کیا ہوا..ممی آپ رو کیوں رہی ہیں.ہیسم بے اختیار زرینہ کی جانب بڑھا دوریہ بھک سے اڑ گئ

بیٹا کل رات ایک بجے ابسام ہانیہ کو لے کر گیا ہے بہت غصے میں تھا میں نے پوچھا تو کہنے لگا کام ہے..میں پریشان ہو گئ تمہیں کال کی تم خود کسی بہت ہی ضروری کام پر تھے جس میں فیملی کی کال بھی اٹینڈ نہیں کر سکتے تھے..زرینہ نے آنسو صاف کی ئے

کیا...ہہ..ہانی..کو مگر کیوں..ہیسم نے پریشانی سے سوچا

تم کہاں تھے بیٹا.. کمرے سے حسن نکلے ..

بابا بس کچھ خاص نہیں ایسے فالتو.. جلے لہجے میں کہتا خود پر غصہ آنے لگا

دور یہ سے ضروری تو یہ میری فیملی ہے جسے میری ضرورت ہے اور میں نے وقت برباد کر دیا اس پر.. ہیسم سوچتا واپس نکل گیا

تھوڑی دیر بعد کال کرتا ہوں.. ہیسم نے نکلتے ہوئے کہا

واپس کار کی جانب آیا ایک ہاتھ سے انسان کا نمبر ملانے لگا

گاڑی اسٹارٹ کر کے واپس سوسائٹی سے نکلا اب رخ ایجنسی کی جانب تھا

ہیلو... ابسام... ہیسم نے کندھے کی ٹیک سے فون کان سے لگایا بلوٹوتھ بھی نکالنا بھول گیا پریشانی میں

ہاں بول.. ابسام کے لہجے میں کہیں نرمی نہیں تھی

ابسام ہانی.. تیرے پاس ہے تو کہاں ہے.. ہیسم نے جلدی سے پوچھا

ایجنسی لاک اپ میں ہے.. آ کر دیکھ لے تیری نوکری کے پیچھے کون کون تھا.. ابسام نے طنز کیا

کیا مطلب ہانی کو کیوں پکڑا ہے.. ہیسم نے دبے دبے غصے مین کہا

آ کر دیکھ لینا میں زرا دوریہ کی طرف جا رہا ہوں اس نے بلایا ہے.. ابسام نے اسے سنانے کو دوریہ کا نام لیا

کیوں.. اس نے کیوں بلایا ہے.. ہیسم نے سادہ انداز میں کہا

Posted on Kitab Nagri

بس فیلمی شاپنگ پر جا رہے ہیں.. تو جا کر اپنی بہن کو نکال اب.. ابسام نے کہہ کر فون بند کیا،ہیسم نے غصے سے ڈش بورڈ پر ہاتھ مارا

دوریہ... ہیسم نے دل سے اسے سوچتے ہوئے کہا

❤❤❤❤❤

دوریہ ناشتہ کر رہی تھی جب ابسام کی کال آئی.. سر ہیسم پہنچے کے نہیں دوریہ نے بے قراری سے پوچھا

نہیں ابھی تک نہیں پہنچا تم کیا کر رہی ہو؟؟ ابسام نے عام انداز میں کہا ابھی تو ناشتہ کر رہی ہوں ایسا کریں آپ بھی آجائیں رات سے ایجنسی میں بیٹھے ہیں ناشتہ کر لیں.. تو فریش محسوس کریں گے.. آج ہمارا شاپنگ پلان ہے.. نگین کا موڈ آف ہے بس اس لیے. دوریہ نے خوشگوار لہجے میں کہا

اچھا جی نگین کے ہاتھوں کی چائے تو بہت مزے کی ہوتی ہے.. میں پہنچتا ہوں.. ابسام نے خوش ہو کر کہا

چلیں ہم آپ کا انتظار کر رہے ہیں.. دوریہ نے بھی مزے سے کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں ہاں کرو.. ابسام نے مسکرا کر موبائل بند کیا

نگو... بھلا منہ ٹھیک کر اور اچھا سا ناشتہ بنا سر ابسام نے بہت تعریف کی تیری چائے کی.. دوریہ نے اس کے گال کو کھینچا

مفت کی نوکرانی جو مل گئ ہے.. نگین اٹھتے ہوئے گویا ہوئی

ہاں نا جیسے میں... دوریہ نے ہنس کر کہا..

نگین نے زبان نکالی.. چل.. جھوٹی..

❤❤❤❤❤❤

ابسام ہیسم کو جلا کر اپنی کار میں دوریہ کے گھر پہنچا تو وہاں ناشتہ تیار تھا مزے دار سا ناشتہ کرنے کے بعد خوشگپیوں میں مصروف ہو گئے

Posted on Kitab Nagri

میں گھر ہی رہوں گی دادی کے پاس آپ امی نگین کے ہمراہ چلیں.. دوریہ نے ابسام کا مطمئن چہرہ دیکھا

تم؟؟ ابسام نے ابرو اچکا کر دیکھا

میں زرا آرام کرنے کے موڈ میں ہوں... کیونکہ رات تین بجے سے جاگ رہی ہوں.. تبھی.. دوریہ نے شرمندہ ہو کر کہا

اچھا ٹھیک ہے.. ابسام نے تیسرا چائے کا کپ پکڑا اور چسکی لے کر پینے لگا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

❊ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊

حسن لان میں بیٹھ کر اخبار پڑھ آج بوریت ہو رہی تھی دل چہل قدمی کا ہو رہا تھا مگر زرینہ بلکل اکیلی تھی اس کا سوچ کر بیٹھا ہوا تھا

زرینہ.. ہیسم کا فون آیا کے نہیں.. حسن نے چشمہ موڑ کر رکھا

ابھی تک تو نہیں آیا.. زرینہ باہر نکلی سو بر ساڈو پٹہ ہر وقت اوڑھے رکھتی آواز دھیمی لہجہ نرم

حسن نے مڑ کر دیکھا.. اچھا میں زرا باہر جا رہا ہوں کچھ منگوانا ہے؟؟ حسن نے اٹھ کر اخبار اور چشمہ اسے پکڑوایا

نہیں مجھے بچوں کی فکر ہو رہی ہے.. زرینہ نے پریشانی سے کہا

ہمم.. حسن بنا کچھ کہے نکل گیا آج دل کچھ کرنے لگا تھا 27 سال پہلے کی کچھ داستانیں زندہ کرنے کو حسن کے قدم آج سوسائٹی سے باہر کو مال کی جانب تھا کچھ محبتیں چاہتیں ادھوری کہانیاں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

حسن مال پہنچا صرف ونڈو شاپنگ کرنے کی غرض سے ادر گرد چلتے ہنستے مسکراتے لوگوں کو دیکھتا چل رہا تھا تبھی نظروں کو کچھ مانوس صورت کی جھلک نظر آنے لگی حسن نے بے چینی سے واپس مڑ کر دیکھا نظروں کو زنجیر سے جکڑ لیا گیا اس کی زندگی میں یہی دیکھنا رہ گیا تھا

Posted on Kitab Nagri

فری...زندہ ہے... حسن کے لبوں نے بے آواز صدا دی وہ کیسے اسکی سرمئ آنکھوں کو بھول سکتا تھا اپنی زندگی کے 27 سال اس کی بے وفائ کے سنگ تڑپ تڑپ کر گزارے تھے اور وہ اتنی خوش تھی

مجھے برباد کر کے عیش کر رہی ہے.. حسن نے رنجیدہ ہو کر سوچا

❤❤❤❤❤❤

بھائ یہ جھوٹ کہہ رہی ہے اس نے کہا تھا آپکا کارڈ اسے دینے کو ہانیہ نے روتے ہوئے کہا..ہیسم کی دماغ کی رگیں غصے سے ابھر رہی تھیں

تو تم نے دے دیا؟؟ہیسم نے بنا تاثر کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بھائ..میں جانتی نہیں تھی یہ سب ہو جائے گا..ہانیہ نے سسک کر کہا

کیسے چھڑواؤں تمہیں ہانیہ..تم نے مجھ سے نہیں قوم سے غداری کی ہے..ہیسم کی آواز میں شکستگی تھی

نن.. نہیں.. نہیں بھائی میں آپ کی قسم کھاتی ہوں میں نے یہ جرم نہیں کیا مشال کو آپکی منگیتر سمجھ کر اسے کارڈ دیا.. ہانیہ نے ہیسم کی آنکھوں میں بے اعتباری دیکھی

دو مہینے کی قید کے بعد تمہیں رہائی مل جائے گی فکر مت کرو باقی مشال اور اسکے ساتھیوں کی قید لمبی چلے گی.. ہیسم نے اسے تسلی دی..

بھائی مجھے گھر جانا ہے.. ہانیہ نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا

نہیں.. تمہیں سبق سیکھنا ہے جب بھائی قوم کا گمنام سپاہی ہو تب بہنوں کو اتنی لاپرواہی نہیں کرنی چاہیئے.. اگر میری شناخت کھل جاتی تو یاد رکھو میری موت ابھی وقت تیار ہو جاتی یہ تو شکر گزار ہوں میں اپنے محسن کا جس نے اپنی عزت کی پرواہ کیۓ بغیر مجھے بچایا.. ہیسم نے اسے دکھ سے دیکھا اور وہاں سے نکل آیا

ہیسم کو کومل کی زبانی معلومات مل چکی تھی دوریہ کی تصاویر کی تفصیل بھی دیکھ چکا تھا تبھی ہانیہ کو زیادہ نرمی سے مخاطب نہیں کیا پھر ابسام اور اس کی ٹیم بن کر ہیسم کی نوکری کا تحفظ کرتے بہت خوشی ہوئی مگر مشال کی تو شکل بھی دیکھنا گورا نہیں کی

ابسام کے جانے کے بعد دوریہ دادی کو لے کر گھر میں چلی گئ ..

درو.. بیٹھو تمہاری جوئیں ہی نکال دوں.. دادی نے صوفے پر بیٹھتے ہوئے کہا

نہیں نہیں دادی وہ ختم ہو گئیں ہیں مجھے نیند آرہی ہے آپ بھی زرا آرام کر لیں ورنہ ڈارک سرکل آجائیں گے .. دوریہ نے خود کو بچاتے ہوئے کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بیٹا ہر وقت سونے سے موٹی ہو جاؤ گی.. وہ بھی دوریہ کی دادی تھی اسے پکڑ کر بیٹھایا دوریہ کا موڈ بلکل آف ہو چکا تھا فون لے کر یوز کرنے لگی

واقعی اب ستھرا ہو گیا ہے دادی نے خوب دلجمعی سے سر کو دیکھنا شروع کیا

میں گھر میں اکیلی ہوں؟؟دوریہ نے ہیسم کو میسج سینڈ کیا اف یہ کیا کیا میں نے.. دوریہ کو شرم آنے لگی

کیا ہوا کوئی بات نہیں اس نے بھی تو بلایا تھا.. دوریہ نے مسکرا کر سوچا تبھی میسج بپ بجی

تو کیا کروں.ہیسم کا ریپلائی.. آگے ایک سڑا سا اموجی

کچھ نہیں.. دوریہ نے حیرت سے اس کا جلا کٹا جواب پڑھ کر ٹائپ کیا اور ایک منہ پہ زپ والا اموجی بھیجا

اوکے..ہیسم کا ریپلائی ٹھنڈا سا موصول ہوا

دوریہ نے فون اوف کر کے رکھا بہت برا کیا دوریہ اپنی عزت کم کروادی اب غرور کر رہا ہو گا.. دوریہ کی ٹائیٹ سی چٹیا بنا کر دادی نے اسے آزاد کیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ اپنے کمرے میں جاکر بستر پر دراز ہو گئ

میسج بپ بجی دوریہ نے لیٹے لیٹے موبائل اٹھا کر دیکھا

یار تمہاری بہن کسی اور سکیشن میں امی کہیں اور مجھے دونوں نے اکیلا چھوڑ دیا.. ابسام کا میسج

ہاہاہا لڑکیوں کی شاپنگ ایسے ہی ہوتی ہے الرٹ رہنا پڑتا ہے فکر مت کریں امی نگین کو خود ڈھونڈ لیں گی آپ انجوائے کریں.. دوریہ نے مسکرا کر ریپلائی کیا

ہمم تمہاری بہن بلکل ڈرپوک بھدو سی ہے.. ابسام نے ہنسنے والے اموجی کے ساتھ میسج کیا

ہاں بہت ڈرپوک ہے مگر اسے منہ پر نا کہنا وہ میرے جیسے جواب نہیں دیتی.. نا ہی میرے جیسے ہانیہ کے کو چماٹ لگا سکتی ہے.. دوریہ نے میسج میں وہ بات بھی کہہ دی جو اتنے عرصے معما بنی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ایک منٹ تم نے ہانیہ کو چماٹ مارا تھا..ابسام کے ریپلائی کے ساتھ کال بھی آنے لگی دوریہ نے اٹینڈ کر کے کان .سے لگایا

ہاں..میں نے مارا تھا اگر وہ آپ کا گھر نا ہوتا تو اس کی اینڈنگ کر دیتی ..

مگر کیوں..تم..ایسی تو نہیں ہو..ابسام نے اچنبے سے کہا

دوریہ نے اس کی اور اپنی پہلی ملاقات کا احوال بتایا ..

دوریہ آئی ایم سوری مجھے معلوم ہے میں اسے بچپن سے جانتا ہوں وہ بہت گندے ذہن کی ہے میں نے اسے راہ راست پر لانے کی بہت کوشش کی جس کے نتیجے میں ہم دوست بن گئے مگر ہانیہ کا طرز عمل نا بدل سکا میں نے رشتہ بھی بھجوایا اس کی طرف میں سمجھا وہ بدل گئی ہے مگر شاید اسے لوگ کبھی نہیں بدلتے..ابسام کی آواز میں گزرے لمحات کی تلخ حقیقت تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ابسام..میں نے اس مشن میں تمہیں جانچا ہے تم جتنے ٹھر کی بننے کی کوشش کرو مگر ہیسم کی طرح تم نہیں کر سکتے یہ سب جو کچھ تمہارے ساتھ ہوا اسے بدل نہیں سکتی مگر میں دل سے تمہارے لیے دعا ضرور کر سکتی ہوں

..دوریہ نے اس کے لہجے میں دکھ محسوس کیا

چھوڑو..جو سدھرنا نہیں چاہتے ان کے لیے میری لائیف میں کوئی گنجائش نہیں جو اپنے جان سے پیارے بھائی کو نہیں چھوڑے گی وہ میرا تو ستیاناس کر دے گی..ابسام نے طنز سے کہا

او پلیز اسے اس کی غلطی سمجھ کر اگنور کریں..دوریہ نے اس کا دھیان پلٹانا چاہا

غلطی جب ایک سے زیادہ بار ہو جائے وہ گناہ بن جاتی ہے..ابسام نے کہہ کر فون بند کر دیا

ہانیہ نے پہلے بھی کچھ کیا ہے کیا...دوریہ سوچتی اٹھ کر بیٹھ گئی

مگر ایسا بھی کیا جو ابسام اتنا برا بی ہیو کر رہا ہے..دوریہ نے الماری سے لیپ ٹاپ نکالا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہیسم درد سے بھرے دل سے واپس پہنچا وہ جانتا تھا ہانیہ کچھ غلط نہیں کر سکتی مگر اسے سبق سکھانا بھی لازم تھا

زرینہ نے اسے دیکھا تو جلدی سے اس کی طرف آئ

ہانیہ کہاں ہے..اسے واپس کیوں نہیں لائے..زرینہ نے اسے اکیلا دیکھ کر گھبرا کر کہا

ممی زرا اپنی دوست کے پاس ہے اگلے دو مہینے وہیں ہو گی آپ فکر مت کریں بابا کہاں ہیں آپ اکیلی ہیں..ہیسم نے بعد بدلی

ہاں میں اکیلی ہوں بابا باہر گۓ ہیں..زرینہ کو حسن کی فکر ہوئ

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اوکے ابھی ہیسم سیڑھیاں ہی چڑھا تھا جب دوریہ کا میسج آیا کھول کر دیکھا

ہمم بڑھی آئ میری توانا ہی روند ڈالی اب مزید میں اس کے جھانسے میں نہیں آنے والا ہمیشہ پہل میں ہی کروں کیوں..ہیسم کمرے میں جاتا میسج ٹائپ کرنے لگا

ہیسم کمرے میں جا کر لیٹ گیا.. ارے یار.. ہیسم واپس بیٹھا بے چینی ہونے لگی

چڑیل کہیں کی.. لالچ دے کر بلا رہی ہے.. غصے سے پانی کا گلاس بھر کر پیا

کیا پتہ آگے ایسا رنگین موقع ملے نا ملے.. ہیسم نے اٹھ کر خود کو شیشے میں دیکھا

مگر کیوں میں کیوں جاؤں.. ہیسم نے خود کو انگلی دیکھائی

چلا جا یار خود میسج کیا ہے اور بلایا ہے مطلب وہ تیری عزت ہی تو کرتی ہے.. ہیسم کے دل و دماغ میں جنگ چھڑ گئی

نہیں نہیں یہ تجھے بے عزت کروانے کے چکر میں ہے سوچ تجھے چوروں کی طرح جانا پڑے گا... دماغ نے کہا

دیکھ وہ تیری بیوی ہے بیویوں کے لیئے اتنا تو بنتا ہے..دل نے تسلی دی

تیرا دماغ خراب ہے تو اس کا باس ہے اسے آنا چاہیئے یہاں نا کے تجھے جانا چاہیئے.دماغ نے اکڑ کر کہا

سوچ لے ہو سکتا ہے یہ تیرا لاسٹ چانس ہو یہ دماغ تو تم دونوں کو دور کرنے کی تیاری کر رہا ہے دل کی سن جا مزے کرا کیلی ہے وہ..دل نے مان سے کہا دلیل کافی مضبوط رکھی ہیسم نے سر پر تھپڑ مارا

♥♥♥♥♥♥

حسن نے فرحانہ کو اکیلا دیکھ کر سوچا اور پلٹ کر جانے لگا مگر دل اسے بات کرنے پر اکسا رہا تھا

فرحانہ کیسی ہو..حسن اس کے جانب ہوا

حسن..........یہ.یہ..تم ہو...فرحانہ نے پلٹ کر دیکھا تو منہ حیرت سے کھل گیا تھا

اتنی جلدی پہچان لیا..حسن نے مسکرا کر کہا

ہاں وہ...تت.. تم بلکل نہیں بدلے بس زرا بوڑھے لگ رہے ہو.. فرحانہ نے گڑبڑا کر کہا

ڈرومت میں تم سے انتقام لینے نہیں آیا بس یہاں سے گزر رہا تھا تمہیں دیکھ لیا سوچا خیر خیرت لے لوں.. حسن نے اس کے چہرے پر اڑتی ہوائیاں دیکھ کر کہا

نن.. نہیں.. حسن ڈر کی کیا بات.. فرحانہ نے پر اعتماد نظر آنے کی کوشش کی

اچھا میں سمجھا کوئی شرمندگی کا تاثر تو ہو گا تمہارے چہرے پر لیکن تم تو بڑھی ہی ڈھیٹ ہو ویسے تم کافی بدل گئی ہو وہ شرم جھجھک کسی بڑے کا احترام سب ختم ہو چکا.. حسن نے طنزیہ انداز میں ہنس کر کہا

حسن تم کیا کہہ رہے ہو میں اس وقت اپنی بیٹی کے ہمراہ اسے خریداری کروانے لائی ہوں مجھے تمہارے طنز نہیں سننے.. فرحانہ نے اس جلانے والی ہنسی پر جل کر کہا

اچھا اچھا بیٹی.. تمہاری بیٹی بھی ہے اللہ کرے وہ تم جیسی بیٹی نا ہو.. جس کی وجہ س ءاس کے باپ کو دل کا دورہ پڑ جائے وہ ذلت کی موت مر جائے اور ماں اس کا دفاع کرتی کرتی گھر سے نکال دی جائے... حسن نے وہ دلخراش خبر سنا کر اس کے لرزتے تاثرات دیکھے آنکھوں میں بھرتے آنسو حسن سے چھپے نا تھے حسن آج بھی اسکی آنکھ نم نہیں دیکھ سکتا تھا

مجھے جانا ہے... فرحانہ کی آواز میں کپکپاہٹ تھی

نہیں میں تمہیں احساس ندامت جگانے کو نہیں بتا رہا بس یہ بتانا چاہ رہا تھا ان کی ہائے نا لگ جائے تمہیں.. حسن کہتا وہ سے سبک رفتاری سے نکل گیا جبکہ فرحانہ اپنی آنکھوں پر کنٹرول کھو بیٹھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہائے تو پہلے دن ہی لگ گئ تھی حسن.. فرحانہ نے سوچ کر آنکھوں کو رگڑا

♥♥♥♥♥♥

ابسام کھڑا کھڑا بور ہونے لگا سوچا جا کر خود بھی شاپنگ کرنے کا سوچا کپڑوں کی شاپ کی جانب گیا شرٹس دیکھنے لگا ایک اٹھا کر خود سے لگائی

یہ اچھی ہے ؟؟خود سے پوچھا چینجنگ روم کی طرف گیا اندر جا کر شرٹ پہن کر چیک کی شرٹ زرا تنگ تھی خود کو شیشے میں دیکھا اور اتارنے لگا

تبھی کوئی بنا ناک کی ئے اندر گھس گیا چونکہ ابسام صرف شرٹ کے لی ئے آیا تھا اس وجہ سے لاک نہیں کیا

اوئے.. ابسام نے رخ موڑ کر اسے دیکھا یہ مردوں کا ہے آپ کہاں آرہی ہیں.. ابسام نے پیچھے کھڑی نگین کو کپڑوں کے ڈھیر کے ساتھ کھڑی حیرت سے اسے دیکھ رہی تھی

نہیں یہ تو لیڈیز ہے.. نگین نے گھٹی آواز میں کہا ابسام جلدی سے باہر نکلا

اوپس سوری یہ غلطی سے ہو گیا ابسام دیکھ کر واپس اندر آیا اپنی شرٹ اٹھا کر دوسرے چینجنگ روم میں گیا

پاگل.. نگین نے زیر لب کہا اور کپڑوں کے اوپر ہی پہن پہن کر دیکھنے لگی.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

شکر ہے کسی اور لڑکی نے مجھے نہیں دیکھا ورنہ ریکارڈ لگتے.. ابسام نے ٹھنڈا سانس لے کر اپنی شرٹ پہنی اور نکل کر اس میں بڑی شرٹ اٹھا کر پیک کروائی نگین یہیں تھی سو یہیں کھڑا ہو گیا

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

دوریہ کپڑے چینج کر رہی تھی ابھی واش روم سے نہا کر باہر آئی خود کو شیشے میں دیکھتی بالوں کو تولیے سے رگڑ رہی تھی

اسے دستک کی آواز آئی.. ہمم امی والے اتنی جلدی آگ ئے.. دوریہ نے بالوں پر تولیہ باندھ دیا تیز قدموں سے سیڑھیا اترنے لگی

آرہی ہوں زرا آرام سے.. دوریہ دروازے کے متواتر بجنے سے جھنجھلا کر بولی جبکہ دادی بھی کمرے سے باہر آکر دیکھنے لگی

دوریہ نے غصے سے دروازہ کھولا اتنی بے صبری سے کون دروازہ بجا رہا تھا

کون ہے.. دوریہ نے غصے سے سامنے کھڑے شخص کو دیکھا اور اصاب ڈھیلے پڑ گ ئے

کون ہے بیٹا دادی نے پیچھے سے پوچھا

وہ.وہ..پپ.پپ پتہ..نن نہیں دیکھ رہی ہوں.دوریہ نے ہیسم کو دیکھ کر اٹکتے ہوئے کہا

کوریئر والا ہے دادی آپ جا کر آرام کریں..دوریہ نے منہ اندر کر کے کہا

اچھا...دروازہ ایسے بجا رہا تھا جیسے ہم اس کے انتظار میں دروازے سے لگے بیٹھے ہیں..دادی بڑبڑاتی واپس چلی گئ

ہیسم نے گھور کر دیکھا تم نے کہا تھا تم اکیلی ہو..

ارے..یہاں سے چلیں پھر بتاتی ہوں..دوریہ نے ہیسم کا ہاتھ پکڑ کر اندر کیا اور اس کے منہ پر ہاتھ رکھا اس کے ہمراہ سیڑھیاں چڑھنے لگی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دوریہ اسے اپنے کمرے میں لے آئی.. یہ کیابدتمیزی ہے دوریہ تم نے جھوٹ کہا تھا..ہیسم نے ناراض ہو کر کہا

وہ دادی تو آرام کر رہی ہیں..نا..دوریہ نے اس کا چہرہ اپنی جانب موڑا

بس یار کل رات جو تم نے کیا ہے اس کے بعد مجھے یہی امید تھی..ہیسم اس کا ہاتھ ہٹا کر بستر پر بیٹھا

دوریہ اس کی جانب ہوئی..

کیا اتنا بڑا جرم کر دیا؟؟جو تم مجھے دیکھ بھی نہیں رہے...دوریہ اس کے پاس بیٹھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نہیں یار..تم مجھے سوتا چھوڑ کر چلی گئ..بس مجھے تب ہی تم پر غصہ آرہا ہے..ہیسم دوریہ کی پیاری باتوں سے نرم پڑنے لگا

افف تم سوتے ہوئے اتنے پیارے لگتے ہو میرا دل نہیں کیا تمہاری نیند خراب کرنے کا.. دوریہ نے مسکرا کر مکھن لگایا

بس بس بچا نہیں ہوں جو تعریفوں پر ٹرخ جاؤں.. ہیسم نے منہ بنا کر کہا

اچھا.. کیا خدمت کروں.. دوریہ اسکے سامنے کھڑے ہو کر گویا ہوئی

اچھا.. ہیسم میں تمہارے گھر آنا چاہتی ہوں ایسے ہی کیا میں آجاؤ.. دوریہ نے موقع دیکھ کر سوال کیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میرے گھر پاگل لڑکی وہ میرا نہیں اب تمہارا بھی ہے پوچھنے کی ضرورت نہیں جب چاہو آجاؤ.. ہیسم نے اس کا رخ اپنی جانب کیا

تم سچ کہہ رہے ہو.. دوریہ نے تردید چاہی

آہاں بلکل..ہیسم نے اسے خود سے لگایا کر ماتھا چوما

او تھنکیو میں کل تمہارے گھر آؤں گی..دوریہ نے تالی بجا کر کہا

اوکے زہے نصیب..ہیسم نے اس کے کان کی لو کو لبوں سے چھوا اب وہ بے خود ہو رہا تھا

❤❤❤❤❤❤

ابسام انہیں لیے گھر پہنچا تو دوپہر ہو چکی تھی ابسام معذرت کر کے وہیں سے چلا گیا فرحانہ آتے ہی کمرے میں بند ہو گئ

کیا میری ماں..کو گھر سے نکال دیا..تھا..میری بھابیوں نے تو طعنے دے دے کر مار دیا ہو گا..فرحانہ غم ذدہ تھی

حسن کی باتیں نشتر کی طرح دل میں پیوست ہورہی تھی پتہ نہیں حسن کو میری ماں کا پتہ ہو گا کہ نہیں کیا اب وہ دربدر ہیں.. نہیں مجھے اس سے پوچھنا ہو گا وہ کہاں ہیں.. فرحانہ نے اداسی سے اپنی ہاتھوں کو دیکھا

میرے پاس پیار بھی نہیں رہا میرا.. اور پیار کرنے والے رشتے بھی... کاش میں نا بھاگتی.. فرحانہ نے شرمندہ ہو کر ہاتھوں کو دیکھا

کیا حسن نے یہ سب جان کر مجھے کہا؟؟ مگر کیوں.. وہ تو ایسا نہیں تھا.. فرحانہ نے دکھ سے سوچا

❤❤❤❤❤❤

تم کیوں پریشان کر رہی ہو.. ابسام لاک اپ کے آگے کھڑا غصے سے کہا

تم غصہ کیوں کر رہے ہو غلطی ہوئی ہے مشال کی وجہ سے ہوا سب. ہانیہ کی آواز میں دکھ بول رہا تھا

نہیں نہیں... تم نہیں سدھرنے والی اب مجھے اور یوز کرنے کی جگہ.. مجھے چھوڑ دو.. جب پچھلی بار تم نے کیا تھا تو میں نے کہا تھا نا.. یہ سب گناہ ہے.. جرم ہے.. جب تم میرا کہا دو بار ٹھکرا چکی ہو اب کیا مانو گی.. ابسام نے خشمگین لہجے میں کہا

میں... آئندہ نہیں کروں گی.. پلیز ایسے مت بولو..ہانیہ نے لاک اپ کی جالی سے ہاتھ نکال کر اس کا ہاتھ پکڑا

ہانیہ... نہیں... میں تمہارے اور ہیسم کے درمیان یہ بات ڈسکس نہیں کروں گا مگر شاید اب میں تم پر کبھی اعتبار نا کر سکوں..ابسام نے اپنا ہاتھ چھڑوایا

تم نے دوریہ کے ساتھ بھی بہت بدتمیزی کی.. مگر اس نے کسی کو کانوں کان خبر تک نا ہونے دی..اگر میں نے تمہارا ہاتھ مانگا تھا تو اس کا مطلب یہ نہیں میں تمہاری پراپرٹی بن گیا ہوں..اگر میں تمہارے کریکٹر کا نہیں جانتا تو رشتہ کبھی نا بھجتا میں سمجھا میں تمہیں بدل سکتا ہوں.. مگر شاید نہیں..ابسام نے کٹیلی نگاہ اس پر ڈالی

ابسام... میں..میں یہ سب نہیں کرنا چاہتی تھی بس خود با خود ہو گیا..ہانیہ نے روتے ہوئے کہا

یہ مگرمچھ کے آنسو ہیسم کے آگے چلیں گے..میں نے پہلے ہی تمہاری اصلیت دیکھ لی ہے..ابسام نے اسے ڈانٹ کر کہا

تم نے مجھے چیٹ کیا..ہانیہ نے شکوہ کیا

ریئلی..میں نے تمہیں چیٹ کیا؟؟واؤ.الٹا چور کوتوال کو ڈانٹے شرم نہیں ہے.. تمہیں... تم سے وعدے کے بعد میں نے کسی لڑکی سے محبت بھی نہیں کی... موقعے بہت ملے مگر میں تمہارے جیسا چیٹر گھٹیا نہیں ہوں.. تم نے وعدہ توڑا میں نے بھی کل رات کو توڑ دیا اب تم سے ہزار گنا بہتر لڑکی کا انتخاب کروں گا..اور تم لوگوں کو فیک آئڈیز بنا کر بلیک میل کرو..ابسام کہتا وہاں سے نکل گیا

❤❤❤❤

حسن گھر پہنچا تو دل بہت اداس ہو چکا تھا 27سال پرانی محبت آج پھر تڑپانے لگی تھی فرحانہ سے اس کی محبت کسی سے چھپی نا تھی مگر فرحانہ کا دل کسی اور کی جانب ہو چکا تھا

Kitab Nagri

فرحانہ کے بھاگنے پر وہ بہت رویا تھا ٹوٹ کر بکھرا تھا اپنی ادھوری محبت کا تماشہ ہر ہر زبان سے سنتا تو مزید گہرے دکھوں میں گھر جاتا ..

www.kitabnagri.com

زرینہ کو بنا دیکھے کمرے میں جا کر دروازہ بند کر دیا.

حسن آپ کے کھانا لگاؤ..زرینہ نے باہر سے پوچھا

نہیں.. حسن نے ایک لفظی جواب دیا

حسن نے اپنا ہاتھ دیکھا جس پر کٹ کا مندھل سا نشان باقی تھا یہ تھا خودکشی کا پہلا مرحلہ جو زرینہ سے شادی کے لیۓ اس کی ماں کا دباؤ تھا ..

پھر مکمل خودکشی زرینہ سے شادی کرنے کے بعد اسے ملی...ناوہ خوبصورت تھی ناہی ماڈرن بس ایک عورت تھی اور کچھ نہیں.. حسن کا ویسے بھی کوئی ارمان نہیں تھا سو اسے اس کا حق دے کر کنارہ کش ہو گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہیسم گھر پہنچا تو زرینہ اکیلی کھانے کی میز پر اداس سی بیٹھی تھی ہیسم نے قدم ماں کی جانب کر دیۓ

کیا ہوا ابا کہاں ہیں..ہیسم بیٹھنے لگا

Posted on Kitab Nagri

ہیسی ... زرینہ نے ٹوکا.. ہاتھ دھو کر آؤ.. زرینہ اسکی جانب پلیٹ کرتے ہوئے بولی

اوکے اوکے بھول گیا تھا.. ہیسم کچن میں جا کر ہاتھ دھونے لگا

تمہارے بابا کمرے میں ہیں.. اسے واپس آتا دیکھ کر زرینہ نے کہا

ہیسم نے کھانے کی ٹیبل کی جانب اشارہ کیا.. کھانا کھایا؟؟

نہیں.. وہ کہہ رہے تھے نہیں کھانا.. زرینہ نے لقمہ لے کر کہا

کچھ اداس لگ رہے تھے.. زرینہ نے دل کی بے چینی کو زبان دی

ہمم کچھ کہا کیا.. ہیسم نے منہ میں نوالے سمت کہا

Posted on Kitab Nagri

نہیں..تب ہی تو کہہ رہی ہوں زرینہ نے چمچ پلیٹ میں ہلاتے ہوئے کہا

میں دیکھتا ہوں. ان سے کچھ شیئر بھی کرنا تھا..ہیسم نے بڑے بڑے چمچ بھر کر کھاتے ہوئے کہا

ہیسی.. آرام سے..زرینہ نے گھور کر کہا

سوری....ہیسم نے ہنس کر کہا اور اٹھ کر حسن کے کمرے کی طرف بڑھا دروازہ ناک کرنے لگا

کون.. حسن کی الجھن آمیز آواز..

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بابا میں ہو.. آپ مصروف ہیں تو چلا جاتا ہوں..ہیسم نے سعادت مندی سے کہا

نہیں. آجاؤ حسن نے ہیسم کا شائستہ لہجہ سنا تو سکون سا ملنے لگا متاع جان تھا ہیسم حسن کا

بابا کھانا کیوں نہیں کھایا..ہیسم نے آتے ہی سوال کیا

بیٹا ڈائٹنگ کر رہا ہوں.. حسن نے مسکرا کر کہا ہیسم ہنسنے لگا

او پلیز اب آپ کو اس سے کیا ڈیشنگ نظر آنا ہے میری عمر ہے لڑکیاں پٹانے کی لیکن ہر لڑکی آپ کا نمبر مانگنے لگتی ہے.ہیسم ان کے سامنے بیٹھا

واہ یہ تو کمال ہے.. حسن نے تعجبانہ انداز میں کہا

بابا..مجھے کچھ کہنا ہے..ہیسم نے سر لگا کر کہا

جی جناب؟؟حسن نے اس کی بدلی ٹون دیکھی

وہ کیا ہے نا مجھے میری مس پرفیکٹ مل چکی ہے اور دینے والا اللہ ہے اس کے بعد ایجنسی..ہیسم نے گہرا سانس لے کر فٹافٹ سے کہہ کر تاثرات جانچے

حسن کی ابرو اٹھ گئی..مشال؟؟ کیا کیا بنے گا.. حسن کا خدشہ..لبوں پر آیا .

اس کا جو بننا تھا وہ بن چکا ہیسم نے جلدی جلدی شاٹ کر کے مشال کی حقیقت بتائی ..

کیا مشال نے ہی ہماری ہانیہ کو اس غلط کام میں داخل کیا.. حسن کے چہرے پر غضب ناکی چھا چکی تھی

جی بلکل..تو اب آپ خود سوچیں میں اس سے شادی کروں؟؟ ہیسم نے سوال کیا

بلکل نہیں اتنی چیپ لڑکی ہماری بہو نہیں بن سکتی اور میں تو شکر کرتا ہوں تم نے اسے ٹالتے ہوئے اس کی اصلیت کا پتہ لگا دیا ورنہ وہ خطرہ بن جاتی میرے بیٹے کے لئے.. حسن نے کہتے ہیسم کے بالوں میں ہاتھ پھیرا

تمہیں کون پسند آئی ہے.. حسن نے معنی خیز نظروں سے دیکھا

وہ..وہ..وہ...وو..وہ..ہیسم حسن کے احترام میں بولنے سے کترانے لگا

کیا؟؟اس کانام وہ ہے؟؟حسن نے مزاخ اڑایا

نن...نہیں...نہیں..وہ..اس.اسسس...کک..کا....نن...نام.نام...دد...درد..دردود....ہیسم سے بولا نہیں جاپارہاتھاشرم سی آنے لگی پسینے چھوٹنے لگے

اس کانام دورد تنجینا تو نہیں؟؟حسن نے اس کے الٹے سیدھے جملے کو جوڑنے کی کوشش کی

نہیں...وہ.....مم..مجھے ششش..شرم آ.ارہی ہے..ہیسم نے نظریں جھکا کر کہا

شاباش میرا شیر ... تمہیں پتہ ہے اصلی محبت یہی ہوتی ہے جس میں شرم اور حیا ہو ... حسن نے ہنس کر اس کے کاندھے پر ہاتھ رکھا

وہ محبت نہیں جس میں انسان اپنوں کی خوشیاں روند کر سیاہ رات میں کسی غیر مرد کے ہمراہ والدین کے چہرے پر کالک مل دے وہ ہوتی ہے ضد.. کچھ کر دیکھانے کی ضد میں اللہ کو ناراض کر دیتے ہیں مجھے یقین تھا میرا ہیسم شرم اور اسلام پر مکمل عمل کرتا ہے اور آگے بھی ان شااللہ کرے گا.. حسن کا درد سے بھرا سینہ خوشی سے چوڑا ہو گیا

ہیسم نے مسکرا کر سر جھکا کر تعبداری کی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جہاں میرے بیٹا کہے گا وہیں اسکی شادی ہو گی. میری ماں نے بھی مجھے یہی کہا تھا مگر میری قسمت نے خواہش کا احترام نا کیا.. مگر میرے بیٹے کی قسمت وہ پاک ذات روشن کرے گی.. حسن دعا کرتے ہوئے کہا ہیسم کی تو باچھیں کھل گئ خود کو کنٹرول کرتا اٹھ کر باہر نکل گیا یہ بھی شرمانے کی ایک قسم تھی جو شاید لڑکیاں کرتی تھی مگر شرمانے کا ہر کسی کو حق ہے خواہ وہ مرد ہو یا عورت

❤❤❤❤❤

آج سوسائٹی سے کسی کی مہندی کی دعوت آئی تھی نگین اس وقت دوریہ کے سامنے ترسی شکل بنا کر بیٹھی تھی

نہیں... دوریہ نے موبائل سے سر اٹھا کر نگین کو دیکھا دوریہ کل سے کتنی بار ہیسم کا میسج پڑھ چکی تھی مگر جانے کا موقع نہیں مل پا رہا تھا

تم اور امی جاؤ مجھے کام ہے.. دوریہ کا بے لچک انداز وہ کچھ پلین کر رہی تھی

پلیز...... نگین نے آخری کوشش کی مگر وہ دوریہ ہی کیا جو کسی کو خوش کر دے

تنگ مت کرنا... دوریہ نے کہا اور اٹھ کر اپنے کمرے میں چلی گئی

نگین.. بیٹا تم تیار نہیں ہوئی فرحانہ نے اسے اداس دیکھ کر کہا

امی یہ کتنی مانتی کیوں نہیں کسی کی بات.. نگین نے غم و غصے سے کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اچھااب جلدی کرو.. گانوں کی آوازیں بھی آنی شروع ہو گئی ہیں.. فرحانہ نے مسکرا کر کہا ہر لڑکی کی طرح دوریہ اور اس کی فیملی بھی گھومنا پھرنا شادیوں میں جانے پر خوش ہوتے تھے فرحانہ بہت عرصے بعد کہیں تیار ہو کر نکل رہی تھی

نگین منہ پھلاتی دوریہ کو دل میں گالیاں نکالتی اٹھی اور تیار ہونے لگی

دوریہ تھوڑی دیر میں نیچے اتری جینز جیکٹ پہنے بلیک پینٹ میں بہت پیاری لگ رہی تھی.. نگین باہر نکلی تو سادہ سی تیاری میں بھی کیوٹ لگ رہی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تم کہاں؟؟ فرحانہ نے اسے گھورا

نہیں باہر لان میں بیٹھ رہی ہوں. دوریہ نے فرحانہ کے تیور دیکھ کر کہا

دوریہ نے ہانیہ کے کالج وغیرہ کی ڈیٹیل نکالی سب کلیئر تھی یونیورسٹی میں بھی اس کا کوئی جرم یا افیئر وغیرہ نہیں تھا اب لاسٹ اوپشن اس کا روم تھا جس کی دوریہ نے تلاشی لینی تھی

دوریہ باہر گرین گراس پر بنا چپل کے چلنے لگی نرم ٹھنڈی گھاس پیروں میں گدگدی کرنے لگی دوریہ آنکھیں موند کر اس لمحے میں پر سکون ہو رہی تھی

ہیسم کے پیارے سے میسج کے بعد دوریہ ہواؤں میں اڑنے لگی تھی

کل دوپہر ختم ہونے کے بعد اسکا میسج آیا تھا

فرحانہ نگین کے ہمراہ نکل گئی.. دوریہ نے بانہیں کھول کر شام کے حسین لمحوں کو خود میں جذب کیا، ہیسم کا لمس اس کے جسم میں مچلنے لگا، ہیسم اسے ہمیشہ بہت نرمی سے چھوتا مبادا ٹوٹ نا جائے.. دوریہ آسمان کو دیکھتی، ہیسم کے ہمراہ گزرے پل یاد کرنے لگی اس کے علاوہ چارہ بھی تو نا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ابسام واک کر رہا تھا بھاگنے سے گرمی لگنے لگی ٹریک سوٹ کے کوٹ کی زپ سینے سے زرا نیچے کر دی جس سے اس کا چوڑا سینہ دکھنے لگا اس وقت آدھی سے ذیادہ سوسائٹی مہندی پر گئی ہوئی تھی یہاں کا یہی رواج تھا ہر موقع پر جمع ہو جاتے تھے

ابسام واک کرتا سوسائٹی کا ایک چکر کاٹ کر دوسرا کاٹنے لگا تھا تبھی اس کی نظر ٹھہر گئی مہندی والے گھر کے لان میں بہت رش تھا جس میں ایک ڈمپل والی لڑکی کسی سے مسکرا کر باتیں کر رہی تھی ابسام کے چہرے پر بے اختیار مسکراہٹ امڈ آئی وہ آج عام دنوں کی نسبت سجی سنوری لگ رہی تھی

لگتا ہے پورا خاندان ہی قاتل حسن کا مالک ہے.. ابسام سوچتا اس کی خوبصورتی کو سراہتا واپس بھاگنے لگا

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

samiyach02@gmail.com

Posted on Kitab Nagri

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Page/Social Media Writers .Official

Fb/Pg/Kitab Nagri

samiyach02@gmail.com

whatsapp No : 0316-7070977

ڈمپل...انگلی ڈالوں...ہائے...ابسام ہنستا سوچتا گرمی شرمی بھول گیا

دور یہ کی بہن ہے.. قاتل تو ہو گی...ابسام نے دونوں کا موازنہ کیا

چلو میں کیوں اتنا ان کے بارے میں ڈسکس کر رہا ہوں ابسام نے چونک کر خود کو جھڑکا

❤❤❤❤❤❤❤❤

ہیسم بڑے تحمل سے کمرے میں آیا لاک لگا یا گہرا سانس لیا ہاتھ کھول کر خود کو کمپوز کیا اور پھر

بنا میوزک ناچنے لگا.. کتنی دیر تلک بے ڈھنگا ڈانس کرتا بستر پر گر گیا اتنی آسانی سے مان بھی گ ئے..ہیسم آنکھیں مل کر دیکھا کہیں خواب تو نہیں

نہیں یار...خواب نہیں ہے...میلا بے بی اب بہت جلد ہمیشہ کے لیے آنے والا ہے... یییییییییس.....ہیسم نے دبی دبی چیخ ماری اچھل کر بستر سے اترا اور شیشے میں گردن پر نشان دیکھنے لگا

جناتی تحفے...ہیسم نے ہنس کر سوچا.. خیر ہے اب اتنا تو بنتا ہے ..

دور یہ ہیسم...واہ یار نام بھی بلکل میچنگ ہو رہے ہیں..ہیسم کی خوشی چھپائے نہیں چھپ رہی تھی ہیسم نے جلدی سے فون اٹھا کر اسے میسج کیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اپنے گھر کب آؤ گی ویٹنگ....بابا سے ملوانا ہے..ایک خوشخبری ہے... میسج سینڈ کر کے واپس

بلے بلے.. کرتا ملنگ بن گیا....خود پر ہنسی بھی آرہی تھی

❤❤❤❤❤❤❤

Posted on Kitab Nagri

زرینہ تم سے بات کرنی تھی اگر جاگ رہی ہو تو..رات حسن نے تمہید باندھے بغیر کہا

زرینہ نے جلدی سے آنکھیں کھول دیں..جی جی کہیں.. حسن کی آواز تو اسے نئی زندگی بخشتی تھی

ہیسم کسی اور کو پسند کرتا ہے اور میں چارہا تھا تم اپنی بہن کو منع کر دو.. حسن نے زوردار بم گرایا

کک...کیا کہہ رہے ہیں.. آپ...یہ یہ... منگنی تو ہیسم کی رضامندی سے ہوئی تھی..زرینہ کے چہرے پر سے رنگ اڑنے لگے

بس تمہاری بہن کی بیٹی نے حرکت ہی ایسی کی ہے..جس کی وجہ سے میں نے بھی یہی بہتر سمجھا... حسن نے کتاب اٹھائی اور کھولنے لگا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نہیں..حسن...مم..میں.اپنی بہن کو کیسے... منع کروں گی... حسن...یوں اچانک ایسا کیا ہوا..زرینہ کی آواز میں دکھ بول رہا تھا

حسن نے غصے سے اسے دیکھا اور مشال کی حقیقت بتانی شروع کی زرینہ تو حیرت سے منہ کھولے حیرت سے دیکھنے لگی حسن کے لہجے میں تپش تھی

مجھے تو نہیں معلوم تھا مشی ایسا کرے گی.. زرینہ کی نظروں کے ساتھ گردن بھی جھک گئ

میں کہہ دوں گی شاہین کو ہیسی کسی اور لڑکی کو پسند کرتا ہے... زرینہ کا لہجہ بجھ چکا تھا حسن نے کتاب پڑھنی شروع کردی

حسن... آپ اس وجہ سے صبح سے ناراض ہیں.. زرینہ نے ڈرتے ڈرتے پوچھا

نہیں.. اب سو جاؤ.. حسن نے بنا مڑے جذبات سے عاری لہجے میں کہا

حسن مجھے معاف کردیں.. زرینہ کی نمی سے گھلتی آواز آئ

زرینہ...میں چلا جاؤ کمرے سے؟؟؟ حسن نے غصے سے کہا

نہیں... نہیں.. زرینہ نے لیٹتے ہوئے کہا حسن دوبارہ کتاب کی طرف متوجہ ہوا

❤❤❤❤❤

شام کے حسین پل ہیسم لان میں چائے کے ساتھ گزار رہا تھا وہ کل سے دوریہ کے جواب کے انتظار میں بیٹھا تھا مگر شاید اس نے پڑھا نہیں اسکا میسج

حسن واک پر گئے تھے جبکہ زرینہ مہندی پر حسن کے کہنے پر چلی گئی تھی

اوئے کہاں گم ہو.. کہیں سچ میں تو دوسری شادی کی پلانگ نہیں کر رہے.. دوریہ نے اسے سوچوں میں گم دیکھ کر چھپا مارا

دوریہ... تم... تم...ناجناتی مخلوق ہو..ہیسم کا چائے کا کپ اچانک افتاد پر ہل کر چھلک پڑا ہیسم نے خوشی سے اسے دیکھا اور کھڑا ہو گیا

ساسو..ماں.. سسر جی کہاں ہیں.. دوریہ نے ہنس کر کہا

بس آتے ہی ہونگے چلو اندر چائے بناتا ہوں تمہارے لیے تم تو ظالم ہو جب تمہارے گھر آتا ہوں یہ دیتی ہو.. ہیسم نے کالر پیچھے کرکے گردن دیکھائی جس پر مندمل سا دانتوں کا نشان تھا

ہاں تو تم آتے ہی ان کے لیے ہونا ویسے مشن پر کتنا کھلایا ہے روز میں ہی بناتی تھی تین وقتوں کا.. اوہاں ایک بات بتاؤ.. دوریہ کہتی کہتی رک کر کچھ سوچنے لگی

پوچھوں.. ہیسم اس لیے اندر آیا اور کچن میں کھڑا ہوا

میرا سامان وہیں رہ گیا تھا.. کیا تم نے وہیں چھوڑ دیا.. دوریہ نے اس کے جلدی جلدی کام کرتے ہاتھوں کو دیکھا

دل تو کر رہا تھا وہیں پھنک کر آنے کا.... مگر وہ پنک ساڑی..... اففف.. اس میں.. تم اتنی ہوٹ لگتی ہو.. تبھی اس کے چکر میں سارا سامان لے آیا تھا.. ہیسم نے اسے گہری نظروں سے دیکھ کر لگاوٹ سے کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اور یئلی کہاں ہے میر اسامان؟؟ دوریہ نے خوش ہو کر کہا

پہلے یہاں.. پیار کرو پھر بتاتا ہوں.. ہیسم نے سنجیدگی سے گال کی طرف اشارہ کیا

او پلیز.. ہیسم.... تم. بہت... دوریہ مسکراتی باہر کھڑی کچھ کہنے ہی والی تھی جب ایک ادھیڑ عمر چھچڑے بدن کا مالک بارعب شخص سلام کرتا داخل ہوا سنت کے مطابق گھر خالی بھی ہو پھر بھی اونچی آواز میں سلام کرتا آیا دوریہ متاثر ہوئے بنا نارہ سکی

حسن نے دونوں کو کن اکھیوں سے دیکھا ہیسم نے سر جھکا کر سلام کیا.. بابا... یہ ہے.. وہ.. جس.. کک.. کا کل بتایا.. تھا.. ہیسم نے دوریہ کے سامنے تھوڑا اٹف ہو کر کہا

حسن نے مسکرا کر اس چھوئی موئی سی نازک لڑکی کے سر پر ہاتھ رکھا. بہت پیاری بچی ہے.. کیا نام ہے بیٹا آپکا.

دوریہ حسن کا پیارا لہجہ سن کر مسکرانے لگی

انکل.. دوریہ کاشف.. دوریہ نے نرم لہجے میں مسکرا کر کہا گال پر ڈمپل گہرا ہونے لگا

ماشااللہ بہت پیارا نام ہے.. کرتی کیا ہو بیٹا بیٹھو کھڑی کیوں ہو.. حسن نے اس کچن کے سامنے پر ٹیبل کی جانب اشارہ کیا

میں بھی آئی ایس آئی ایجینٹ ہوں.. دوریہ نے ہیسم کو دیکھا جو کافی پر سکون نظر آرہا تھا

اچھا تو آپ بھی میرے بیٹے کی طرح جاسوس ہیں.. حسن نے ہنس کر کہا بیٹا ہمیں آپ کے گھر آنا چاہیے تھا آپ پہلے آگئی ہو.. حسن نے رک کر کہا

نہیں. بابا.. ہم دونوں کا نکاح ہو چکا ہے.. بس باقی فارمیلٹی کرنی ہے.. ہیسم چائے کے کپ لے کر اب تحمل سے گویا ہوا

آ.. حسن نےہیسم کی شکل دیکھی چھپے رستم ہو ..

نہیں.. بابا مشن پر گ ۓ تھے ساتھ تو بس اس کی وجہ سے نکاح کرنا پڑا..ہیسم نے گردن جھکا کر بالوں میں ہاتھ مارا

اچھا اچھا تو میرا شیر مشن محبت کرنے گیا تھا اور بابا کو کانوں کان خبر تک نہیں ہوئ.. حسن نے نروٹھے لہجے میں کہا

بابا.. ایسا نہیں.. تھا وہ ہم.. ہم..ہیسم تھوک نگلتے ہوۓ دوریہ کو دیکھنے لگا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہم ایک ساتھ خوش تھے تبھی.. دوریہ نے جملہ مکمل کیا حسن نے دل میں ہیسم کی چوائس کو سراہا

پھر تینوں باتوں میں لگ گ ۓ حسن نے اسے روک لیا تھا زرینہ کے آنے تک رات کے کھانے کے لی ۓ حسن نے اسکے ساتھ جانے کا کہا زرینہ کے آنے کا انتظار کرنے لگے

Posted on Kitab Nagri

فرحانہ جلدی ہی نگین کو لیے واپس آگئی تھی دونوں آج بہت پیاری لگ رہی تھی فرحانہ نے نارمل شلوار پر ہلکے کام والی قمیض پہنی تھی سر پر ہم رنگ ڈوپٹہ جبکہ نگین نے دوریہ کا کلیوں والا فراک پہن رکھا تھا آتے ہی کپڑے بدل کر منہ دھویا

دوریہ میڈم کہاں ہے.. نگین نے.. گھر کی ویرانی دیکھی دادی ٹی وی دیکھ رہی تھی

پتہ نہیں یہ لڑکی کب سدھرے گی.. فرحانہ نے اپنے کپڑے تہ کرتے ہوئے کہا

تبھی دروازے پر دستک ہوئی.. نگین بیٹا دروازہ کھولو.. فرحانہ نے نگین کو آواز دی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جی امی... نگین چپل پہن کر دروازہ کھولنے لگی.. سامنے دو اجنبی سی عورتیں کھڑی تھی جن کو شاید مہندی میں تھوڑی دیر پہلے دیکھا تھا

جی.. نگین دروازے سے ہٹ کر گویا ہوئی اندر آئیں

بیٹا امی کہاں ہیں آپکی.. عورت نے شائستہ لہجے میں کہا

جی وہ رہی.. نگین نے انہیں اندر لے جا کر صوفے پر بیٹھایا

فرحانہ ان کی طرف آئی تو باتیں شروع ہو گئیں ادھر ادھر کی باتوں میں نگین چائے لے آئی

میں آپ کی بیٹی کا رشتہ مانگنے کی نیت سے آئی ہوں میرا بیٹا کپڑے کا کاروبار کرتا ہے مارکیٹ میں دو بڑی دکانیں چلاتا ہے پڑھا لکھا خوبصورت بھی ہے.. بس مجھے آپ کی بیٹی اپنے بیٹے کے لیئے بہت پسند آگئی ماشاءاللہ بلکل چاند سی ہے.. عورت نے چائے کا گھونٹ بھرتے ہوئے کہا

فرحانہ بے اختیار مسکرانے لگی

Posted on Kitab Nagri

نگین تو کچن سے پہلے ہی سن چکی تھی اچانک رونا آنے لگا... وہ خود بھی نہیں جانتی تھی وہ پریشان کیوں ہو گئ..
ذہن خود با خود کچھ احساس دلانے لگا.. کچن بدل گیا اور چینجنگ روم بن گیا ایک شرمندہ سا چہرہ اس کے ارد گرد
گھومنے لگا

چائے پیتا بار بار گھڑی دیکھتا خوبرو چہرہ.. تین کپ پی کر بھی ترسا اندازلئے بے چین لہجا

دوریہ کے ہمراہی میں اسکی چوڑی پشت گردن پر چمکتا پسینہ.. وہ کسی کا خیال چوری چوری دل میں چھپائے بیٹھی
تھی

دوریہ تم آ گئ.. پہلی ملاقات میں اس کا ڈرنا یاد آیا

آنسو پونچھ کر کچن سے منہ دھو کر ڈوپٹے سے صاف کیا

Posted on Kitab Nagri

ہماری قسمت میں کہاں محبت.. شیلا باجی نے بھی کی تھی محبت مگر اسے بھی کسی اور کے سنگ جانا پڑا ہماری ماں کی چھوٹی سی غلطی ہمارے جذبات نگل گئی.. نگین سوچتی کپ اٹھانے نکل گئی دل کو پتھر بنانے کی تیاری شروع کر دی

❤❤❤❤❤❤❤

❤❤❤❤❤❤

کہہ تو آپ ٹھیک رہی ہیں مگر گھر والوں سے صلاح مشورے کے بعد ہی میں اس کا جواب دے پاؤں. گی..

فرحانہ نے اپنی ساس کو دیکھا جس نے صبر کرنے کا اشارہ کیا اور پھر ان کی منتظر نظروں کو دیکھا

ارے بہن ہم کون سا ہتھیلی پر سرسوں جمار ہے ہیں آپ آرام سے تسلی کر کے جواب دیں یہ ہمارا ایڈریس ہے ہمارا گھر بھی آکر دیکھ لیں.. عورت نے مسکرا کر موبائل نمبر لیا اور باتیں کرنے لگی

ان کی باتوں کی آواز پر نگین بے آواز آنسو بہا رہی تھی

کتنا اسان ہوتا ہے پال پوس کر کسی اور کے حوالے کر دینا.. نگین کپ دھونے کے ساتھ ساتھ دکھ سے سوچ رہی تھی

عورتیں باتیں کرنے بعد اب اٹھنے کی تیاری کر رہی تھی فرحانہ نے انہیں عزت احترام سے رخصت کیا نگین نے خود کو سنبھالا

فرحانہ نگین سے پہلے پوچھ لینا.. شیلا اور فرزانہ کی طرح نارخصت کر دینا.. دادی نے سرگوشی کی مگر آواز نگین نے سن لی..امید کی ہلکی سی کرن نظر آنے لگی

امی میری نگین تو بہت سادی ہے اسے جو کہو کر دیتی ہے.. پھر اسے کیا مسئلہ ہو گا آپ خواہ مخواہ وہم کر رہی ہیں.. فرحانہ نے مان بھرے لہجے میں کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بیٹا بچیاں سمجھدار ہوتی جا رہی ہیں.. شیلا کا رونا یاد نہیں؟؟ وہ صرف تمہاری عزت کی خاطر خاموش تھی ورنہ بھاگنا اسے بھی آتا ہو گا.. فرحانہ زندگی انہوں نے گزارنی ہے.. اب تم ان پر اپنی مرضی نہیں ڈال سکتی.. دادی نے کڑے لہجے میں کہہ کر آئینہ دیکھایا

امی پلیز میں بھی پڑھی لکھی ماں ہوں اور اگر کاشف سے محبت کر لی تھی اس میں حرج ہی کیا تھا.. آپ طعنے مت دیا کریں آپکا کاشف اللہ اسے جنت نصیب کرے اسی نے بھاگنے کی راہ بتلائی تھی.. فرحانہ نے بھی دبے دبے غصے میں کہا اور اٹھ کر کمرے میں چلی گئ

نگین پریشان نے کچن کے کاموں میں مصروف ہو گئ جبکہ دادی نے پشیمانی سے بند کمرے کو دیکھا

❤❤❤❤❤

کہاں ہو؟؟ ابسام کا فون آیا ہوا تھا دوریہ زرا سائیڈ پر ہو گئ تھی

ہیسم کے گھر.. دوریہ نے پیچھے کھڑے ہیسم کو دیکھا

اوہو.. یار مجھے چائے کا من تھا اور تم گھر ہی نہیں.. ابسام نے دکھ سے کہا دوریہ مسکرانے لگی جبکہ ہیسم نے موبائل لے کر اپنے کان سے لگایا

ابے کمینے... یہاں آجا.. امی دوریہ کے لیے ڈنر کی تیاری کر رہی ہیں.. چائے میں بنادوں گا.. ہیسم نے شریر ہو کر دوریہ کے گال کو پکڑا حسن ٹی وی لاؤنج میں تھا جبکہ زرینہ دوریہ سے مل کر باتوں کے بعد اب کھانے کی تیاری کر رہی تھی دوریہ ٹیرس پر ہیسم کے ہمراہ گھر دیکھنے کے بہانے کھڑی تھی

اچھا اچھا بے غیرت تم دونوں نے بتایا بھی نہیں.. اور بات اتنی آگے تک پہنچ گئی.. ایسا ہے تو دوست.. ابسام نے جلالی انداز میں اسے کہا

تو آجا پھر کرتے ہیں بات... اور ہاں.. دوریہ کو چھوڑنے امی بھی ساتھ جائیں گی تو بھی چلنا دوریہ بتا رہی تھی اسکی بہن کے ہاتھ میں بڑا ٹیسٹ ہے اسی بہانے اس کی بہن بھی دیکھ لیں گے. ہیسم نے دوریہ کو چڑھاتے ہوئے کہا

ہیسم میں گلا دبا دوں گی تمہارا.. دوریہ نے اسکی گردن پکڑ کر کہا

اوئے مجھے پتہ ہے میں مل چکا ہوں یار ایسی چائے بناتی ہے قیامت.. ابسام نے موقع کا فائدہ اٹھایا

اچھا یار جلدی پہنچ دوریہ میری جان لے رہی ہے ہیسم نے کھانسنے کی ایکٹنگ کی

اوکے اوکے.. ابسام ہنستا فون بند کر گیا

ظالم ابھی سے اپنے ہونے والے شوہر کا یہ حشر کر رہی ہو.. ہیسم نے ارد گرد دیکھ کر اسے قریب کر کے سینے سے لگایا

تو کیا کروں؟؟. دوریہ نے ہاتھ اسکے سینے پر رکھ کر کہا سر اوپر تھا ہیسم اسکی نیلی آنکھوں میں ڈوب رہا تھا

پیار کرو.. مجھے پیار کرو.. ہیسم نے گنگنا کر کہا دوریہ کی ہنسی چھوٹ گئ

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آؤ میں اپنا کمرہ دیکھاتا ہوں.. ہیسم اسے تنہا گوشے کی جانب بہانے سے لے جانے کو گویا ہوا

نہیں... میں دیکھ چکی ہوں.. یاد ہے.. کہ نہیں.. دوریہ نے دور ہو کر کہا... ہیسم نے اسکا بازو واپس پکڑ کر قریب کیا اس کے ڈمپل کو چھوتا انگلی سے اس کے ہونٹ تک پہنچا پھر انگلی نیچے لے جانے لگا..

ہیسم..دوریہ کے گال ٹماٹر کی طرح سرخ ہوئے..تم جاؤنا...تنگ مت کرو..دوریہ نے رخ موڑلیا

اوکے ایک بار دلہن بن جاؤ..قسم سے پوری رات نہیں چھوڑوں گا..ہیسم دھمکی دیتا واپس ہوا

❤❤❤❤❤

ابسام پہنچا تو کھانا لگ چکا تھا..سلام کے فوراً بعد ٹیبل سے کرسی پر بیٹھا

سامی...بری بات ہاتھ کون دھوئے گا..حسن نے گھورا

اوہو..بھول گیا تھا اب دھولیتا ہوں..ابسام کہتا کچن سے ہاتھ دھو کر لوٹا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کھانے کے دوران ادھر ادھر کی باتیں ہوتی رہیں ہیسم بابا کی موجودگی کی وجہ سے کم کم جواب دے رہا تھا جبکہ دوریہ مکمل توجہ سے باتیں کر رہی تھی حسن کو دوریہ کی باتیں مسکرانے پر مجبور کر رہی تھی

آنٹی بہت مزے کا کھانا تھا..تھینکس..دوریہ نے مسکرا کر اٹھتے ہوئے کہا

نہیں بیٹا یہ تو تمہارا اپنا گھر ہے اب.. زرینہ نے سادہ لہجے میں کہا دل سے وہ اب دوریہ کے لیے تیار نہیں ہوئی تھی مگر کوشش کر رہی تھی

میں چائے بنا دیتا ہوں.. ہیسم نے مداخلت کی

نہیں بلکل نہیں اب ہم دوریہ کو چھوڑنے جائیں گے اسکی بہن بہت زبردست چائے بناتی ہے.. دیر مت کرو. ابسام نے ہاتھ اٹھا کر ہیسم کو روکا

یار شرم کر چائے کا نشئی بنتا جا رہا ہے.. اب ہیسم اپنی ٹون میں آیا

ہیسم ابسام بیٹا صحیح کہہ رہا ہے رات ہو چکی ہے اور دوریہ کے والدین پریشان ہو رہے ہونگے.. حسن نے سنجیدہ ہو کر کہا ہیسم نے مکمل تعبداری سے سر ہلایا زرینہ چونکہ پہلے سے تیار تھی سو ہیسم کار نکالنے باہر چلا گیا

ارے پیدل چلتے ہیں اتنا دور تو نہیں ہے واک بھی ہو جائے گی.. دوریہ نے دھیمی آواز میں ابسام کو کہا

نہیں نا امپریشن پڑے گا زرا دادی امی پر.. ابسام نے ہنس کر کہا دوریہ نے منہ بنا لیا

❤❤❤❤❤❤

نگین چھت پر بیٹھی تھی چھت پر بھی چھوٹا سا ٹیبل اور اس کے سیٹ جتنی کرسیاں پڑیں تھی جو کم ہی استعمال ہوا کرتی تھی اس وقت آسمان پر ستارے ناچ رہے تھے نگین اداسی سے ان کے رقص کو دیکھ رہی تھی اسے اتنی جلدی کی توقع نہیں تھی اپنی ماں سے اداسی کا ہالہ بکھرا دروازے کی دستک پر جیسے شاید فرحانہ کھول چکی تھی نیچے سے باتوں کی آوازیں شروع ہو گئ تھی دوریہ کی آواز بھی تھی نگین نے گہرا سانس لیا اب پھر اسے کولہو کے بیل کی طرح کچن میں جا کر کام کرنا تھا

ارے یہ میڈم ادھر ہے.. نگین کی پشت سے اس کا لطیف لہجہ ابھرا نگین بے یقینی سے مڑی ابسام دوریہ اور ان کے ہمراہ ایک اور اجنبی خوبرو سولڑ کا نگین جلدی سے کھڑی ہو گئ

نگین ابسام سر خاص چائے کے لیے آئے ہیں زرا زبردست سی بنا لینا بہت تعریف کرتے ہیں.. دو کپ بنانا دوریہ نے اسے مضطرب دیکھ کر کہا..

www.kitabnagri.com

تم دونوں بیٹھو میں زرا اسے آنٹی سے ملوالاتی ہوں. دوریہ کہتی اس کے ہمراہ نیچے اتری زرینہ نے اس کے سر پہ پیار کیا دوریہ اسے کچن میں لے آئ

کیا ہوا ہے؟؟ دوریہ نے اداسی کا سبب پوچھا..

بعد میں بتاؤں گی مہمان چلے جائیں.. نگین نظریں چرا کر چائے کی تیاری کرنے لگی

اچھا تم نے پوچھا نہیں یہ آنٹی کون ہے اور وہ پیارا سا لڑکا کون ہے؟؟ دوریہ نے اسے کہنی مار کر کہا

ہمم بتاؤ پھر یہ اجنبی لوگ کون ہیں.. نگین نے بے خیالی میں کہا

وہ لڑکا تمہارا جی جو ہے اور یہ خاتون میری ساسوماں... دوریہ نے شرما کر نظریں مٹکاتے ہوئے کہا نگین کی آنکھیں پھٹ کر رہ گئ اپنا دکھ بھک سے اڑ گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیا ہوا ایسے کیا دیکھ رہی ہو.. باقی بعد میں بتاؤں گی.. دوریہ کہتی اسے حیرت ذدہ کر کے چھت پر چلی گئی

❤❤❤❤❤❤❤

فرحانہ کمرے میں بیٹھی اپنی ساس کو دل ہی دل میں کوس رہی تھی جب دروازہ بجنے لگا پہلے تو نگین کا سوچ کر نہیں اٹھی مگر جب دروازہ دوبارہ بجا تو مجبوراً اٹھنا پڑا

دروازہ کھولا تو دوریہ ایک معتبر سی خاتون السام اور ایک اجنبی دلکش سے لڑکے کے ساتھ اندر داخل ہوئی

امی یہ کیپٹن ہیسم ہیں اور یہ ان کی والدہ.. آنٹی یہ میری امی ہیں اور دادی شاید سو گئی ہیں.. دوریہ نے تعارف کروایا زرینہ نے غور سے فرحانہ کا چہرہ دیکھا

امی یہ میرے مشن پاٹنر بھی تھے.. فرحانہ کے چہرے کے تاثرات نرم پڑے..

زرینہ نے بھی سلام کر کے بات شروع کی دوریہ نگین کو ڈھونڈتی اوپر چلی گئی

زرینہ نے بات شروع کی ہیسم اور دوریہ کے رشتے کے حوالے سے. زرینہ نے فرحانہ کا چہرہ حسن کی کتابوں میں پڑی تصویروں میں دیکھا ہوا تھا

نہیں آج کل کے بچے کہاں پوچھتے ہیں بڑوں سے بس چھپ چھپا کر منہ کالا کر دیتے ہیں..زرینہ نے پہلا جملہ ادا کیا فرحانہ کے ہاتھ ٹھنڈے پڑنے لگ ء

نہیں بہن تم نے غلط سوچا میری بیٹی تو بہت قابل اور عزت دار ہے..اسے کیا ضرورت چھپ کر کچھ کرنے کی.. فرحانہ نے سہم کر کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آپ بہت بھولی ہیں..دونوں میاں بیوی کی طرح رہتے ہیں..ہمارے غیر موجودگی میں آپ کی بیٹی میرے بیٹے کے ساتھ گلچھڑے اڑا رہی تھی..زرینہ کے ایک کے بعد ایک حملے فرحانہ نے خوف سے دوریہ کو چھت پر جاتا دیکھا

آپ جھوٹ بول رہی ہونگی..میری بیٹی کچھ غلط نہیں کر سکتی...فرحانہ نے احتجاج کیا

نہیں جس کی ماں بھاگ کر شادی کر سکتی ہے اسکی بیٹی تو کچھ بھی کر سکتی ہے.. زرینہ نے کھڑے ہو کر کہا

یہ کلک.. کیا.. کیا بکواس ہے.. فرحانہ کو اس کی بات پر کرنٹ لگا

اوہو مجھے معاف کیجئے گا.. وہ یہ سب غلطی سے کہہ دیا اصل میں یہ بات خود منہ سے نکل گئی یہ آپ کو نہیں کہنا تھا زرینہ ماتھے پر ہاتھ مار کر واپس بیٹھی فرحانہ کے ماتھے پر پسینے کی بوندیں صاف نظر آ رہی تھی

اچھا.. فرحانہ بھی خاموشی سے بیٹھ گئی نگین چائے کے لوازمات رکھ کر چلی گئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

❖❖❖❖❖❖

نگین چائے لے کر پہنچی تو ہیسم دور کھڑا فون پر بات کر رہا تھا دوریہ نے اپنا کپ اٹھا نگین نے ٹرے ابسام کی طرف کی تو اس نے بھی کپ اٹھا کر گرم گرم لبوں سے لگا کر چسکی تھی

ہائے... یہ ایسی چائے بناتی ہے دل کرتا ہے ہاتھ چوم لوں.. ابسام نے انجانے میں بے اختیار ہو کر کہا

نگین نے ٹرے رکھتے حیرت سے اسے دیکھا جبکہ دوریہ کا قہقہہ بلند ہوا ابسام نے بھی شرمندہ ہو کر نگین کو دیکھا دونوں کی نظریں ایک پل میں ملیں.. نگین کی چوری پکڑی گئی جبکہ ابسام کا راز بھی فاش ہو گیا دونوں کی بے چین نظریں جدا ہونا بھول گئیں ابسام نے کوشش بھی ترک کر دی اس کی نظروں کے سامنے گھٹنے ٹیک کر محبت کا حادثہ کر ڈالا نگین جلدی سے ٹرے رکھتی بھاگ کر نیچے اتری ابسام بھی ہوش میں آیا

ہیسم.. سنو تو یہ نگین کے ہاتھ چومنے کا ارادہ رکھتے ہیں.. دوریہ نے ہنس کر ہیسم کے ہاتھ سے فون لے کر بند کیا

کیا ہو گیا ہے.. ضروری کال ہے... کیوں کاٹ لی.ہیسم نے جھنجھلا کر کہا

ادھر تو آؤ.. دوریہ اسکا ہاتھ پکڑ کر لائی.. اور پھر دونوں نے ابسام کی صحیح کلاس لی جبکہ ابسام پھیکی سی مسکراہٹ سمت تھوڑی دیر پہلے ہونے والے حادثے کے بارے میں سوچ رہا تھا

❤❤❤❤❤❤

زرینہ نے پھر کچھ کہنے کے بجائے سادی گفتگو شروع کردی ہیسم اور ابسام بھی نیچے اترے تو زرینہ معذرت کرتی اٹھ کر جانے کی تیاری کرنے لگی فرحانہ نے دونوں کے سر پر ہاتھ رکھا ابسام کی نظریں اسے ڈھونڈنے لگیں جو اس وقت کہیں چھپی بیٹھی تھی جاتے سمے تک ابسام مجبور ہو کر دوریہ کی جانب ہوا ..

اسے کہنا مزاح کیا تھا. اس میں چھپنے کی کیا ضرورت ہے. ابسام کے لہجے میں شرارت نہیں تھی التجا تھی

دوریہ نے اسے عجیب نظروں سے دیکھا اور وہ چلے گ ۓ. ہیسم کے میٹھے اشارے کرتی آنکھیں بھی مڑ گئیں دروازہ بند کر دیا

❤❤❤❤❤❤

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

فرحانہ خاموش ہو چکی تھی گزری تلخیاں اس کا پیچھا شروع کر چکی تھیں کب صبح ہوئ فرحانہ بے خبر تھی بس اسے یاد تھا تو وہ دن

27سال پہلے ....

Posted on Kitab Nagri

تم اپنی ضد چھوڑ دو فری ماما نے کچھ سوچ کر ہی مجھے تمہارے حق میں بہتر سمجھا ہے.. مجھ میں کیا کمی ہے جو تم ایک بس ڈرائیور کی رٹ لگا کر بیٹھی ہو. حسن نکھر اسا اس کا ہاتھ پکڑے اپنے نام کی انگوٹھی کو دیکھ رہا تھا

حسن مت کرو میں کہہ بھی رہی ہوں یہ ضد نہیں محبت ہے اور تم سے زیادہ کاشف مجھے چاہتا ہے بس تم یہ بتاؤ تم میری مدد کرو گے گھر والوں کو منانے میں.. فرحانہ نے اس کا ہاتھ جھٹک کر پیچھے کیا

منگیتر ہو تم میری اور اس اجنبی سے تمہارا کوئی رشتہ نہیں پھر تم کیسے اس پر اتنا بھروسہ کر سکتی ہو میں نے بھی تو محبت کی ہے اسکا کیا؟؟ حسن نے رنجیدہ ہو کر کہا

اس کا کچھ نہیں... تم کسی اور سے کر لو شادی.. میں کاشف کو نہیں چھوڑنے والی فرحانہ کہہ کر اٹھ کر اندر چلی گئی حسن نے دور تک اسکی پشت دیکھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پھر وہ دن بھی آ گیا فرحانہ کی شادی کی تیاری شروع ہو گئی

حسن کی خوشی چھپائے نہیں چھپ رہی تھی حسن ائیر پورٹ مینجمینٹ میں کام کرتا تھا پیسہ پانی کی طرح بہا رہا تھا فرحانہ کی شاپنگ اس کا پالر سلیکشن سب ہائی فائی تھا جبکہ فرحانہ کچھ اور پلاننگ کر رہی تھی

کل شام مہندی تھی فرحانہ بیٹھی کپڑے دیکھ رہی تھی جب حسن کمرے میں آیا

فرحانہ نے حیرت سے اسے دیکھا تم یہاں کیا کر رہے ہو..لہجے میں تپش تھی

کل ہماری مہندی ہے ملاقات کی اجازت نہیں ہو گی تبھی سوچا تمہیں شادی سے پہلے غور سے دیکھ لوں کیونکہ بعد میں تم جلادی بیوی بن جاؤ گی میری. حسن نے شرارت سے اسکی ناک دبائی

حسن جاؤ یہاں سے ابھی. فرزانہ نے بگڑ کر کہا

ارے ابھی تو آیا ہوں.. حسن نے برا مانے بغیر اسے کے قریب ہو کر کہا

حسن. تم کیوں کر رہے ہو یہ سب. فرحانہ جلدی سے دور ہوئی اور تپش میں آ گئی

Posted on Kitab Nagri

یار صرف ساتھ بیٹھا ہوں اس میں کیا غلط ہے کل پرسوں ہمارا نکاح ہے پھر تو تم ہمیشہ میری ہو جاؤ گی.. حسن نے دکھ سے دیکھا

نہیں پلیز جاؤ مجھے الجھن ہوتی ہے تم سے.. فرحانہ نے تحقیر آمیز لہجے میں کہا حسن افسردہ ہو کر اٹھ کھڑا ہوا

اوکے ابھی چلتا ہوں مگر آؤ گی تو میرے ہی پاس.. حسن نے مسکرا کر کہا فرحانہ نے دل میں ہنس کر کہا بھول ہے تمہاری آج کاشف مجھے ہمیشہ کے لیے لے جائے گا..

❤❤❤❤❤

فرحانہ بھاگ چکی تھی مگر کسی کو یقین نہیں آ رہا تھا حسن کے تو جسم سے جان کھینچ لی تھی وہ اسے دیوانوں کی طرح ڈھونڈ رہا تھا رو رو کر آنکھوں سے پانی سوکھ چکا تھا حسن کے بڑے بھائیوں نے اسے بہت سمجھایا مگر وہ بلکل یقین نہیں کر رہا تھا جب تیسرے دن صفائی کے دوران کے ایک پرچہ ملا

مجھے مت ڈھونڈیئے گا میں حسن سے نہیں شادی کرنا چاہتی مجھے معاف کر دیں مگر اب میں کچھ نہیں کر سکتی..

فرحانہ....

حسن نے وہ تحریر اپنے پاس رکھ لی صبر تو نا آ سکا مگر زندہ لاش بن کر رہ گیا

حسن کی اپنی بھابھیوں کے طعنے اس پر سوا فرحانہ کے باپ کو دورہ پڑا وہ موقعے پر دم دے کر رخصت ہو لیے جبکہ بے غیرت بہن کے طعنے فرحانہ کی بھائیوں نے اکتا کر بیویوں کے کہنے پر فرحانہ کا دفاع کرتی ماں کو دھکے مار کر گھر سے نکال دیا

کیا اتنے سب کے بعد فرحانہ خوش رہ سکتی تھی؟؟

نہیں بلکل نہیں اس نے ایک پاکیزہ محبت کو رلایا ...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اپنے سائباں کو رسوا کیا ....

اپنی جنت کو ذلیل کروایا ...

ایسے لوگ کبھی کامیاب نہیں ہو سکتے.. سچی محبت وہ ہوتی ہے جو احترام کرنا سیکھا دے ..

جس سے کسی کا دل نا دکھے... جو بھاگ کر جاتے ہیں وہ محبت نے وقتی جذبے اور شیطانیت ہوتی ہے

خدارا لڑکیوں بھاگنے سے پہلے ان کے سفید بالوں کا مان رکھ لیا کرو جن کے بالوں کی سیاہی آپ کو پالنے میں گزر گئی

❤❤❤❤❤❤❤❤❤

ہیسم مشن ہے.. بھکاری بننا ہے.. سچی سوچا ہی ہے ساتھ مل کر مانگتی ہوں؟؟ دوریہ نے ہنس کر کہا

یار میں نے تمہارے کہنے سے پہلے میل کر دی ہے.. بھکاریوں کے مانگنے کے انداز بھی سیکھ چکا ہوں..ہیسم نے مزاحیہ انداز میں کہا

اچھا بڑے چالاک ہو تبھی پچھلے ہفتے سے بزی ہو ہر بار ہوں ہاں کر کے کال اوف کر دیتے ہو.. کوئی بتاؤ جو سب سے اچھا جملہ سیکھا ہے.. دوریہ نے دلچسپی سے پوچھا

نہیں تم اداس ہو جاؤ گی.. ہیسم نے سادہ لہجے میں کہہ کر خاموشی اختیار کی

پھر بھی ایسا کیا سیکھ لیا جو مجھے اداس کرے گا.. دوریہ نے مزے سے کہا

تیرے بچے جیئں باجی کچھ کھانے کو دے... اب کے ہیسم نے بری سی آواز نکال کر کہا اور ہنسنے لگا

ہیسم نہیں... دوریہ کے دل کو کچھ ہونے لگا آنسو آنکھوں کو بھگونے لگے ہیسم... ایسے مت کہنا.... دوریہ ہیسم کو بھکاری جملے بولتا نہیں دیکھ سکتی تھی تو اسے بھکاری بنتا کب برداشت کرتی

ارے آئی ایم سوری مجھے پتہ تھا تمہیں اداسی ہو گی مگر میں نے تمہارے کہنے پر ہی کہا ہے اگر پاس ہوتی تو سینے سے لگا کر پیار کرتا.. ہیسم نے پیار بھرے لہجے میں کہا

❤❤❤❤❤❤❤❤

✸✸✸✸✸✸✸

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

امی چلیں بھی..دوریہ بائیک کی پر بیٹھی مضطرب سی بار بار ہارن بجا رہی تھی فرحانہ پرس سنبھالتی باہر نکلی

ہم جا کہاں رہے ہیں..مجھے..بتاؤ بھی دو..فرحانہ بیٹھ کر اکسائٹڈ ہو کر مخاطب ہوئی

بتادوں گی.. چلیں تو..دوریہ نے اسٹارٹ کرتے ہوئے کہا

سرپرائیز ہے..دوریہ کی مدھم مسکراہٹ دوریہ تیز اسپیڈ سے ہیسم کے گھر تلک پہنچی

یہ کہاں آگ ئے..فرحانہ نے اترنا چاہا مگر گھر کسی اونچے رینک کے افسر کا تھا فرحانہ رک گئ

چلیں اندر..تو چلیں..دوریہ اس کے ہمراہ اندر جانے لگی زرینہ نے کچن سے ہی دونوں کو دیکھ لیا اس کے ہاتھ پاؤں پھول گ ئے

اسلام وعلیکم...دوریہ نے سلام کیا

وعلیکم سلام کیسی ہو دوریہ..زرینہ نے نارمل ہونے کی کوشش کی فرحانہ کو دیکھ کر اسے خوف آنے لگا

آپ دونوں یہاں بیٹھیں..زرینہ انہیں لے کر ڈرائنگ روم میں آ گئی

میں ٹھیک..ہیسم کہاں ہے..دوریہ نے مسکرا کر کہا

وہ کمرے میں ہے میں زرا آتی ہوں..زرینہ ان کو چھوڑ کر جلدی سے اپنے کمرے میں گھسی جہاں حسن کتاب بند کر کے اٹھنے کی تیاری کر رہا ہے..

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دوریہ بیٹی آئی ہے..حسن نے خوش ہو کر پوچھا زرینہ نے جلدی سے حسن کے ہاتھ پکڑے اور رونے لگی

حس.حس..حسن.مم.مم..میں..میں آپ سے..بہت پپ پیار کرتی ہوں...حسن.حسن پلیز آپ مجھ سے نن..نہیں کرتے محبت تو بھی ان ستائیس سالوں کا واسطہ باہر مت...جائیں...دو...دوریہ..دو.وہ فرحانہ کی

بب.. بیٹی ہے.. وہ.. آپ کو... مجھ سے چھیننے آئی ہے حسن... میں... آپ کے بغیر نن.. نہیں جی سکو گی حسن میں نا.. زرینہ کی اوپر نیچے ہوتی سانسیں حسن پر پہاڑ گرا حسن نے اپنے اصاب پر کنٹرول کرنے کی کوشش کرتا اسے چپ رہنا کا اشارہ کیا

چپ... زرینہ... تمہارا دماغ خراب ہے... مجھے شاک لگا.. دوریہ فرحانہ کی بیٹی ہے. وہ مجھے چھیننے آئی ہے.. زرینہ.. میں ایک جوان بیٹے کا باپ ہوں.. جب میں خود جوان تھا تب ہم نہیں مل سکے اب تو ممکن ہی نہیں اور جو میرے ساتھ ہوا میں وہ اپنے بیٹے کے ساتھ نہیں ہونے دوں گا... اب تم ہٹ جاؤ.. حسن نے اپنے ہاتھ پیچھے کی ئے

حسن مت جائیں.. زرینہ نے اپنی کی سی کوشش کی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

حسن رعب سے چلتا باہر نکلا تو فرحانہ دوریہ سے بات کر رہی تھی

انکل یہ میری امی ہیں.. میں نے سوچا شام کو مشن پر جانا ہے اس سے پہلے ملوا دیتی ہوں.. دوریہ نے کھڑے ہو کر سر ادب سے جھکایا حسن نے سر پر ہاتھ رکھا

حسن.....؟؟فرحانہ گھبرا کر اٹھ کھڑی ہوئی دوریہ نے مڑ کر حیرت سے دیکھا

آپ جانتی ہیں انہیں..دوریہ نے سوال کیا

بیٹا تمہاری ماما شاید ہماری کزن ہیں..حسن نے ٹھہرے لہجے میں کہا

اوریئلی..دوریہ نے خوش ہو کر کہا جبکہ فرحانہ کو سانپ سونگھ چکا تھا

دوریہ پیکنگ کرلی...ہیسم نکھرا نکھرا سیڑھیوں سے اترتا نیچے آیا کاندھے پر سفری بیگ تھا ٹی شرٹ کے بازو فولڈ کیے جیل سے اوپر کیے بال باریک سی داڑھی میں بہت دلکش لگ رہا تھا

نہیں..تو ابھی نہیں کی...دوریہ نے اسے مڑ کر کہا اور اسے واہ کے انداز میں آنکھ کا اشارہ کیا جسے مسکرا کر سر خم کر کے قبول کیا

آنٹی اسلام وعلیکم..ہیسم قریب ہو کر جھکا..فرحانہ توزلزلوں کے زد میں تھی ہاتھ کیسے رکھتی سرپر اسے خودسری کا تھپڑ پڑ چکا تھا

خود ہی شرمندہ ہو کر پیچھے ہو گیا..دوریہ چلو پھر جلدی کرو ایک گھنٹے میں نکلنا ہے..ہیسم دوریہ کی جانب مڑ کر کہا

اوہو ہیسم ابھی امی نے صحیح سے بات بھی نہیں کی..دوریہ نے منہ بنا دیا

ارے تو آنٹی یہیں رہیں نا آنٹی بڑوں سے باتیں کریں..ہیسم نے گھڑی اوپر کر کے دیکھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دوریہ بیٹا آپ جائیں آپ کو دیری ہو رہی ہے باقی آپ کی ماما کو میں اور زرینہ خود چھوڑ آئیں گے... حسن نے مداخلت کی تو دوریہ نے میٹھی نظروں سے حسن انکل کے پیار کو دیکھا

یہ ٹھیک کہا آپ نے بابا ہمیں..دیری ہو رہی ہے..چلیں پھر ملتے ہیں..ہیسم دوریہ کے ہمراہ نکل گیا

Posted on Kitab Nagri

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

samiyach02@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Page/Social Media Writers .Official

Fb/Pg/Kitab Nagri

samiyach02@gmail.com

whatsapp No : 0316-7070977

فرحانہ کی نظریں جھکی تھی شرم دکھ پیشانی کیا کچھ نہیں تھا اس وقت دونوں کے درمیان

زرینہ چائے بناؤ.. اور فرحانہ بیٹھو.. تم سناؤ کیسے گزرے بیتے سال.. حسن کا لہجہ نرم تھا مگر اندر موجود الاؤ جوار میں تھا

حسن مجھے جانا ہے.. میں کچھ نہیں کہنا چاہتی.. فرحانہ نے رخ موڑ کر کہا جبکہ زرینہ سہمتے ہوئے کچن کی جانب چلی گئی

فرحانہ کچھ نہیں ہو گا.. بیٹھ جاؤ آخر کو اب تم میرے بیٹے کی ہونے والی ساس ہو.. حسن نے سادہ طنز کیا

تمہیں غلط فہمی ہوئی ہے تمہارا بیٹا صرف میری بیٹی کا مشن پاٹنر ہے.. فرحانہ نے منمنا کر کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ تو تم بعد میں جان لو گی.. حسن صوفے پر بیٹھتے ہوئے بولا ساتھ فرحانہ کو بھی اشارہ کیا فرحانہ بے جان ہوتی ٹانگوں سے واپس بیٹھی

حسن... بہت کڑی زندگی گزاری ہے... واقعی تم سچے تھے فرحانہ کے آنسو بہنے لگے فرحانہ نے شروعات سے بتانا شروع کیا

رات گہری تھی باہر ہلکی پھلکی چہل پہل تھی کل چونکہ مہندی تھی گھر بھرا تھا دور پاس کے مہمانوں سے کپڑے بدل کر فرحانہ کمرے سے نکلی.. کاشف کی کال لگی تھی اسے میسج پر ریڈی لکھ کر بھیجنے کے بعد بیگ میں زیور نقدی پہلے سے بھری تھی شوز پہن کر لائیٹ سوئچ بورڈ کی جانب بڑھی ایک تار کاٹ کر پورے گھر کو اندھیرے میں ڈبا دیا فرحانہ بہت آرام سے دروازے سے نکل گئی کاشف پہلے سے تیار کھڑا تھا کسی سے ادھار موٹر سائیکل لے کر آیا تھا فرحانہ پھرتی سے اس کے پاس بیٹھی اور کاشف نے بائیک اسٹارٹ کر کے اسپیڈ بڑھا دی ابھی وہ شہر سے نکل نہیں سکتے تھے کاشف نے کہا تھا کہ وہ ابھی شہر سے نہیں نکلیں گے اگر کو پولیس نے اس کے گھر پہ ماں کو تنگ کیا تو اغوا کا کیس بنا کر اسے واپس چھوڑ آئے گا ایک کرائے کے نچلے سطح کے کمرے میں اسے لے کر آیا

فرحانہ یہ تو بہت کم ہیں... یہ تھا کاشف درمیانہ قد گندمی رنگت نیلی ساحر آنکھیں باتوں میں طلسم کی طاقت خوبصورت اتنا نہیں تھا بس عام سی شکل تھی مگر باتوں میں اس کا جواب نہیں ان باتوں میں ہی فرحانہ کا دل پھنس چکا تھا

www.kitabnagri.com

کاشف بس ابھی حسن کی فیملی نے یہی زیور بھیجا تھا رقم تو میری اپنی ہے باقی تو شادی پر بھیجتے نا.. فرحانہ نے اس کی ہوس سے کھلتے چہرے کو دیکھا

یار مہندی میں بھی کچھ نا کچھ مل جاتا مجھے کیا ضرورت تھی اتنی جلدی کرنے کی..کاشف نے خود کو کوسا

فرحانہ ایسا کرتے ہیں تم واپس جاؤ مہندی کا زیور باقی کی مانند نقدی بھی لے آؤ میں اور تم آرام سے زندگی گزار سکیں..کاشف نے اسے غصے سے کہا

کاشف میں نہیں جا سکتی میں تحریر چھوڑ آئی ہوں..فرحانہ روہانسی ہو گئی کاشف نارمل ہوا

میری جان..میں صرف ہمارے مستقبل کی وجہ سے پریشان ہوں..پرسوں چلیں گے دوسرے شہر کاشف نے تحمل کرنے کی کوشش کی پیشانی تو اسے تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کاشف کی لالچی فطرت تو فرحانہ نکاح کے فورا بعد دیکھ چکی تھی مگر دل ابھی بھی یقین کرنے سے قاصر تھا فرحانہ مسلسل رونے کے ساتھ کاشف کا ایکسیڈنٹ پھر محتاجی کی زندگی اپنی. محنت مزدوریاں بتاتی خاموش ہو گئ

حسن محبت کا بہت بڑا حساب چکا کر یہاں تک پہنچی ہوں. فرحانہ نے حسن کے بڑھے ہوئے ہاتھ سے رومال لیا رنجیدہ تو حسن بھی ہو چکا تھا مگر مرد روتے نہیں یہ سوچ کر سنبھال گیا

فرحانہ اسے تم محبت کہتی ہو؟؟؟ حسن نے اسے گہری نظروں سے دیکھا

محبت کا مطلب بھی پتہ ہے تمہیں.. محبت کا مطلب پانا ہی نہیں کھونا بھی ہوتا ہے جیسے قربانی دینا.. حسن نے چہرے ہاتھوں سے مسلا

پتہ ہے محبت تبھی محبت بنتی ہے جب ہم قربانی دینا جان سکیں اور تم نے ضد کی اگر تم سچی محبت کرتی نا... تو تم کبھی اپنے والدین کے چہروں پر کالک نہیں ملتی ...

تمہیں محبت کرنی نہیں آئی.. بس ایک شخص کو پانے کی ضد میں اپنے چاہنے والوں کو ان دیکھی دوزخ میں دھکیل کر تم چلی گئی.. حسن ٹھہر ٹھہر کر جملہ ادا کرنے لگا

مجھے دیکھ لو.. اپنی ماں کی خوشی کی خاطر زرینہ کو اپنا کر دل کی قربانی دی... اور بدلے میں اللہ نے مجھے ہیسم جیسا خوبرو بیٹا دیا... مگر اللہ نے انسان کو تھوڑی سی آزمائش دے کر جانچنا بھی تو ہوتا ہے.. یہ سوچ کر دل کو بہلا دیا

میری بیٹی ہے اپنی ماں کی طرح ہے بیٹا تم جیسا ہے پتہ نہیں کیوں مگر شاید کچھ لوگوں کو بھلا پانا آسان نہیں ہوتا.... حسن نے کہہ کر اسے دیکھا جو بے یقین نظروں سے اسے دیکھ رہی تھی

تم..اتنا سب ہو جانے کے بعد بھی..مجھے اتنی عزت دے رہے ہو...میں تو مجرم ہوں تمہاری...فرحانہ کی کرب سے دھنی سرمئی آنکھیں جھک گئی زرینہ چائے اور دیگر لوازمات کے ہمراہ پہنچی

اور پھر دوریہ کی شادی کا کب تک ارادہ ہے میں تو سوچ رہا ہو اس مشن کے فورا بعد باقاعدہ دھوم دھام سے دونوں کی شادی کر لیتے ہیں..حسن نے موضوع بدل کر خوشگوار لہجے میں کہا

حسن میری چار بیٹیاں ہیں دو کی شادی کر چکی ہو دو باقی ہیں..تم اب جہاں بہتر سمجھو ان کی شادی کر دو میں سمجھوں گی تم نے مجھے معاف کر دیا..فرحانہ نے چائے کا کپ حجل کے بعد اٹھا دیا

ماشااللہ..دوریہ کون سے نمبر پر ہے..حسن نے گھونٹ بھرا زرینہ بھی وہیں درمیان میں بیٹھ گئ

دوریہ آخری ہے اس سے بڑی نگین ابھی رہتی ہے..فرحانہ اب ہلکی پھلکی ہونے لگی تھی

اچھا تو پہلے نگین کا کچھ کرتے ہیں پھر دوریہ کا اگر میرا ایک بیٹا اور ہوتا تو نگین کو بھی میں ہی بہو بنا کر لے آتا..
حسن نے مسکرا کر کہا

فرحانہ کے لبوں پر بھی مسکراہٹ رینگنے لگی.. آئے ہیں رشتے نگین کے مگر سمجھ نہیں آرہی کس کو دوں.. فرحانہ نے چسکی لی

زرینہ خاموش تماشائی بنی بیٹھی تھی.. پھر ادھر ادھر کی باتیں شروع ہو گئیں

❤❤❤❤❤❤

ھیسم یہ نہیں.. پلیز نہیں اچھے لگ رہے.. دوریہ نے اس سے ریڈ ٹی شرٹ کھینچ کر اتاری ..

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

لڑکی شرم کرو کیوں میرے رومانس کو ہوا دے رہی ہو.. ھیسم نے شرٹ واپس لینی چاہی اس بار شرٹ کے ساتھ دوریہ فری میں پاس آئی

نہیں ہیسم ریڈ ٹی شرٹ وہ بھی اتنے گہرے گلے والی.. کل سے مشن ختم ہونے والا ہے اور تم لڑکیاں پٹانے کی مکمل تیاری کے ساتھ نکل رہے ہو.. ہوٹ سے بن کر... اگر اتنا ہی شوق ہے باڈی دیکھانے کا تو پہنو ہی مت.. دوریہ نے منہ بنایا

کوئی پٹتی ہی نہیں.. اتنا بھی پیارا نہیں.. تم جیسا بھوتنا سا ہوں.. ہیسم نے اس کے ہاتھ پکڑ کر اپنے مسلز پر رکھے دوریہ شرمانے لگی

تم شرماتی بھی ہو.. اوئے پہلے اتارو پھر شرماؤ.. واہ بھئی.. ادھر دیکھو.. ادھر ادھر... ہیسم نے اس کا چہرہ پکڑ کر اوپر کیا

www.kitabnagri.com

ہیسم.. دوریہ شرما کر اسی کے سینے سے لگ گئی.. اس کے برہنہ سینے میں چہرہ چھپا دیا ہیسم نے بھی اسے خود سے لگانے کو بانہوں کو اس کے گرد پھیلایا

آؤچ..... اوئے ظالم... پھر میری بوٹیاں نوچ لیں.. ہیسم اچھل کر پیچھے ہوا اب کی بار کافی زور سی چٹکی کاٹی تھی پہلے کے نشانات ابھی مندمل بھی نہیں ہوئے تھے سینے سے ننھی منھی خون کی بوند نکلنے لگی

دوریہ یہ والا پیار کب تک چلے گا سینے پر تیسرا حملہ ہے اب تو رومانس کرنے سے ڈر لگتا ہے... یار رحم کرو.. اس طرح کھاؤ گی مجھے تو پیارے کس سے کرو گی.. ہیسم نے بیچاری صورت بنا کر کہا

سوری ہیسم.. خود ہی ہو جاتا ہے میرا دل کرتا ہے تمہیں کھا جاؤں.. یہ میرا پیار ہے.. دوریہ نے شرما کر کہا

اوکے اوکے.. مطلب تیار رہوں؟؟ میں ایسے مزید حملوں کے لیے؟؟ ہیسم واپس ڈرتے ہوئے قریب آیا اور دوریہ کو پھر سینے سے لگایا

سوری.. دوریہ نے اسکے سینے پر لب رکھ کر چوما.. ہیسم اندر تک سرشار ہوا.. یہ والا ٹھیک ہے.. ہیسم نے اس کے چہرے کو چوم کر کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

****

ابسام تین مہینوں سے بہانے بہانے سے دوریہ کے گھر کے ارد گرد چکر کاٹ کر بنا دید کے واپس آجاتا گھر بات تو کر چکا تھا مگر ابھی پہلے ہانیہ کے والدین کو منع کرنا تھا جس کے لیے آج اس کی ماں گئی تھی ابسام گھر پہنچا کو ماں واپس آ گئی تھی

اماں جی کہاں سے ؟؟ ابسام سیدھا ماں کی طرف آیا

ہاں.. کہا کہہ رہے تھے ہانیہ کے دو اور رشتے بھی آئے ہیں تبھی جواب دینے میں وقت لگا کہہ رہے تھے ہانیہ گھومنے گئی تھی. اب اس سے پوچھ کر بتائیں گے.. میں نے کہہ دیا ابسام نے پسند کرلی ہے کوئی نگینہ.. شگینہ.. ابسام دیہاتی خاندان سے تھا دو بڑے شادی شدہ بھائی اور ایک بیوہ بہن اس کی کل کائنات تھے بہن کا شوہر بھی اسپائے تھا جس کا شوہر کسی گمنام ملک میں اپنی جان ملک کی حرمت پر قربان کر چکا تھا بہن کے ہاں دو بیٹے پہلے ہو چکے تھے ارسلان کی خواہش تھی اب کے ایک پیاری سی بیٹی ہو ملیحہ حمل میں ہی بیوہ ہو گئی ارسلان بیٹی کی خواہش دل میں لیے اس جہان کو الوداع کہہ گیا ملیحہ کی حالت نازک ہو گئی تھی ارسلان کے غم میں اپریشن سے بیٹی ہوئی اس دن سب کی آنکھیں نم تھیں ملیحہ تو ہواسوں میں ہی نہیں تھی بڑے بھائیوں نے ابسام کو سختی سے آئی ایس آئی چھوڑنے کا حکم دیا ابسام نے جسے رد کر دیا ملیحہ کچھ دنوں میں سنبھلی تو ارسلان کی آخری خواہش بیٹی کو سینے سے لگایا وہ ایک جانباز باپ کی بیٹی تھی ابسام نے پورے گھر کو اس مشکل اور دکھ کی گھڑی میں سنبھالا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اماں نگینہ نہیں.... نگین... ابسام نے منہ بگاڑ کر تصحیح کی

ہاں وہی.. نگین.. تو بیٹا کب جانا ہے.. مجھے بس اب تجھے رخصت کرنا ہے تاکہ میں آرام سے قبر میں سو سکوں..

ابسام کی ماں اموشنل ہو کر الٹا کہہ گئی

ملیحہ اپنی پانچ سال کی نور فاطمہ کے ہمراہ ہنستی ہوئی نکلی اماں..ابی..دلہن لائے گا..خود دلہن نہیں بن کر جائے گا..ملیحہ نے مشکل سے سمجھایا

ارے میں باؤلی ہو گئی ہوں عمر ہو گئی ہے نا میں سمجھی ابھی ایک ابسامی بیٹی رہتی ہے..اب کے ابسام کی ماں نے بھی مزاخ اڑایا

اماں جانا ہے یا بستی کرنی ہے..پہلے بتادو..ورنہ اگلے سال میں بوڑھا ہو جاؤ گا 28 سال کا ہونے والا ہوں کچھ سنجیدگی ہی نہیں ہے..ابسام نے ناراض ہو کر اٹھتے ہوئے کہا

اچھا کب لے کر جائے گا مجھے بڑھیا کو..ملیحہ اور نازو کو بھی لے چلوں گی..ابسام کی ماں نے اپنی بڑی بہو کو بھی شرف بخشا جو اپنا نام سن کر بھاگم بھاگ پہنچی

جی امی آپ نے بلایا..نازیہ نے مودبانہ انداز میں کہا جانتی تو وہ بھی تھی کہیں جانے کا ذکر چل رہا ہے

اماں ابھی چلیں جلدی کریں دس منٹ ہیں سب کے پاس جسے جسے جانا ہے گاڑی میں بیٹھ جائیں.. ابسام چابی اٹھا کر کہا. اچانک شور مچ گیا افرا تفری کا عالم بن گیا. نازیہ تو سب سے پہلے فراٹے سے اپنے کاکے عباس کو لے کر گاڑی میں بیٹھی نازیہ کی باقی پلٹون رونے کا کام شروع کر چکی ابسام کی ماں نے چلا کر کہا

اوئے جنم جلیوں آگے کی سیٹ پر میں بوڑی عورت بیٹھوں گئ.. ملیحہ نور فاطمہ کو سنبھالتی نازو کے ساتھ پیچھے بیٹھی

ظالموں میں کیڑا قصور کتیا اے منیو کنو کن خبر وی نہیں دتی... اندر سے لپ اسٹک لگاتی ابسام کی دوسری نمبر والی بھابھی نورین دو سال کے عبداللہ اور تین مہینے کی میرب کے ساتھ ڈوپٹہ سنبھالتی نکلی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اوئے سب بھاگ رہے ہو یہ بچوں کی فوج کو سنبھالے گا.. ابسام کا بڑا بھائی گاڑی بڑھتی دیکھ کر باہر نکلا

تایا ابو.. چاچو کے لیے بڑھی لانے جا رہے ہیں.. نورین نے دو سال کے چالاک بیٹے نے خوش ہو کر کہا گاڑی کچا کچ بھر چکی تھی ابسام شرمندہ سا کھڑا اندر بیٹھی مخلوق کو دیکھنے لگا

دیور جی.. جلدی کریں شام ہونے والی ہے گھر آ کر بچوں کو سلانا بھی ہے..نازیہ نے عباس کے بالوں میں ہاتھ مارا

ابسام چابی کے ہمراہ بیٹھا.. مجھے لگتا ہے نگین کی ماں یہ فوج دیکھ کرنا ہی نا کر دے ابسام نے مرے لہجے میں کہا

فکر نا کریں دیور جی ہم تینوں مل کر اچھے سے ہاں کروادیں گی۔. نورین نے اٹھلا کر کہا

پیچھے ابسام کی تھکے ہارے بھائی اپنا سر پیٹ کر رہ گئے تین باقی بچے نازیہ کے دو نورین اور دو ملیحہ کے اب پورا گھر سر پہ اٹھنے والا تھا

✸✸✸✸✸✸✸

گاڑی میں بچوں کی ضد پر گانے بھی لگ گے ابسام کی ماں نے بچوں کی طرح بٹنوں میں انگلیاں مار کر ڈ سکو لائٹ آن کر دی بچوں نے شور شروع کر دیا ابسام شرم سے پانی پانی تب ہوا جب گاڑی دوریہ کے گھر کے آگے رکی اور شور پر نگین بوکھلا کر اندر بھاگی بڑے آرام سے لان میں چائے پی رہی تھی زلزلہ سمجھ کر چیخیں مارتی اندر بھاگی کیونکہ اتنا شور سوسائٹی میں کبھی نہیں سنا تھا

انہیں لانا لازمی تھا کیا دو بچے نوریں کے ایک نازیہ اور ایک ملیحہ کا چاروں میں سے تین بچوں نے صحیح شور مچایا ہوا تھا ابسام نے مردہ قدموں سے ان کی طرف کا دروازہ کھولا تو جنگلی آذاد ہو گے زڑپ سے اندر بیٹھی مخلوق ان

کے لان میں پھیل گئ اب بزرگوں کا انتظار تھا ابسام کی ماں رعب سے چلتی ان کے بیچ سے گزر کر دروازے کی جانب آئ اور گھنٹی کی جانب ہاتھ کیا

اوئے ابی.. یہ بہت اونچی ہے ادھر آ..ماں نے مڑ کر دکھ سے دیکھا ابسام منہ بناتا گھنٹی بجا کر واپس چلا گیا اور گاڑی میں بیٹھ کر انتظار کرنے لگا دروازہ کھلا تو پوری آل گھر میں گھسی

اب ابسام کا امتحان شروع ہوا

✸✸✉✉✉✸

ہیسم یہ پھکی کل ایک بہت پہنچے ہوئے آدمی نے دی ہے ایک ایک مٹھی کل میں نے کھائ ہے ایک تمہارے لیئے رکھی ہے..ہیسم تھکا ہوا پسینہ پسینہ واپس آیا تو دوریہ کی فخریہ پیشکش تیار تھی ہیسم نے شرٹ کے بٹن کھولتے ہوئے مڑ کر اس کے چہرے پر پھوٹتی چمک دیکھی

کس چیز کی پھکی ادھر دکھاؤ..ہیسم نے اس کے ہاتھ میں سے پیکٹ پکڑ کر سونگھا اف یہ کیا غلاظت ہے..دوریہ یہ تم نے کھائ ہے؟؟ہیسم نے بے یقینی نے اس کی بدبو کی وجہ سے ناک بند کی

ہیسم ہیسم.. ہوش کرو.. یہ کام کرے گی.. اس بابے نے بہت مان نے کہا ہے.. تم کھاؤ تو.. دوریہ اس کے سامنے کھڑی ہو کر بابے کی کرامات گننے لگی

پہلے یہ بتاؤ یہ کس وجہ کے لی ئے ہے؟؟ ہیسم نے اسکا بازوں پکڑ کر کھینچ کر قریب کر کے اس کی آنکھوں میں جھانکا

ہمارے اندر کی کمی کو دور کرنے کے لی ئے... دوریہ نے امید بھری نگاہوں سے اس کی سرمئ آنکھوں میں دیکھا

تمہیں لگتا ہے یہ ٹوٹکے کے چکے ہمیں ٹھیک کریں گے؟؟ تم نے بنا پوچھے کھائ کیوں.. کیا میں تمہارے لی ئے کافی نہیں ابھی تو شادی بھی نہیں ہوئ اور تم نے ٹوٹکے شروع کر دیئے اتنی بھی کیا جلدی ہے.. ہیسم نے.. دکھ سے اس کا بازو چھوڑ کر پیکٹ کھول کر سانس بند کر کے منہ میں لیا دراز سے پانی کا گلاس اٹھا کر ریت جیسا مواد حلق سے اتارا

www.kitabnagri.com

ہیسم نہیں تم نے کیوں کھالیالازمی تو نہیں تھا.. سوری مجھے...بس کچھ ہو گیا تھا.. دوریہ افسردگی سے گویا ہوئی ہیسم کو متلی آنے لگی ہیسم بھاگتا واش روم کی جانب گیا دوریہ بھی نم ناک آنکھوں سے اس کی پیچھے گئی ہیسم واش بیسن پر جھکا کلیاں کر رہا تھا

دوریہ واش روم کے دروازے کی ساتھ دیوار سے لگ کر بیٹھ کر سسکنے لگی سر گھٹنوں میں دیئے ہاتھوں کو گرد باندھے

دوریہ کیا کر رہی ہو..ہیسم کی آنکھیں سرخ ہو رہی تھیں جب وہ واش روم سے باہر نکلا اٹھو نا تمہارے رونے سے مجھے تکلیف ہوتی ہے...اب جو چیز نصیب میں ہی نہیں وہ ہم کیسے حاصل کر لیں..ہیسم اس کے سامنے گھٹنوں کے بل بیٹھا اس کے ہاتھوں کو اپنے ہاتھوں میں لے کر مخاطب ہوا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہیسم مجھے معاف کر دو میں نے اپنی وجہ سے تمہیں بھی مجبور کیا یہ گند کھانے کو..میں..میں نارمل لائیف چاہتی ہوں..دوریہ نے اپنا سر گھٹنوں سے نہیں نکالا

دیکھو ایک جوک سناتا ہوں ہنس لینا..ہیسم نے ہلکے سے مسکرا کر کہا دوریہ نے سر اٹھا کر اسے دیکھا

ایک پٹھان تھا ہر وقت دعا کرتا یا اللہ مجھے اولاد دے دے.. ہر دعا میں یہی کہتا گڑ گڑا کر کہتا آخر اللہ کو رحم آ گیا اور ایک فرشتہ اس کی طرف آیا اور کہا

ماما پہلے شادی تو کر لے....ہیسم نے ہنستے ہوئے ختم کیا

بات کا مقصد یہ تھا کہ مجھے کچھ کرنے دیا نہیں پھکیاں پہلے کھلانے لگی..بچے آسمان سے تو نہیں آئیں گے میرا بھی کچھ رول ہو گا..ہیسم نے ڈھکے چھپے انداز میں اپنا مطالبہ رکھا

دوریہ نے نا سمجھی سے اسے دیکھا..ہیسم مم..مجھے نیند آ رہی ہے..دوریہ جلدی سے اٹھ کر بستر پر گری سمجھنے میں وقت نہیں لگا ہیسم بھی شریر مسکراہٹ کے ساتھ بستر پر بیٹھ کر اسے چھیڑنے لگا☀☀☀☀☀☀

نگین مہمانوں کی فوج دیکھ کر پہلے تو گھبرائی پھر اسے خاطر مدارت کا خیال آیا گھر میں دودھ تو تھا نہیں دادی مہمانوں کے بچوں سے بوکھلائی بوکھلائی سی تھی فرحانہ کے تو پسینے چھوٹ گئے چونکہ دوریہ اس گھر کا آخری بچا تھی تبھی انہیں عادت نا رہی بچوں کی نگین تو موقع غنیمت جان کر چادر اوڑھ کر دودھ لینے نکلی زیادہ دور نہیں تھا عام سا اسٹور وہ پہلے بھی اکیلی وہاں تک جا چکی تھی سو آج بھی اسی کے لیئے نکلی نگین نکلی تو سائڈ پر کار دیکھی تھوڑا مضطرب ہو کر کار کے آگے سے نکلی

www.kitabnagri.com

نگین...؟؟..کہاں جارہی ہو...ابسام نے کار میں سے آواز لگائی کہیں اسکی فیملی دیکھ کر بھاگ تو نہیں رہی نگین کے قدم شناسائی پر خود باخود رک گ ئے نگین نے پیچھے مڑ کر کار سے نکلتے ابسام کو دیکھا

وہ...وہ سامان لینے جارہی تھی آپ کب آئے دور یہ تو نہیں ہے اگر آپ نے چائے پینی ہے تو انتظار کریں پتہ نہیں کسی کے گھر کی فوج اندر زلزلہ لے کر آئی ہوئی ہے.. نگین نے اس کے آنے کا مقصد سمجھ کر کہا ابسام کو شرم آنے لگی اپنے گھر والوں کی حرکتوں پر

مجھے بتاؤ لے آتا ہوں.. کون آیا ہے گھر..ابسام نے انجان بن کر پوچھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہ تو پتہ نہیں مگر بہت ہی عجیب لوگ ہے پل میں مزاخ کرنے لگتے ہیں پل میں سنجیدہ ہو جاتے ہیں میری دادی کو بھی پریشان کر دیا اس فیملی نے.. نگین نے ماتھے پر ہاتھ رکھ کر کہا

ابسام اس کے ساتھ چلنے لگا ہمم مطلب تمہیں پسند نہیں آئے..ابسام نے دھیمی آواز میں کہا جبکہ نگین نے نا سمجھی سے مڑ کر اسے اپنے پہلو میں چلتے دیکھا

نہیں..بس کبھی اتنی بڑی فیملی سے میل جول نہیں رہا تھا تبھی..نگین نے بھی صفائی دی

سامان لینے تک خاموشی رہی واپسی پر ابسام اسے کن اکھیوں سے دیکھ رہا تھا

آپ لان میں بیٹھ جائیں میں چائے بنا کر لاتی ہوں..نگین کا انداز نپا تلا تھا نگین اندر چلی گئ

♥♥♥♥♥♥

حسن نے گرے شلوار سوٹ پہن رکھا تھا جبکہ زرینہ سادی سی پیلی قمیض شلوار پر اورینج ڈوپٹہ پہنے کھڑی تھی ہانیہ برا سا منہ بنائے ابسام کو خوش دیکھ کر جل رہی تھی ابسام بلیک واسکٹ کے ساتھ سفید شلوار سوٹ میں شونا مونا سا لگ رہا تھا مصروف کاموں میں سلیقے سے تیار ہوا ہاتھ میں بندھی گھڑی کو دیکھتا جبکہ ہیسم ابھی واش روم میں نہانے میں مصروف تھا ابسام فلیمی کے ساتھ ہیسم کی طرف آیا ہوا تھا بچوں نے گھر سر پہ اٹھایا ہوا تھا باقی دور قریب کے مہمان لان میں جمع تھے

اس سے زرا دور فرحانہ بلو رنگ کی شلوار قمیض پر ہلکے میک اپ میں نازک سی بالیاں کانوں میں سجائے دوریہ میڈم کا انتظار کر رہی تھی جو پالر سے غائب ہو کر گئ تھی دادی تو نگین کی نظر اتارنے میں مصروف تھی نگین نے

سفید نگوں والا برائیڈل فراک زیب تن کیا تھا جس کے ڈوپٹے پر گولڈن کناری لگی تھی مہارت سے کی ہئے میک اپ میں وہ بہت حسین لگ رہی تھی جبکہ دوریہ میڈم ایک گھنٹے سے غائب تھی کہاں تھی سب بے خبر

قریبا پون گھنٹے بعد دوریہ کومل اور ایک ہجڑے کے ساتھ سجی سنوری داخل ہوئی سفید گھیر دار فراک جس پر سادہ سی گوٹا کناری والا ڈوپٹہ تھا کھلے دو طرف سے آگے کی ہئے بال چھوٹی سی بندیا پر بھاری بھر کم وہی جھمکے جو مشن میں ہولی والے دن پہنے تھے ہلکا میک اپ چہرہ پر حیا کی لالی دوریہ کسی اور جہان کی شہزادی لگ رہی تھی تھوڑی دیر میں نکاح کی سادہ تقریب تھی کل سے مہندی کا فنگشن شروع ہونا تھا دوریہ کے تمام جاننے والے اس وقت ان کے گھر موجود تھے دونوں بہنیں شوہر اور بچوں کے ہمراہ گھر میں مہمانوں کو سنبھال رہی تھی

❤❤❤❤❤❤

نکاح ہیسم اور ابسام کے اکھٹے ہوئے مبارک باد وصولنے کے بعد پورا کنبا ہال کی جانب نکلا ہال ہیسم نے کروایا تھا کیونکہ اس وقت دو شادیاں اور تین خاندان تھے جگہ کم پڑ رہی تھی تبھی ہیسم کا مشورہ مانا سب نے ہیسم سفید شلوار سوٹ پر بلیک واسکٹ پہن کر بہت وجیہ لگ رہا تھا دونوں نے سیم ڈریسن کی تھی اسٹیج پر پہلے ابسام چونکہ بڑا وہ تھا اسلی ہئے اسکی دلہن کے ہمراہ بیٹھایا گیا پھر سب دوریہ میڈم کو ڈھونڈنے لگے ہمیشہ کی طرح لیٹ بھاگتی ہوئی ہال کے بیچ پہنی کومل نے چٹکی کاٹی تو قدم سلو کی ہئے ہیسم نے گھور کر دیکھا

اوئے پاگل لوگ دیکھ رہے ہیں ہیسم اسکے قریب ہوا اسکا بازو پکڑا اور اسٹیج پر پہنچا دونوں دلہنیں ساتھ جبکہ ابسام اپنی نگین کی طرف اور ہیسم دوریہ کی طرف بیٹھا تھا

❤❤❤❤❤❤

🕺🕺🕺🕺🕺🌙🌞

مہندی ہے رچنے والے ..

ہاتھوں پہ گہری لالی ..

ابسام کی کزنیں اور بڑھی بوڑھیاں اس کی والدہ کی بہنیں اس کی چاچیاں ان کی اولادیں اس وقت لان میں رش بنا کر بیٹھے ڈھولکی پر ہیسم اور ابسام کے لیے گیت گا رہی تھیں ابسام کو بیچ میں بیٹھایا ہوا تھا جبکہ ہیسم تو لڑکیوں سے کوسوں دور بھاگتا وہ اپنی گیلیری سے سن رہا تھا ہیسم نے گہرے سیاہی مائل سبز رنگ کا کرتا پہنا تھا اس پر پیلے رنگ کا گلے میں پٹا جو پیچھے سے ڈال کر کندھے پر ڈالا ہوا تھا بہت دلکش لگ رہا تھا جبکہ ابسام نے لیمن کلر کا کرتا اس پر ہیسم کی کرتے کے رنگ کا پٹا گلے میں ڈال رکھا مسکرا رہا تھا

جلدی کرو کڑیوں دلہنوں کو بھی لینے جانا ہے پہلے ہی دیری ہو رہی ہے.. ابسام کی ماں ہلکے دھانی رنگ کے شلوار سوٹ میں ڈوپٹہ پہنے تیار کھڑی گرج رہی تھی بچوں کی لائین تو پہلے سے تیار تھی شور غل شروع ہو گیا

بڈھے کی گاڑی میں میں بیٹھوں گا.. بچوں کی جنگ چھڑ گئی

اوئے ہم دونوں ایک گاڑی میں جائیں گے اور ہماری گاڑی میں امیاں ہوں گی.. ابسام نے گھور کر کہا اور پٹا گھما کر کاندھے پر ڈالتا اندر بڑھا چابیاں اٹھا کر باہر آیا

ہیسم اب آ بھی جا کیا دلہن بن کر بیٹھ گیا ہے اوپر.. ہیسم نے اتنے شور میں اوپر کی جانب ہو کر آواز دی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آتا ہوں کمینے.. ہیسم نے مکا بنا کر دیکھایا گاڑیاں بھرنے لگیں ہیسم زرینہ ہانیہ کو لے کر کار تلک آیا ہانیہ نے شرارہ پہنا تھا بال کھلے چھوڑے تھے اداسی چہرے پر چھائی تھی میک اپ بھی کیا تھا مگر خوش نہیں تھی اس سے ملتی جلتی حالت زرینہ کی تھی اور ابسام کی فیملی تو بھنگڑے ڈال رہی تھی بھابھیاں بھائی بہن ماں بابا سب خوش تھے

ابسام یار الگ الگ جاتے ہیں ورنہ فیملیاں منہ بنالیں گی.. ہیسم گاڑی میں بیٹھا کر ابسام کی طرف آیا

نہیں یار انکل تیری فیملی کے ساتھ ہیں اور میرے بابا میری فیملی کے ہم دونوں اکیلے رہیں گے آسانی ہو گی دلہا کو ڈھونڈنے میں.. ابسام کہتا اسے لے کر اپنی کار تک آیا حسن بھی شلوار سوٹ میں تیار ہیسم کی گاڑی کی طرف آیا چابی زرینہ سے لے کر ڈرائیور کرنے لگا گاڑیوں کی لمبی قطار دوریہ اور نگین کو لینے نکلی ایک گاڑی میں ایکو سسٹم تھا جس کے گانے پوری سوسائٹی میں گونج رہے تھے

گاڑیاں شور وغل کے ہمراہ گھر تک پہنچی مہمان اترے نہیں صرف بڑے بزرگ اترے دلہنوں کو لے کر ہال تک جانا تھا کیونکہ دوریہ کے گھر اتنے ڈھیر مہمانوں کی جگہ ممکن ہی نہیں تھی ان کے اپنے مہمان بھی بمشکل پورے آئے تھے

نگین پہلے سے مہمانوں کے درمیان نک سک سے تازہ پھولوں کا زیور پہنے شرمائی سی بیٹھی تھی ابسام اسے دیکھ کر بے قرار ہو گیا پیلا اور گولڈن کم گھیر والا شاٹ لہنگا تھا اس پر گرین شاٹ فراک تھا سر پر تینوں رنگ کا ملاپ ڈوپٹے میں چھلک رہا تھا

جبکہ دوریہ ابھی وہاں موجود نہیں تھی ہیسم نے نظروں کو دور تک کھوجنے بھجا مگر اپنی والی نہیں ملی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نگین کو پھولوں سہج کے سائے تلے گاڑی میں بیٹھایا گیا دوریہ کے مہمان بھی گاڑیوں میں بیٹھنے لگے ہیسم کا موبائل بجنے لگا

ہیلو.. دوریہ بے غم کہاں غائب ہو سب نکل رہے ہیں.. ہیسم نے پریشان ہو کر پیشانی مسلی

چھت پر ہوں.. ابسام کو چھوڑو اور اوپر آؤ.. دوریہ کی شرارتی آواز ابھری

کیا مطلب.. ہیسم.. چلنے لگا.. تم چھت پر کون سا اچار ڈال رہی ہو.. ہیسم ابسام کو چھوڑ کر رش کو چیر تا گھر میں گھسا

بیٹا چلونا.. دوریہ کی بہن اسے بیٹا کہہ رہی تھی اس نے سر خم کر کے پیار لیا

بہنا آپ اتنی بڑی نہیں میں آپ کا بیٹا کیسے ہو گیا.. ہیسم مسکراتا فرزانہ کو بھی مسکرانے پر مجبور کر گیا

ہیسم اسے کے چھوٹے بلونگڑوں کے ساتھ چھوڑ کر چھت پر پہنچا

دوریہ یہ کیا مزاخ ہے.. تم یہ کیا پہن کر کھڑی ہو.. مہندی ہے ہماری..ہیسم نے بدمزہ ہو کر اسے جینز شرٹ میں دیکھا

ایک ایجنٹ سے شادی کر رہے ہو.. مسٹر.. کپٹن..تو زرا ٹویسٹ بھی برداشت کرو.. دوریہ کرسی سے اٹھ کر اس تک آئی

میں سمجھا نہیں..ہیسم نے نا سمجھی سے گویا ہوا دوریہ مسکرانے لگی

ہم ان کے بعد میں جائیں گے.. میری بائیک پر.. دوریہ اسکا کرتا پکڑ کر کہا

دوریہ یہ کیسا بے کار ٹویسٹ ہے سب ہمارا انتظار کر رہے ہیں..ہاتھ پکڑ کر لیے جانے لگا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کون کون کر رہا ہے وہ دیکھو.. ہمارا انتظار نہیں کر رہا کوئی تو ہم اپنا انتظار کرواتے ہیں.. کومل.. کے ساتھ تین اور لڑکیاں تھی مگر وہ تھرڈ جینڈر سے تھی لاہور سے دوریہ کی شادی کے لیے آئی تھی دوریہ کو پیکٹ پکڑوایا

ایک گھنٹہ ہے تمہارے پاس ہم ہال پہنچ کر انتظام کر رہے ہیں تم سر کے ساتھ پہنچو.. کومل کہہ کر نکل گئی

تمہیں پتہ ہے کل بارات کا بھی سرپرائیز ہے.. دوریہ ہیسم کو حیران دیکھ کر گویا ہوئی اب چلو.. دوریہ اسے لے کر کمرے میں بند ہو گئی

******

ہال میں نگین کی رسموں کا سلسلہ تھوڑی دیر میں شروع ہونے والا تھا رش کافی تھا مگر سب ڈسپلین سے بیٹھے کھڑے ہوئے تھے کومل نے لائیٹس آف کروادیں میوزک بھی بند ہو گیا ہال میں لوگوں کا شور سا اٹھنے لگا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہ کیا ہو گیا ابسام نگین کے پاس سے اٹھ کر اسٹیج سے اترا موی والے کا رخ باہر کی جانب لگ گیا کیمرہ آن کیا تبھی چمچماتی بائیک جس پر لائیٹس لگا کر روشن کیا ہوا تھا دوریہ بیچ میں بنے راستے سے زوں... زوں کرتی آہستہ آہستہ داخل ہو رہی تھی پیچھے ہیسم گاگلز لگائے مسکرا رہا تھا مگر اندھیرا تھا ابھی

کومل نے فسکسنگ لائیٹ دوریہ کی بائیک پر ڈالی سب نے ہوٹنگ شروع کر دی سب موبائل کی چھوٹی چھوٹی روشنیاں آن کر کے ان پر فوکس ہوگ ئے دوریہ مسکراتی بائیک آگے لانے لگی جیسے جیسے آگے آرہی تھی پیچھے کی لائیٹس جلتی جارہی تھی اسٹیج تک پہنچ کر دوریہ بائیک روک کر اتری،ہیسم اسکا بازوں پکڑ کر اسٹیج تک لے گیا پوراہال روشن ہوگیا میوزک آن ہوا کومل اور باقی تین لڑکیاں گلاب کی پتیاں دونوں پر ڈالنے لگیں

دوریہ نے پنک بنارسی کی چھوٹی قمیض کے نیچے بہت سے بلو والی لیمن پٹیالا شلوار اس پر ایک چوٹی جس کے گرد پھول لپٹے تھے آگے کی ہوئی باقی ماتھے پر موتیاں کی پھولوں کا ٹیکا کانوں میں پھولوں کے آویزے ہاتھ خالی تھے کومل پلیٹ لے کر اسٹج پر ہیسم کی طرف ہوئی کیمرہ فوکس پھر دوریہ ہیسم پر ہوا،ہیسم نے گجرے اٹھا کر اسے کے نازک ہاتھوں پہنائے. اور اسے لے کر بیٹھنے لگا ابسام نے دل ہی دل میں ہیسم کی بے وفائی پر اسے لعنتیں دیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

رسمیں شروع ہوئیں ..

ماشااللہ دونوں جوڑیاں بہت کمال کی ہیں اللہ نظر بد سے بچائیں.. ابسام کی بھابھی نے ہاتھ پر پڑے نوٹ پر مہندی لگائی

نہیں بھابھی دونوں چھوریاں ہم تو ایویں ہی ہیں..ہیسم نے ہنس کر شرارت سے کہا

نہیں تم لوگ نا ہو تو چھوریا کیا کرتی..نازیہ نے مزاخ کیا اور جانے لگی

ویسے تو ہے بہت کمینہ..ابسام نے راستہ خالی دیکھ کر نگین کے عقب سے کہا لہجے میں دبا دبا بدلہ تھا

اوئے کیا مطلب میں نے کیا کیا..ہیسم نے دوریہ کے سائڈ سے منہ نکال کر کہا

تو نے میرے بغیر یہ سرپرائز پلان کیا اس لی ئے..بے وفا ہر جائ کہیں کے..ابسام نے دونوں بہنوں کا لحاظ کرتے ہوئے کہا

ایک منٹ مسٹر ابسام...یہ میرا پلان تھا ورنہ یہ مجھے بھی ایسے ہی مہمانوں کے پسینوں کے ہمراہ لانا چارہا تھا..دوریہ نے دخل اندازی کی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ویسے تم بھی کم شاطر چڑیل نہیں ہو.. ہو تو تم بھی لومڑی.. میں تمہارا کارتک تھا اور تم نے مجھے دھوکا دیا ایک پلان تک شیئر نہیں کیا... میں بھی اپنی والی کو ایسے اسٹائل سے لے آتا اسکا چھوٹا سا دل خوش ہو جاتا.. مطلبی کہیں کی.. ابسام.. جلا بھنا بیٹھا تھا دوریہ نے ناک سے مکھی اڑائی ہیسم تو اپنی منہ کو ہنسنے سے روکنے کی ناکام کوشش کر رہا تھا

اسہی نوک جوک کے ساتھ مہندی ختم ہوئی

❤❤❤❤❤

نگین سرخ لہنگے میں حسین سے بنی سنوری ابسام کے کمرے میں شرمائی سی بیٹھی تھی تھکن پورے وجود پر حاوی تھی مگر ابسام کا انتظار دل کے ہر گوشے سے بیٹھی کر رہی تھی باہر بچوں کی شور عورتوں کی باتوں کی آوازیں آ رہی تھی کمرہ سجا سنوارا سا تھا بیڈ کے بیچ میں وہ گود میں ہاتھ رکھے بیٹھی تھی تبھی قدموں کی آواز کے ساتھ دروازہ کھلا اور ابسام ڈیپ ریڈ شیروانی میں خوبرو سا رعب سے داخل ہوا نگین کی نظریں مزید جھک گئی دروازہ بند ہونے اور چٹخنی لگنے کی آواز آئی

کیسی ہو.. سلام پہلے ہال میں کر دیا تھا سوچا ڈاریکٹ پوچھ لوں.. ابسام شیروانی کے بٹن کھولتا بستر تک پہنچا جلدی سے شیروانی اتار کر صوفے پر پھینکی نیچے وائیٹ شرٹ تھی جو شیروانی کے ساتھ کی تھی

www.kitabnagri.com

ٹھیک... نگین سے بولا ہی نا گیا ابسام نے اسکا ہاتھ تھام لیا نگین شرم سے دہری ہونے لگی

بات سنو میں تمہارا ایک ڈریس شاپنگ بیگ میں ڈالتا ہوں تم زرا کھڑی ہو کر کھڑکی سے چھلانگ لگاؤ.. ابسام اپنی ہی رو میں کہتا واپس کھڑا ہوا اور الماری سے ایک پیکٹ نکال کر اس میں نگین کا سوٹ رکھنے لگا نگین ہونکوں کی طرح ابسام کو دیکھنے لگی

آپ نے کیا کہا؟ نگین نے تصیح کی خاطر دوبارہ پوچھا

ابسام نے مڑ کر اسکی حیران آنکھیں دیکھیں.. ارے.. تم یہی رہو میں جلدی سے چینج کر کے آتا ہوں.. ابسام اپنا ٹراوزر اور شرٹ لے کر واش روم میں گھس گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

چاچو کی بڈھی آگئی اوئے اب چاچو اپنے کو منہ بھی نہیں لگائے گا.. دادو کہہ رہی ہے اب وہ بڈھی کو پیسے دے گا نگین باہر سے آتی آوازیں سننے لگی ابسام نکلا تو چہرہ سرخ سا ہو رہا تھا

نگین تم رکو میں زرا آتا ہوں.. ابسام نکل کر باہر گیا

اب مجھے گھر میں سے کسی کی آواز آئ تو بہت برا کروں گا. سوتے کیوں نہیں ہو تم لوگ..ابسام کا غصیل لہجا آواز میں دبدبا تھا تبھی سکوت چھا گیا

دلا دیا نا چاچو کو غصہ..ابسام کی ماں نے سرگوشی کر کے نازیہ کے بڑے بیٹے کے کان کھینچے اب گھر میں مکمل چوں چڑپ ہو گیا تھا

ابسام واپس کمرے میں آیا نگین بھی ڈر کر لیٹ کر سونے لگی..ارے تم کیوں سو رہی ہو..ابسام نے کمرہ واپس لاک کیا

آپ نے..ہی..تت..تو کہا ابھی..نگین اٹھ کر بیٹھی اور سر جھکا دیا

تمہیں تو نہیں کہا اچھا اب اٹھو ابسام نے اسے اٹھنے کو کہا تو وہ جلدی سے کھڑی ہو گئ ابسام تیزی سے پیکٹ اٹھا کر ٹیرس پر گیا اور نیچے پھینک دیا پھر نگین کی طرف مڑا

بھروسا ہے مجھ پر؟؟ابسام نے پوچھا لہجے میں سوال تھا

جی.. نگین اتنا کہہ کر خاموش ہو گئ ابسام نے اسے سنبھلنے کا موقع دیئے بغیر بازوؤں میں اٹھالیا اور ٹیرس پر پہنچ کر اسے چپ رہنے کا اشارہ کیا نگین کی زبان تو پہلے ہی تالو سے لگ چکی تھی

اب چلانا مت..زرا آنکھیں بند کر دو..ابسام نے اسے سختی سے پکڑا اور چھلانگ لگا دی..نگین کا سانس بند ہو گیا دماغ سائیں سائیں کرنے لگا

❤❤❤❤❤❤

کمرہ تازہ مہکتے گلابوں اور چنبیلی کی خوشبوں سے سجا تھا معطر فضا دل ربا رہی تھی جب کمرے میں داخل ہوئی تھی پورا کمرہ روشنی کے فواروں سے نہا گیا ہر طرف سے گلاب کی پتیاں اس پر جان نچھاور کر رہی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دوریہ انتظار کرنے کی جگہ بچوں کی طرح کمرہ چیک کرنے لگی جب ہیسم داخل ہوا اور دروازے میں کھڑا ہو کر اسے دیکھنے لگا دوریہ نے بھی مڑ کر اسے دیکھا ہیسم نے اسے کی نگاہ پر دل پہ ہاتھ رکھا یہ وہی لہنگا پہنا تھا جو اس نے انڈیا میں دیکھ کر پسند کیا تھا یہ ابسام کی طرف سے شادی کا تحفہ تھا اس بیش قیمتی خوبصورت سے لہنگے میں غضب

اس کا حسن کسی کو بھی قتل کر سکتا تھا ہیسم نے دروازہ لاک کیا اور بے اختیار اسکے مقابل کھڑا ہوا، ہیسم ہاف وائیٹ شیر وانی میں شاہزادہ لگ رہا تھا خوبرو بے انتہاد لکش

کیا ہوا... دوریہ نے گھورا... ایسے کیا دیکھ رہے ہو..

قیامت... ادھر.. ادھر قامت برپا ہے.. اتنا سج کر جان لینی ہے یار.. قتل کرنے کے ارادے سے آئی ہو لگتا ہے.. ہیسم کہتا اسکا چہرہ ہاتھوں میں بھر کر گالوں کو چومنے لگا

قتل تو کرنا ہے مگر اتنی آسانی سے نہیں.. دوریہ نے مسکرا کر سر جھکایا

اچھا اب جلدی کرو پہلے ہی دیر ہو گئی ہے ہیسم نے شیر وانی اتار کر صوفے پر پھینکی

کہاں.. دوریہ نے کندھے اچکا کر پوچھا..

تم سے جتنا کہا ہے بے بی اتنا ہی کرو..بچے سوال نہیں کرتے..ہیسم واش روم میں گھس گیا

ہیسم یہ کیا بد تمیزی ہے تم کہنا کیا چاہ رہے ہو پہلے یہ تو کلیئر کرو..دوریہ نے منہ بنا کر کہا اور بستر پر بیٹھ کر اسکے جواب کا انتظار کرنے لگی ہیسم نکلا تو عام سی پینٹ شرٹ پہنے ہوئے تھا بال بکھیر کر نارمل کیا خود کو اور دوریہ کے پاس آیا

یار اٹھو بتاتا ہوں..تم بات ہی نہیں سنتی..ہیسم نے اسکا ہاتھ پکڑ کر لبوں سے لگایا دوریہ اٹھ کر کھڑی ہو گئ

ہاں بتاؤ..دوریہ نے ہاتھ پیچھے کیا تو ہیسم بھی کھڑا ہو گیا

ایڈوینچر ست نائیٹ منائیں گے..یہاں پہنچنا ہے دیکھتے ہیں پہلے کون پہنچے گا..ہیسم نے ایک کارڈ اسے دیا ہاں مگر یاد رہے..پہنچا ایسے ہی ہے..چیٹنگ نہیں کرنا..ہیسم کہتا اسے ٹیرس کی جانب اشارہ کرنے لگا

اوکے ڈن..دوریہ نے کارڈ سنبھال کر کہا اون...دوریہ نے خوش ہو کر کہا

ٹو..ہیسم نے جوش سے آگے بولا

تھری...دوریہ دوڑ کر ٹیرس سے نیچے کودی جبکہ ہیسم دھوکے سے دروازے سے نکلااور نیچے پہنچا

دونوں کی ریس تھی اب کون جیتنے والا تھاراستہ ایک جتنا بس ہیسم نے چھلانگ کی جگہ نارمل رستے سے جانا بہتر سمجھا

❤❤❤❤❤❤

ابسام گاڑی پر کودا نگین نے آنکھیں سختی سے میچ لیں اسے موت نظر آنے لگی مگر تب ہی کار اسٹارٹ ہوئی نگین نے آنکھیں تھوڑی سی کھولیں تو ابسام اسے گود میں ہی لیے ڈارئیو کررہا تھا رش ڈرائیور کرتا ایک عالیشان ہوٹل تک پہنچا جہاں اس نے گولڈن نائیٹ روم کنفرم کروایا ہوا تھا گاڑی پارک کر کے اسے لیے اترا نگین مچل کر اس کی بانہوں سے نکلی

کیا ہوا..اس وقت پارکنگ ایریا قدر سنسان تھا تبھی ابسام شوخ ہونے لگا

یہاں بہت سارے لوگ ہیں.. مجھے.. مجھے شرم آرہی ہے.. نگین نے سرخ گالوں کو چھپا کر کہا

ارے فکر مت کرو ہمارا اپنا روم ہو گا. تم ڈرو مت.. ابسام اس کے پیارے روپ کو دیکھ کر بے چین ہونے لگا تبھی جلدی سے اسکا بازو پکڑ کر ہوٹل میں داخل ہوا اور مطلوبہ فلور پر پہنچا جہاں ایک شاک اسکا انتظار کر رہا تھا اسکے روم کا دروازہ پہلے سے لاک تھا تبھی انہیں ہیسم آتا نظر آیا ابسام کا حیرت سے منہ کھلا رہ گیا

اوئے تو یہاں.. ابسام نے ہیسم کو دیکھ کر شاکڈ ہو کر کہا

ویسے یہ مجھے پوچھنا چاہئے.. تھا.. ہیسم نے روم کی دیکھا کر کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میرا دوریہ کا سارا پلان چاپٹ کرنے پہنچ گئے. پینڈو لوگ اب کھڑے کیا ہوا اپنے روم میں جاؤ.. ہیسم نے بگڑے تیوروں سے کہا

یار میرا روم آل ریڈی لاک ہے. اور پینڈو ہو گا تو اکیلا کیا کر رہا ہے تیری دوری کہاں ہے.. کہیں سچ میں دور تو نہیں ہو گئی.. ابسام نے مزاخ اڑایا تبھی روم کا دروازہ کھلا

ویسے بہت اعلی قسم کی فسادی عورت ہیں آپ..ابسام دوریہ نے نروٹھے لہجے میں کہہ کر تینوں پر بم گرایا میری برائیوں کے علاوہ بھی کچھ کر لیا کریں..دوریہ دروازے میں کھڑی ہو کر لڑاکا عورتوں کی طرح بولی

دوریہ... تم نا... بہت خبیث ہو... سچ میں..یہ بات میں دل سے کہہ رہا ہوں..ابسام نے دکھ سے کہا

شکریہ ہیسم چلیں..دوریہ نے ہیسم کو حیرت زدہ دیکھ کر کہا

یہ ہمارا روم نہیں ہے..ہیسم نے کہا

اوہو..سوری..میں تو بھول گئی تھی ابی چاچو کا ہے..دوریہ طنزیہ کہتی باہر نکلی اور ہیسم کے ہمراہ اپنے روم میں جانے لگی

ویسے منحوس بھی بہت ہو.. ابسام نے اسے مڑ کر گھورا دوریہ مسکرا کر اندر چلی گئی ابسام پیر پٹختا نگین کے ہمراہ اپنے روم میں داخل ہوا

❤❤❤❤❤❤

رات بہت حسین گزری پر لطیف پل ایک دوسرے کے ساتھ گزار کر دونوں جوڑیاں سو چکی تھیں اب صبح کا پر سکون ماحول چھانے لگا،ہیسم کی آنکھ تو ہمیشہ کی طرح وقت پر کھل گئی اسی طرح ابسام بھی جاگ چکا تھا

ہیسم بنا شرٹ کے شیشے کے آگے کھڑا خود کو دکھی نظروں سے دیکھ رہا تھا

ظالم ڈائین.. قسم سے تمہیں محبت کے م کا بھی نہیں پتہ.. ہیسم نے شیشے میں ہی دوریہ کو بیدار ہوتا دیکھ کر جل کر کہا

تم نے بھی تو کیا پیار میرا ابھی یہی پیار ہے.. دوریہ نے اسے شرٹ کی جانب متوجہ کیا.. ہیسم نے واپس شیشے میں دیکھنا شروع کر دیا

میں بہت نرمی سے پیار کرتا ہوں اور تم تو درندگی سے کرتی ہو یار.. میں انسان ہوں کھانے کی چیز نہیں..ہیسم اسکی جانب آیا اور دوریہ کو بازو سے پکڑ کر خود سے لگایا

دوریہ.. تم کچھ بھی کرو مجھے نوچ نوچ کر کھا بھی لو مجھے گلا نہیں..ہیسم نے اسے کی نرم وجود کو سمیٹ کر سینے میں دبایا

ہیسم.. کب تک یہاں بیٹھنے کا ارادہ ہے گھر والے انتظار کر رہے ہوں گے.. دوریہ نے پریشان ہو کر کہا میرے کپڑے منگوادو اب لہنگا پہن کر تو نہیں جاسکتی نا.. دوریہ نے اس کی ناک دبائی

ہیسم.. دوریہ نے گھور کر کہا..

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اوکے مزاخ کر رہا تھا،ہیسم نے ہاتھ کھڑے کر دی ئے

❤❤❤❤❤❤

ابسام نگین کے ماتھے کو چوم کر جاگا اب واش روم میں فریش ہو رہا تھا جب باہر نکلا تب بھی وہ سو رہی تھی ابسام اسکا انتظار کرنے لگا وقت تیزی سے گزر رہا تھا ابسام نے فون کھول کر چیک کرنا شروع کر دیا کافی دیر بعد بھی وہ ویسے ہی سو رہی تھی

نگین..اٹھو ہمیں واپس بھی جانا ہے..آخر ابسام نے اٹھانا شروع کر دیا

نگین..جلدی کرو..دیر ہو جائے گی ابسام اس پر جھکا اس کے ڈمپل سے چھیڑ چھاڑ کرنے لگا تو نگین نے آنکھیں کھول دیں..ابسام مسکرا کر اسے چوم کر پیچھے ہوا

اور کتنی دیر سونا ہے..ابسام نے اسکے گال پر ہاتھ رکھا

آپ نے سونے ہی نہیں دیا...نگین شرملیے انداز میں کہتی بیٹھ گئ

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اور اب آئندہ بھی ایسا ہی کروں گا..ابسام نے ڈرایا..

اسے محبت سے کندہ لہجے میں کہتا سینے ہونٹوں پر بوسہ دیا نگین نے آنکھیں میچ لیں زندگی بہت حسین ہو چکی تھی

✿✿✿✿✿✿

ابسام ہیسم بے چینی سے ہسپتال کے روم کے باہر کھڑے انتظار کر رہے تھے ابسام کی والدہ اسے تسلی دے رہی تھی جبکہ دوریہ دعائیں کر رہی تھی آج نگین کی ڈیلوری تھی دو جڑواں بچے تھے دونوں لڑکے یہ الٹرا ساؤنڈ سے پتہ چلا تھا ڈاکٹر باہر نکلی تو ابسام اس کی جانب ہوا

ڈاکٹر صاحبہ.. ابسام بے چین تھا پریشان تھا

مبارک ہو آپ کے بچے اور وائیف سیو ہیں ٹوینز ہوئے ہیں.. ڈاکٹر کہہ کر چلی گئی ابسام نے گہرا سانس لے کر خود کو اموشنل ہونے سے روکا ہیسم نے اسے گلے لگایا ابسام کی آنکھیں رب کے شکر میں نم ہونے لگیں

پاگل... یہ خوشی کا موقع ہے. ہیسم کا دل بھی بھرنے لگا دوریہ پیچھے کھڑی اپنے کٹتے وجود کو سنبھال رہی تھی اس نے خود کو پہلے سے اس طرح کی صورتحال کے لیے تیار کر رکھا تھا مگر پھر بھی اندر کی عورت رونے لگی دوریہ وہاں سے ابسام کی ماں کو مبارک باد دے کر چھپکے سے اپنے سیلاب دل کو خالی کرنے نکلی نگین کو روم شفٹ کر دیا گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تو جا کر مل آ میں آنٹی باہر انتظار کر رہے ہیں..ہیسم نے اسے الگ کیا اور کندھے پر ہاتھ رکھ کر اندر بھیجا ابسام خوشی سے کانپتے دل سے روم میں داخل ہوا تو نگین کے دونوں طرف خوبصورت سے نرم گرم وجود پڑے تھے نگین ہوش میں تھی ابسام اس تک پہنچا اور جھک کر اسے دیکھنے لگا

میں تمہیں نہیں بتا سکتا... آج میں کتنا خوش ہوں... نگین.. تم میرے زندگی ہو...اور تم نے ہی میری زندگی بنا دی یار.. ابسام نے اسکا ماتھا چوم کر چہرہ ہاتھوں میں پکڑا

ابسام یہ سب خوشیاں آپ کے دم سے ہیں..میری زندگی بھی آپ نے مکمل کر دی.. نگین نے نقاہت زدہ لہجے میں کہا

بچوں کو دیکھ کر اسے دوریہ اور ہیسم کا خیال آیا

نگین..ایک بات کہوں..ابسام نے دل میں آئے خیال کو زباں دینی چاہی

ہاں..کہیں نگین نے گردن موڑ کر اسے دیکھا

دیکھو ہم دو تو ایک ساتھ سنبھال نہیں پائیں گے کیوں نا ایک ہیسم والوں کو دے دیں جب انکا بچا ہو گا ہم واپس لے لیں گے.. ابسام نے ڈرتے ڈرتے کہا

ابسام.... آپ یہ کیسی باتیں کر رہے ہیں.. میں میں سنبھال لوں گی.. میں اپنا بچا کسی کو نہیں دوں گی.. نگین نے غم و غصے سے اس سے رخ موڑ لیا

نگین میں یہ ہمارے لیٔے کہہ رہا ہوں ابسام نے کوشش کی.. نگین کا آنسو گال پر پھلس کر گرا

نہیں.. ابسام پیدا کرنا آسان نہیں اور میں مشین نہیں ہوں.. یہ اللہ نے دیئے ہیں مجھے.. نگین نے دکھ سے کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اوکے سوری میں صرف پوچھ رہا تھا وہ کوئی غیر تو نہیں بہن ہے تمہاری ابسام نے ہار مان کر کہا

اللہ اسے اپنی اولاد دے بہن ہے مگر میں اپنا بچا تو نہیں دے سکتی... نگین نے کرب سے کہا

ابسام نے اپنے بیٹوں کو بہت احتیاط سے گلے لگا نگین نے آنکھیں موند لیں

❤❤❤❤❤

پانچ سال بعد ...

یہ کام نہیں کرنے دے گی... ابسام نے دوریہ کی غیر موجودگی میں کہا یہ تینوں ساتھ مشن پر تھے مگر دوریہ اپنی مرضی سے کام کر رہی تھی ہیسم نے آواز سلور کھنے کا اشارہ کیا

اس نے سن لیا جان لے لے گی... میری... ہیسم نے کمرے کا بند دروازہ دیکھ کر کہا

نہیں ہیسم ابسام کی پلٹون اسے مس کر رہی ہے.. تبھی مجھ پر الزام لگا کر بھاگنے کے چکر میں ہے.. دوریہ اندر سے لیپ ٹاپ لیے باہر نکلی

دوریہ یار اسے جانا ہے نا اس کا نیو بورن اس کا ویٹ کر رہا ہے تم ڈھیلے مت کرو..ہیسم نے اس سے ہاتھ سے لیپ ٹاپ لیا ہیسم صوفے پر دراز ہوا تھا جبکہ ابسام سنگل صوفے پر آلتی پالتی مارے بیٹھا خونخوار نظروں سے دوریہ کو دیکھ رہا تھا

یار ہر دو سال بعد تو ابسام مٹھائیاں بانٹ رہا ہوتا ہے..اب کی بار اگر رک جائے گا تو عذاب نہیں آ جائے گا..

دوریہ کا رینک بڑھ چکا تھا کام میں سنجیدگی آ گئی تھی ان پانچ سالوں میں

یار اب اس میں میرا کیا قصور اللہ جسے چاہے دے..ابسام خوشی میں کہتا دوریہ کے زخم ہرے کر گیا ہیسم نے جلدی سے دوریہ کا ہاتھ پکڑا مگر وہ وہاں اس کا ہاتھ جھٹک کر باہر چلی گئ

کیا ہوا کچھ غلط کہہ دیا؟؟ یار میں نے جنرلی کہا تھا.ابسام خود کو مجرم محسوس کرنے لگا

اس میں تیرا کوئی قصور نہیں یار..میں زرا اسے دیکھ لو اور تو یہ دیکھ یہ کام کل تک ہو جائے گا بس فائل پر دستخط لے آنا..تم بھلے واپس پاکستان چلے جانا...ہیسم صوفے پر سیدھا ہو کر بیٹھا سلیپر پہن کر اسے لیپ ٹاپ دے کر کورٹ پہن کر وہ بھی باہر نکلا

یہاں بہت سردی تھی وینس کا موسم ان دنوں سرد ہو چکا تھا ہیسم کے منہ سے دھوئیں نکل رہے تھے دوریہ کہاں تھی وہ جانتا تھا ہیسم چلتا نیلے پانی کو دیکھتا پل پر پہنچا جس پر دوریہ جھکی نیچے پانی میں چلتی چھوٹی کشتیاں دیکھ کر اداس سے کھڑی تھی

دوریہ کب تک چلے گا یہ.. سب.. ہیسم نے اسکے کاندھے کے گرد بازو پھیلا کر کہا وہاں موجود لوگ انہیں دیکھ کر چلے جا رہے تھے ہیسم اور دوریہ کے درمیان خاموشی چھا چکی تھی

ہیسم شاید ہمیشہ... کیونکہ قصور میرا نہیں تمہارا بھی نہیں... ہم دونوں بے کار ہیں.. دونوں نے نیچے پانی میں خود کو دیکھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دوریہ میں نے کہا تو ہے بس ایک سال اور انتظار کرو. پیسے جمع کر رہا ہوں... وہ پورے ہو جائیں تو سب ٹھیک ہو جائے گا.. ہیسم نے افسردہ مگر پر امید لہجے میں کہا

دوریہ نے مڑ کر سر اٹھا کر اسے دیکھا کیا تم شیور ہو؟؟ مجھے تو یہ سب بھونڈا مزاخ ہی لگ رہا ہے دوریہ نے خونی آنکھوں سے اسے دیکھا

دوریہ یہ سرجری بہت اہم ہے ہم دونوں کے لیئے... پلیز اچھا سوچو میں یہ سب ہمارے فیوچر کے لیئے کر رہا ہوں.. ہیسم نے اس کے ہاتھ تھام کر بوسہ دیا

تم بہت معصوم ہو ایک سال بعد بھی دیکھ لیں گے.. کچھ نہیں ہو گا.... ہیسم... ہم اسی طرح ترسے گے.. میری تو پوری زندگی سسک سسک کر گزری ہے.. ہر چیز حاصل کرنے کا سوچا وہی نا ملی.. ایک تمہارے علاوہ تم مل گئے.. شکر اللہ کا دوریہ کا آنسو ہیسم کی ہاتھ پہ گرا

ہیسم نے اسے دل سے لگا کر پیار کیا گزرے وقت کے حسین لمحے دہرانے لگا

جبکہ مشال جیل سے رہا ہو چکی تھی ہیسم کو واپس پانے کی تگ و دو شروع کر چکی ہانیہ واپس کرتوتوں پر آچکی تھی ابسام ہیسم اور دوریہ کا مکمل خیال رکھ رہا تھا

www.kitabnagri.com

ہیسم میرا ہی ہے اور میرا ہی رہے گا..مشال نے ہانیہ کو پر امید نظروں سے دیکھا

تم فکر مت کرو میرا ساتھ ہمیشہ تمہارے ساتھ ہے تم بس قدم بڑھاؤ..ہانیہ نے اس کے ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھا

❤❤❤❤

سرجری ہو چکی تھی دونوں سرجری سے پہلے ایک دوسرے سے بہت دیر تلک لپٹے آپنے جذبات پر قابو پاہ رہے تھے دونوں کے ایک ہی دن سرجری ہوئ انہیں واپس رومز میں شفٹ کر دیا گیا تھا

❤❤❤❤❤

پاکستان واپس پہنچے تو دونوں نارمل ہو چکے تھے زرینہ کا وہی لیا دیا رویہ جبکہ حسن کا ذیادہ وقت اب دوریہ سے باتوں میں گزرتا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہیسم..مجھے لگ رہا ہے..کچھ ہو گیا ہے..دوریہ نے پریشان ہو کر پرینگسی ٹیسٹ ٹیوب اسے دیکھائ

اومائے گاڈ دوریہ....ہیسم اچھل کر اس کے پاس آیا اسے گود میں اٹھا کر گھمانے لگا

ہم پیرنٹس بننے والے ہیں.. مجھے یقین نہیں آرہا.. ہیسم چیخ چیخ کر کہہ رہا تھا جس کی آواز نیچے موجود نفوس نے بھی سنی

ہیسم........ آئی لو یو.....۔ دوریہ کی آواز میں بھی جوش آیا

دوریہ ماما بنے جاؤ گی.... او... اٹس اٹس ڈریم .. it's dream ہیسم نے اسے خود میں بینچا

ہیسم یہ مجھے لاتیں مار رہا ہے... دوریہ نے ہیسم کے پیچھے کچن میں داخل ہو کر کہا

قسم کھاؤ یار بہت بہادر ہے... یہ کام تو اسکا باپ بھی نہیں کر سکا

زرینہ ٹی وی روم میں بیٹھی اگنور کر گئ

ہیسم کافی کپ میں دودھ ڈال کر مکس کر کے اس کی طرف آیا

یہ پکڑو ذرا سنوں بابا کی جان کیا کہہ رہا ہے

مار کھاؤ گے.. دوریہ نے ہنس کر کہا

اور ان کی خوبصورت ہنسی پر دشمنوں کا خون جل رہا تھا ہر کہانی کی طرح اس کا اختتام بھی ہنستا مسکراتا ہوا زندگی کبھی کہانی کی طرح رک نہیں جاتی یہ چلتی رہتی ہے سازشیں.. مخالفت بھی رہتی ہے

❤❤❤❤❤❤

ختم شدہ

Kitab Nagri

www.kitabnagri.com

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

Posted on Kitab Nagri

ابھی ای میل کریں۔

samiyach02@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Page/Social Media Writers .Official

Fb/Pg/Kitab Nagri

samiyach02@gmail.com

whatsapp No : 0316-7070977

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com